تفہیمُ السُّنَّة 9

کتابُ الصیام



# روزوں کے مسائل

محمد اقبال کیلانی

حدیث پبلیکیشنز
2- شیش محل روڈ
لاہور پاکستان

www.sirat-e-mustaqeem.com

## یا اللہ العالمین !

تیرا ایک عاجز اور خطا کار بندہ

اپنے والدین محترمین، اعزہ و اقارب

اور مخلص احباب کی طرف سے یہ نذرانہ عقیدت

تیرے حضور اس امید پر پیش کرتا ہے کہ ہر مسلمان کی زبان

قَالَ اللّٰہُ وَ قَالَ الرَّسُوْلُ صلی اللہ علیہ وسلم

کے نغمہ دل گداز سے آشنا ہو جائے

"گر قبول افتد زہے عز و شرف"

مؤلف

www.sirat-e-mustaqeem.com

9

تفہیم السنۃ

کتاب الصیام

# روزوں کے مسائل

محمد اقبال کیلانی

حدیث پبلیکیشنز
2۔شیش محل روڈ۔لاہور
فون : 7232808

www.sirat-e-mustaqeem.com

جملہ حقوق بحق مؤلف محفوظ ہیں


| | | |
|---|---|---|
| نام کتاب | : | روزوں کے مسائل |
| مؤلف | : | محمد اقبال کیلانی بن مولانا حافظ محمد ادریس کیلانی رحمہ اللہ |
| اہتمام | : | خالد محمود کیلانی |
| طابع | : | ریاض احمد کیلانی |
| کمپوزنگ | : | ہارون الرشید کیلانی |
| ناشر | : | حدیث پبلیکیشنز |
| قیمت | : | 60 روپے |

ملنے کا پتہ

منیجر حدیث پبلیکیشنز

2- شیش محل روڈ ◉ لاہور ◉ پاکستان

☎ 042-7232808 - 0300-4903927

سندھ میں "تفہیم السنہ" کی کتب کے لئے

احمد علی عباسی، F-1058 گاڑی کھاتہ، النجیب مارکیٹ، حیدرآباد، سندھ

www.sirat-e-mustaqeem.com

# فہرست



| نمبر شمار | اَسْمَاءُ الْاَبْوَاب | نام ابواب | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|
| 1 | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | بسم اللہ الرحمٰن الرحیم | 8 |
| 2 | فَرْضِيَّةُ الصِّيَامِ | روزے کی فرضیت | 15 |
| 3 | فَضْلُ الصَّوْمِ | روزے کی فضیلت | 17 |
| 4 | أَهَمِيَّةُ الصَّوْمِ | روزے کی اہمیت | 22 |
| 5 | اَلصَّوْمِ فِيْ ضَوْءِ الْقُرْآنِ | روزہ قرآن مجید کی روشنی میں | 25 |
| 6 | رُؤْيَةُ الْهِلَالِ | چاند دیکھنے کے مسائل | 28 |
| 7 | اَلنِّــــــيَّةُ | نیت کے مسائل | 32 |
| 8 | اَلسُّحُوْرُ وَالْإِفْطَارُ | سحری اور افطاری کے مسائل | 34 |
| 9 | صَلاةُ التَّرَاوِيْحِ | نماز تراویح کے مسائل | 38 |
| 10 | رُخْصَةُ الصَّوْمِ | روزے کی رخصت کے مسائل | 46 |
| 11 | صِيَامُ الْقَضَاءِ | قضاء روزوں کے مسائل | 50 |
| 12 | اَلْحَالاتُ الَّتِيْ لَا يُكْرِهُ فِيْهَا الصَّوْمُ | وہ امور جن سے روزہ مکروہ ہوتا ہے | 53 |
| 13 | اَلْاَشْيَاءُ الَّتِيْ لَا يَجُوْزُ فِعْلُهَا مِنَ الصَّائِمِ | وہ امور جو روزے کی حالت میں ناجائز ہیں | 57 |
| 14 | اَلْاَشْيَاءُ الَّتِيْ تُفْسِدُ الصَّوْمَ | روزے کو فاسد کرنے یا توڑنے والے امور | 60 |
| 15 | صِيَامُ التَّطَوُّعِ | نفلی روزے | 63 |
| 16 | اَلصِّيَامُ الْمَمْنُوْعُ وَالْمَكْرُوْهُ | ممنوع اور مکروہ روزے | 68 |

www.sirat-e-mustaqeem.com



| نمبر شمار | الاسماء الابواب | نام ابواب | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|
| 17 | أَلْاِعْتِكَافُ | اعتکاف کے مسائل | 73 |
| 18 | فَضْلُ لَيْلَةِ الْقَدْرِ | لیلۃ القدر کی فضیلت اور اس کے مسائل | 76 |
| 19 | صَدَقَةُ الْفِطْرِ | صدقۂ فطر کے مسائل | 80 |
| 20 | صَلاةُ الْعِيْدَيْنِ | نماز عیدین کے مسائل | 83 |
| 21 | أَلْاَضْحِيَةُ | قربانی کے مسائل | 92 |
| 22 | أَلْاَحَادِيْثُ الضَّعِيْفَةُ وَالْمَوْضُوْعَةُ فِي الصَّوْمِ | روزوں کے بارے میں ضعیف اور موضوع احادیث | 100 |

www.sirat-e-mustaqeem.com

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

# مَنْ اَطَاعَنِیْ

# دَخَلَ الْجَنَّۃَ

(رواہ البخاری)

❀ ❀ ❀

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا :

## "جس نے میری اطاعت کی

## وہ جنت میں داخل ہوگا۔"

(اسے بخاری نے روایت کیا ہے)

www.sirat-e-mustaqeem.com





اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ وَالْعَاقِبَۃُ لِلْمُتَّقِیْنَ ، اَمَّا بَعْدُ !

ماہِ صیام نزول قرآن کا مہینہ، اللہ تعالیٰ کی خاص رحمتوں اور برکتوں کا مہینہ، صبر کا مہینہ، فراخی رزق کا مہینہ، ایک دوسرے سے خیر خواہی کا مہینہ، جنت میں داخل ہونے اور جہنم سے آزادی حاصل کرنے کا مہینہ، ماہ صیام ساری دنیا کے مسلمانوں کے لئے ذکر وفکر، تسبیح وتہلیل، تلاوت ونوافل، صدقہ وخیرات گویا ہر قسم کی عبادت کا ایک عالمی موسم بہار، جس سے دنیا کا ہر مسلمان اپنے اپنے ایمان اور تقویٰ کے مطابق حصہ پا کر دل کو سکون اور آنکھوں کو ٹھنڈک مہیا کرتا ہے۔ عبادت کے اس عالمی موسم بہار کا جسے ٹھیک ٹھیک نظارہ کرنا ہو وہ اس ماہ مقدس کے بابرکت لیل ونہار میں عز وشرف والے گھر بیت اللہ شریف میں جا کے دیکھے، جہاں دن کے اوقات میں ذکر وفکر کی محفلیں، تلاوت قرآن کی مجالس، احکام ومسائل کے حلقے، طواف کرنے والوں کا ہجومِ عاشقاں اور رات کے اوقات میں قیام اللیل کے رُوح افزا اور ایمان پرور مناظر کس طرح گنہگار سے گنہگار انسان کے دل میں بھی شوق عبادت پیدا کر دیتے ہیں۔ رمضان المبارک کے آخری عشرے (21 سے 30 رمضان تک) میں نیاز مندان راہِ وفا کی حرم شریف میں حاضری سے رونقیں وہ چند ہو جاتی ہیں۔ ذرا تصور کیجئے مطاف (بیت اللہ شریف کے گرد طواف کرنے کی جگہ) کا مختصر سا

www.sirat-e-mustaqeem.com



جگہ) کا مختصر سا حصہ چھوڑ کر باقی سارا مطاف، مسجد الحرام کے تمام وسیع وعریض برآمدے، پہلی منزل اور اس کے اوپر چھت، تمام جگہیں کھچا کھچ بھری ہوئی ہیں، کہیں بھی تل دھرنے کو جگہ نہیں، نیم شب کے پُر سکون اور خاموش لمحے، سامنے سیاہ ریشمی غلاف میں ڈھکی ہوئی بیت اللہ کی بلند وبالا، پُر شکوہ عمارت، اوپر کھلا آسمان اور فضاء کی بیکراں وسعتیں، آسمان دنیا پر اللہ رب العالمین کے جلوہ فرما ہونے کا تصور، انوار و تجلیات کے اس روح پرور ماحول میں امام حرم تلاوت قران پاک کرتے ہیں تو یوں لگتا ہے کہ جیسے قرآن ابھی ابھی نازل ہورہا ہے۔ امام کعبہ کی پُر سوز اور پُر درد آواز گونجتی ہے، تو یوں لگتا ہے جیسے فضا کو چیرتی ہوئی سیدھی عرش الٰہی پر دستک دے رہی ہے۔

﴿ رَبَّنَا وَ لَا تَحۡمِلۡ عَلَيۡنَآ اِصۡرًا كَمَا حَمَلۡتَهٗ عَلَى الَّذِيۡنَ مِنۡ قَبۡلِنَا ج رَبَّنَا وَ لَا تُحَمِّلۡنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ ج وَاعۡفُ عَنَّا وقفة وَاغۡفِرۡ لَنَا وقفة وَارۡحَمۡنَا وقفة اَنۡتَ مَوۡلٰٮنَا فَانۡصُرۡنَا عَلَى الۡقَوۡمِ الۡكٰفِرِيۡنَ ۝﴾

''اے ہمارے رب! ہم پر وہ بوجھ نہ ڈال جس کو اٹھانے کی ہمارے اندر طاقت نہیں، ہمارے گناہ معاف فرما، ہم سے درگزر کر، ہم پر رحم فرما، تو ہی ہمارا آقا ہے کافروں کے مقابلے میں ہماری مدد فرما۔

﴿ رَبَّنَا وَ اٰتِنَا مَا وَعَدۡتَّنَا عَلٰى رُسُلِكَ وَ لَا تُخۡزِنَا يَوۡمَ الۡقِيٰمَةِ اِنَّكَ لَا تُخۡلِفُ الۡمِيۡعَادَ ﴾

''اے ہمارے رب! اپنے رسولوں کے ذریعے، جن انعامات کا تو نے ہم سے وعدہ کیا ہے ہمیں وہ انعامات عطا فرما اور قیامت کے روز ہمیں رُسوا نہ کر، بلاشبہ تو اپنے وعدے کی خلاف ورزی نہیں کرتا۔''

((اَللّٰهُمَّ اقۡسِمۡ لَنَا مِنۡ خَشۡيَتِكَ مَا تَحُوۡلُ بِهٖ بَيۡنَنَا وَ بَيۡنَ مَعَاصِيۡكَ))

''یا اللہ! تو ہمیں اپنی طرف سے اتنا ڈر عطا فرما جس سے تو ہمارے اور گناہوں کے درمیان حائل ہو جائے......''

ختم قرآن کے موقع پر خصوصی دعاؤں کے لئے امام حرم جب اللہ کے حضور ہاتھ پھیلا کر کھڑے

www.sirat-e-mustaqeem.com



ہوتے ہیں، تو سارا حرم آہوں اور سسکیوں میں ڈوب جاتا ہے۔ امام حرم کی خضوع وخشوع سے پُر آنسوؤں میں بھیگی ہوئی آواز رک رک کر سنائی دیتی ہے۔

((اَللّٰھُمَّ رَبَّنَا لَا تَرُدَّنَا خَائِبِیْنَ))

''اے اللہ! ہمارے پروردگار ہمیں ناکام ونامراد واپس نہ لوٹا۔

پھر اسی عالم بے خودی میں اپنے لئے اور اپنے اہل وعیال کے لئے دعائیں، مسلمانان عالم کے لئے دعائیں، مجاہدین کے لئے دعائیں، مسلم ممالک کے سربراہوں کے لئے دعائیں، مسلم نوجوانوں کے لئے دعائیں، اسلام کی سربلندی کے لئے دعائیں، زندہ وفوت شدہ تمام مسلمانوں کی مغفرت اور بخشش کی دعائیں مانگی جاتی ہیں۔ جی چاہتا ہے کاش! یہ انمول گھڑیاں اور مبارک لمحے طویل تر ہو جائیں۔ یہ لمحے جو گنج گرانمایہ اور سرمایہ حیات ہیں کون جانے کس خوش نصیب کو دوبارہ میسر آئیں۔ دل گواہی دیتا ہے کہ اللہ کریم کی رحمٰن اور رحیم ذات اپنے عاجز محتاج اور درماندہ حال بندوں کو بڑی محبت اور فضل وکرم کی نظروں سے دیکھ رہی ہے۔ خالق ومخلوق میں کوئی پردہ حائل نہیں اور خالق اپنی مخلوق کے پھیلائے ہوئے دامن اور اٹھائے ہوئے ہاتھوں کو کبھی بھی خالی واپس نہیں لوٹائے گا۔ عبادت اور ریاضت کا یہ ذوق وشوق اور ایمان و ایقان کی یہ کیفیتیں عبادت کے اسی موسم بہار سے تعلق رکھتی ہیں۔

عبادت کے اس سارے اہتمام کی غرض وغایت اور مقصد کیا ہے؟ اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں خود اس کی وضاحت فرمادی ہے ''اے لوگو، جو ایمان لائے ہو! تم پر روزے اسی طرح فرض کئے گئے ہیں جس طرح تم سے پہلی امتوں پر فرض کئے گئے تھے تاکہ تم متقی (گناہوں سے بچنے والے) بنو۔'' (183:2) رسول اکرم ﷺ نے بھی روزے کا مقصد بیان کرتے ہوئے فرمایا ہے۔ ''روزہ گناہوں سے بچنے کے لئے ڈھال ہے، روزہ دار فحش باتیں اور کوئی بیہودہ کام نہ کرے، اگر کوئی شخص گالی گلوچ اور لڑائی جھگڑے پر اتر آئے تو صرف اتنا کہہ دے میں روزے سے ہوں۔'' (بخاری) بلاشبہ نیکی کرنا بڑے اجر وثواب کا باعث ہے، لیکن نیکی کرنے کے ساتھ ساتھ برائی سے بچنا اس سے بھی زیادہ اہم معلوم ہوتا ہے جس کی وضاحت

www.sirat-e-mustaqeem.com



مسلم شریف کی اس حدیث سے ہوتی ہے۔جس میں رسول اکرم ﷺ نے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے دریافت فرمایا "جانتے ہو مفلس کون ہے؟" صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا "جس کے پاس درہم و دینار نہ ہوں، وہ مفلس ہوتا ہے۔" آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا "میری امت کا مفلس وہ ہے جو قیامت کے روز نماز، روزہ اور زکاۃ جیسے اعمال لے کر آئے گا، لیکن کسی کو گالی دی ہوگی کسی پر تہمت لگائی ہوگی کسی کا مال کھایا ہوگا، کسی کو قتل کیا ہوگا چنانچہ اس کی نیکیاں مظلوموں میں تقسیم کردی جائیں گی اگر نیکیاں ختم ہوگئیں تو مظلوموں کے گناہ اس کے نامہ اعمال میں ڈالنے شروع کردیئے جائیں گے حتی کہ اسے دوزخ میں ڈال دیا جائے گا۔" اس حدیث پاک سے یہ اندازہ لگانا مشکل نہیں ہے کہ برائیاں خواہ چھوٹی ہوں یا بڑی، ان سے بچنا کتنا ضروری ہے۔ رمضان المبارک کا مہینہ اس لحاظ سے بہت اہمیت کا حامل ہے کہ اس کی غرض و غایت ہی گناہوں سے بچنے کی تربیت کرنا ہے۔اس مقصد کے حصول کے لئے شیاطین کو پابند سلاسل کردیا جاتا ہے تاکہ جو شخص گناہوں سے رکنا اور بچنا چاہتا ہو اسے کوئی رکاوٹ محسوس نہ ہو۔ امر واقعہ یہ ہے کہ رحمتوں اور برکتوں کے اس مقدس مہینے میں تھوڑی سی کوشش اور ارادہ کرنے سے ہر آدمی کی طبیعت نیکی کی طرف راغب اور گناہوں سے بچنے پر آمادہ ہوجاتی ہے۔ پس جس نے مہینہ بھر دن کے اوقات میں ترک طعام کے ساتھ ساتھ اللہ کے حضور اپنے گزشتہ گناہوں پر احساس ندامت کے ساتھ ساتھ توبہ واستغفار کی اور آئندہ کے لئے ہر قسم کے گناہوں سے بچنے کا مصمم ارادہ کرلیا اس نے گویا روزہ کے مقاصد حاصل کرلئے اور ماہ صیام کی برکتوں سے بھرپور حصہ پالیا۔

کتاب الصیام میں ہم نے روزے کے وہ مسائل جمع کئے ہیں، جو احادیث صحیحہ سے ثابت ہیں۔ پہلی اشاعت میں بعض دوستوں نے چند احادیث کی طرف توجہ دلائی، جو ضعیف تھیں، موجودہ اشاعت سے انہیں نکال دیا گیا ہے۔ اب الحمدللہ! تمام احادیث حسن یا صحیح درجہ کی ہیں۔ ان شاء اللہ! مسائل کے اعتبار سے پہلی اشاعت میں تشنگی محسوس کی گئی تھی، لہٰذا موجودہ اشاعت میں بہت سے ضروری مسائل کا اضافہ کردیا ہے۔ اہل علم کی طرف سے کسی بھی چھوٹی یا بڑی غلطی کی نشاندہی پر ہم ان کے خلوص دل سے

www.sirat-e-mustaqeem.com



شکرگزار ہوں گے۔

کتاب کے آخر میں روزوں کے بارے میں بعض ضعیف یا موضوع (من گھڑت) احادیث بھی دی گئی ہیں اگر چہ ایسی تمام احادیث ترغیب (نیک اعمال کی رغبت دلانا) یا ترہیب (کسی گناہ کے انجام سے ڈرانا) کے بارے میں ہیں۔لیکن حقیقت یہ ہے کہ کسی بھی عمل کی وہ فضیلت، جو رسول اللہ ﷺ سے ثابت نہ ہو خواہ وہ کتنی ہی ترغیب دلانے والی کیوں نہ ہو اسی طرح وہ ترہیب، جو رسول اللہ ﷺ سے ثابت نہ ہو، خواہ وہ کتنی ہی گناہ سے روکنے اور ڈرانے والی کیوں نہ ہو، دین کا حصہ نہیں بن سکتی۔ ہر عمل کی ترغیب یا ترہیب کے بارہ میں رسول اللہ ﷺ کے اپنے ارشادات موجود ہیں۔ان پر کسی قسم کا اضافہ کرنا اللہ تعالیٰ کے حکم ﴿ لاَ تُقَدِّمُوْا بَيْنَ يَدَيِ اللّٰهِ وَ رَسُوْلِهٖ ﴾ ''مسلمانو! اللہ اور اس کے رسول سے آگے نہ بڑھو۔'' (سورۃ الحجرات، آیت نمبر 1) کی نافرمانی میں ہی آئے گا۔لہٰذا جس حدیث کے بارے میں واضح ہو جائے کہ وہ ضعیف یا موضوع ہے، خواہ معنوں کے اعتبار سے وہ حدیث صحیح احادیث کے قریب تر ہی کیوں نہ ہو، اسے بیان نہیں کرنا چاہئے۔

ہماری اس ساری محنت اور کاوش کا مقصد صرف یہ ہے کہ عام لوگوں میں براہ راست حدیث شریف پڑھنے اور جاننے کا شوق پیدا ہو اور محض سنی سنائی یا بلا حوالہ پڑھی ہوئی باتوں پر عمل کرنے کی بجائے حدیث رسول ﷺ کو اپنے عمل کی بنیاد بنانے کی سوچ اور فکر عام ہو۔تمام مسلمانوں کے نزدیک دین صرف اور صرف وہی ہے جس کا اللہ تعالیٰ یا اس کے رسول ﷺ نے حکم دیا ہے یا جسے خود رسول اللہ ﷺ نے کر کے دکھایا ہے یا جسے کرنے کی اجازت دی ہے۔اسی بنیادی اصول کو پیش نظر رکھتے ہوئے ہم نے دینی مسائل احادیثِ صحیحہ کے حوالے سے خوب صورت اور عام فہم انداز میں شائع کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔''کتاب الصیام'' اس سلسلہ کی پہلی کاوش تھی، جو 1405ھ میں نزول قرآن کے مبارک مہینہ میں ہی پہلی مرتبہ طبع ہوئی۔اس کار خیر میں شروع سے لے کر آخر تک جن جن حضرات نے تعاون کیا ہے ہم ان کے تہہ دل سے شکرگزار ہیں۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



ہم اپنے مالک حقیقی کے حضور بصد عجز و نیاز سربسجود ہیں کہ اس نے ہماری کم علمی و بے بضاعتی اور تمام تر کمزوریوں کے باوجود ''کتاب الصیام'' کی اشاعت کی توفیق عطا فرمائی۔ اگر اس کا فضل و کرم اور توفیق و عنایت شامل حال نہ ہوتی تو یہ کتاب پایۂ تکمیل تک نہ پہنچتی۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ بِنِعْمَتِهٖ تَتِمُّ الصَّالِحَاتُ

بارگاہ ایزدی میں التجا ہے کہ وہ اس کتاب کو ''حدیث پبلی کیشنز'' کے تمام معاونین اور قارئین کے لئے ذخیرہ آخرت بنائے۔ آمین!

رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّکَ اَنْتَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ وَ تُبْ عَلَیْنَا اِنَّکَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِیْمُ

محمد اقبال کیلانی عفی اللہ عنہ
الریاض ، المملکة العربیة السعودیة
21 ذی الحجة 1407 ھ مطابق جولائی 1978ء

www.sirat-e-mustaqeem.com

# مختصر اصطلاحات حدیث

## حدیث

رسول اللہ ﷺ کا فرمان ''قولی حدیث'' آپ ﷺ کا عمل ''فعلی حدیث'' اور آپ ﷺ کی اجازت ''تقریری حدیث'' کہلاتی ہے۔

### مرفوع
جس حدیث میں صحابی رسول اللہ ﷺ کا نام لے کر حدیث بیان کرے ''مرفوع'' کہلاتی ہے۔

### موقوف
جس حدیث میں صحابی رسول اللہ ﷺ کا نام لیے بغیر حدیث بیان کرے یا اپنے خیال کا اظہار کرے ''موقوف'' کہلاتی ہے۔

### آحاد
جس حدیث میں راوی تعداد میں متواتر حدیث کے راویوں سے کم ہوں ''آحاد'' کہلاتی ہے۔ آحاد کی تین قسمیں ہیں☆

### متواتر
جس حدیث کے راوی ہر زمانے میں اتنے ہوں جن کا جھوٹ پر اکٹھے ہونا ممکن نہ ہو ''متواتر'' کہلاتی ہے

### مقبول
جس حدیث میں راویوں کی دیانت اور سچائی تسلیم ہو ''مقبول'' کہلاتی ہے

### غیر مقبول
جس حدیث کے راویوں کی دیانت اور سچائی مشتبہ ہو ''غیر مقبول'' کہلاتی ہے

### حسن
جس حدیث کے راوی صحیح حدیث کے راویوں کی نسبت حافظے میں کم ہوں، باقی شرائط وہی ہوں ''حسن'' کہلاتی ہے۔

### صحیح
جس حدیث کے راوی ثقہ، پرہیزگار اور قابل اعتبار حافظہ کے مالک ہوں اور سند متصل ہو ''صحیح'' کہلاتی ہے

- درجہ ① : جسے بخاری اور مسلم دونوں نے روایت کیا ہو۔ متفق علیہ
- درجہ ② : جسے صرف بخاری نے روایت کیا ہو۔
- درجہ ③ : جسے صرف مسلم نے روایت کیا ہو۔
- درجہ ④ : جسے بخاری اور مسلم کی شرائط کے مطابق کسی دوسرے محدث نے روایت کیا ہو
- درجہ ⑤ : جسے صرف بخاری کی شرائط کے مطابق کسی دوسرے محدث نے روایت کیا ہو
- درجہ ⑥ : جسے صرف مسلم کی شرائط کے مطابق کسی دوسرے محدث نے روایت کیا ہو
- درجہ ⑦ : جسے بخاری اور مسلم کی شرائط کے علاوہ کسی دوسرے محدث نے صحیح سمجھا ہو

## ضعیف

- **معلق** : جس حدیث کا ایک یا سارے راوی ابتدائے سند سے منقطع ہوں
- **منقطع** : جس حدیث کا ایک یا سارے راوی مختلف مقامات سے منقطع ہوں
- **مرسل** : جس حدیث کا راوی آخر سند سے ساقط ہو یعنی تابعی کے بعد صحابی کا نام نہ ہو
- **معضل** : جس حدیث کے دو یا سے زائد راوی اکٹھے سند کے درمیان سے منقطع ہوں
- **موضوع** : جس حدیث کے راوی کا حدیث کے معاملے میں جھوٹ بولنا ثابت ہو
- **متروک** : جس حدیث کے راوی پر صرف جھوٹ کی تہمت لگے لیکن حدیث کے معاملے میں جھوٹ ثابت نہ ہو
- **شاذ** : ایک ثقہ راوی اپنے سے زیادہ ثقہ راوی اور ضابط کی مخالفت کرے
- **منکر** : جس حدیث کا راوی واہی یا فاسق یا بدعتی ہو

## اصطلاحات کتب

① صحاح ستہ : حدیث کی چھ کتب ❶ بخاری ❷ مسلم ❸ ابوداؤد ❹ ترمذی ❺ نسائی اور ❻ ابن ماجہ کو غلبۂ صحت کی بناء پر ''صحاح ستہ'' کہا جاتا ہے۔

② جامع : جس حدیث میں اسلام کے متعلق تمام مباحث، عقائد، احکام، تفسیر، جنت، دوزخ وغیرہ موجود ہوں ''جامع'' کہلاتی ہے۔

③ سنن : جس کتاب میں صرف احکامات کے متعلق احادیث جمع کی گئی ہوں ''سنن'' کہلاتی ہیں۔ مثلاً سنن ابی داوٗد۔

④ مسند : جس کتاب میں ترتیب وار ہر صحابی کی احادیث یک جا کر دی گئی ہوں ''مسند'' کہلاتی ہے۔ مثلاً مسند احمد۔

⑤ مستخرج : جس کتاب میں ایک کتاب کی احادیث کسی دوسری سند سے روایت کی جائیں ''مستخرج'' کہلاتی ہیں۔ مثلاً مستخرج الاسماعیلی البخاری۔

⑥ مستدرک : جس کتاب میں ایک محدث کی قائم کردہ شرائط کے مطابق وہ احادیث جمع کی جائیں جو اس محدث نے اپنی کتاب میں درج نہ کی ہوں ''مستدرک'' کہلاتی ہے۔ مثلاً مستدرک حاکم۔

⑦ اربعین : جس کتاب میں چالیس احادیث جمع کی گئی ہوں ''اربعین'' کہلاتی ہے۔ مثلاً اربعین نووی۔

---

☆ جس حدیث کے راوی ہر زمانے میں دو سے زائد رہے ہوں ''مشہور'' جس کے راوی کسی زمانے میں کم سے کم دو رہے ہوں ''عزیز'' جس حدیث کے راوی کسی زمانے میں ایک رہا ہوں ''غریب'' کہلاتی ہے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



# فَرْضِيَّةُ الصِّيَامِ

## روزے کی فرضیت

**مسئلہ 1** روزہ اسلام کے بنیادی فرائض میں سے ایک فرض ہے۔

عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ ((بُنِيَ الْاِسْلاَمُ عَلٰى خَمْسٍ شَهَادَةِ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَ اَنَّ مُحَمَّدًا رَسُوْلُ اللّٰهِ وَ اِقَامِ الصَّلاَةِ وَ اِيْتَاءِ الزَّكَاةِ وَ الْحَجِّ وَ صَوْمِ رَمَضَانَ )) رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ ❶

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ''اسلام کی بنیاد پانچ چیزوں پر ہے ① کلمہ شہادت اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَ اَنَّ مُحَمَّدًا رَسُوْلُ اللّٰهِ ② نماز قائم کرنا ③ زکاۃ ادا کرنا ④ حج اور ⑤ رمضان کے روزے رکھنا۔'' اسے بخاری نے روایت کیا ہے۔

عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ ﷺ اَنَّ اَعْرَابِيًّا اَتَى النَّبِيَّ ﷺ فَقَالَ دُلَّنِيْ عَلٰى عَمَلٍ اِذَا عَمِلْتُهُ دَخَلْتُ الْجَنَّةَ ، قَالَ (( تَعْبُدُ اللّٰهَ لاَ تُشْرِكُ بِهٖ شَيْئًا وَ تُقِيْمُ الصَّلاَةَ الْمَكْتُوْبَةَ وَ تُؤَدِّي الزَّكَاةَ الْمَفْرُوْضَةَ وَ تَصُوْمُ رَمَضَانَ )) قَالَ وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ لاَ أَزِيْدُ عَلٰى هٰذَا فَلَمَّا وَلّٰى قَالَ النَّبِيُّ ﷺ ((مَنْ سَرَّهٗ اَنْ يَنْظُرَ اِلٰى رَجُلٍ مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ فَلْيَنْظُرْ اِلٰى هٰذَا)) رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ ❷

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ ایک اعرابی نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا

❶ اللؤلؤ والمرجان ، الجزء الاول ، رقم الحديث 9

❷ مختصر صحيح بخاری للزبيدی ، رقم الحديث 704

www.sirat-e-mustaqeem.com



''مجھے ایسا عمل بتایئے جس کے کرنے سے میں جنت میں داخل ہو جاؤں۔'' آپ ﷺ نے فرمایا ''اللہ تعالیٰ کی عبادت کر، اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ کر، فرض نماز قائم کر، فرض زکاۃ ادا کر اور رمضان المبارک کے روزے رکھ۔'' اس نے کہا ''اللہ کی قسم! میں اس سے زیادہ کچھ نہ کروں گا۔'' جب وہ آدمی واپس ہوا، تو آپ ﷺ نے فرمایا ''جسے جنتی آدمی دیکھنا ہو، وہ اسے دیکھ لے۔'' اسے بخاری نے روایت کیا ہے۔

❁❁❁

www.sirat-e-mustaqeem.com



# فَضْـــــلُ الصَّـــوْمِ

## روزے کی فضیلت

**مَسئلہ 2** رمضان المبارک کے شروع ہوتے ہی جنت کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں اور جہنم کے دروازے بند کر دیئے جاتے ہیں۔

عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ ﷺ قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ ((اِذَا دَخَلَ رَمَضَانُ فُتِحَتْ أَبْوَابُ السَّمَاءِ وَ غُلِّقَتْ أَبْوَابُ جَهَنَّمَ وَ سُلْسِلَتِ الشَّيَاطِيْنُ)) مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ ❶

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ''جب رمضان آتا ہے، تو آسمان کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں، جہنم کے دروازے بند کر دیئے جاتے ہیں اور شیاطین قید کر دیئے جاتے ہیں۔'' اسے بخاری اور مسلم نے روایت کیا ہے۔

**مَسئلہ 3** رمضان میں عمرہ کا ثواب حج کے برابر ملتا ہے۔

عَنْ عَطَاءٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا يُحَدِّثُنَا قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ لِامْرَأَةٍ مِنَ الْأَنْصَارِ سَمَّاهَا ابْنُ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا فَنَسِيْتُ اسْمَهَا ((مَا مَنَعَكِ اَنْ تَحُجِّیْ مَعَنَا؟)) قَالَتْ : لَمْ يَكُنْ لَنَا اِلَّا نَاضِحَانِ فَحَجَّ أَبُوْ وَلَدِهَا وَ ابْنُهَا عَلٰى نَاضِحٍ وَ تَرَكَ لَنَا نَاضِحًا نَنْضِحُ عَلَيْهِ ، قَالَ ((فَإِذَا جَاءَ رَمَضَانُ فَاعْتَمِرِیْ فَإِنَّ عُمْرَةً فِيْهِ تَعْدِلُ حَجَّةً)) رَوَاهُ مُسْلِمٌ ❷

حضرت عطاء رحمہ اللہ کہتے ہیں میں نے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے سنا کہ رسول اللہ ﷺ

❶ اللؤلؤ والمرجان ، الجزء الاول ، رقم الحديث 652

❷ كتاب الحج ، باب فضل العمرة فی رمضان

www.sirat-e-mustaqeem.com



نے انصار کی ایک عورت (ام سنان) سے فرمایا، حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے اس عورت کا نام بھی لیا مگر میں بھول گیا ہوں ''تم ہمارے ساتھ حج پر کیوں نہیں چلتیں؟'' عورت نے عرض کیا ''ہمارے پاس صرف دو اونٹ تھے ایک پر میرا شوہر اور بیٹا دونوں حج کے لئے گئے ہیں اب ایک اونٹ گھر میں ہے جس پر ہم پانی وغیرہ لاتے ہیں۔'' رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ''اچھا جب رمضان آئے، تو عمرہ کر لینا اس کا ثواب بھی حج کے برابر ہے۔'' اسے مسلم نے روایت کیا ہے۔

**مَسئله 4** روزہ قیامت کے دن روزہ دار کی سفارش کرے گا۔

**عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو ﷜ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ (( اَلصِّيَامُ وَالْقُرْآنُ يَشْفَعَانِ لِلْعَبْدِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ يَقُوْلُ الصِّيَامُ اَیْ رَبِّ مَنَعْتُهُ الطَّعَامَ وَ الشَّهْوَةَ فَشَفِّعْنِیْ فِیْهِ ، وَيَقُوْلُ الْقُرْآنُ مَنَعْتُهُ النَّوْمَ بِاللَّيْلِ فَشَفِّعْنِیْ فِيْهِ ، قَالَ : فَيُشَفَّعَانِ )) رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالطَّبَرَانِیُّ ❶ (صحيح)**

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ''روزہ اور قرآن قیامت کے دن بندے کے لئے سفارش کریں گے، روزہ کہے گا ''اے میرے رب! میں نے اس بندے کو کھانے پینے اور اپنی خواہشات (پوری کرنے) سے روکے رکھا، لہٰذا اس کے بارے میں میری سفارش قبول فرما۔'' قرآن کہے گا ''اے میرے رب! میں نے اس بندے کو رات (قیام کے لئے) سونے سے روکے رکھا، لہٰذا اس کے بارے میں میری سفارش قبول فرما۔'' چنانچہ دونوں کی سفارش قبول کی جائے گی۔'' اسے احمد اور طبرانی نے روایت کیا ہے۔

**مَسئله 5** روزے کا اجر بے حساب ہے۔

**عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ ﷜ قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ (( قَالَ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ : كُلُّ عَمَلِ ابْنِ آدَمَ لَهُ ، اِلَّا الصِّيَامَ ، فَاِنَّهُ لِیْ وَ اَنَا اَجْزِیْ بِهٖ وَالصِّيَامُ جُنَّةٌ فَاِذَا كَانَ يَوْمُ صَوْمِ اَحَدِكُمْ ، فَلاَ يَرْفُثْ يَوْمَئِذٍ وَ لاَ يَسْخَبْ ، فَاِنْ سَابَّهُ اَحَدٌ اَوْ قَاتَلَهُ فَلْيَقُلْ : اِنِّیْ امْرُؤٌ صَائِمٌ وَالَّذِیْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهٖ لَخُلُوْفُ فَمِ الصَّائِمِ ، اَطْيَبُ عِنْدَ اللّٰهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ، مِنْ رِيْحِ الْمِسْكِ**

---

❶ صحيح الترغيب والترهيب ، للالبانی ، الجزء الاول ، رقم الحديث 973

www.sirat-e-mustaqeem.com



وَلِلصَّائِمِ فَرْحَتَانِ يَفْرَحُهُمَا ، إِذَا أَفْطَرَ فَرِحَ بِفِطْرِهِ ، وَ إِذَا لَقِيَ رَبَّهُ فَرِحَ بِصَوْمِهِ )) رَوَاهُ مُسْلِمٌ❶

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ''اللہ عزوجل فرماتا ہے کہ ابن آدم کا ہر عمل اس کے لئے ہے سوائے روزے کے۔ روزہ میرے لئے ہے اور میں ہی اس کی جزا دوں گا اور روزہ (آگ سے) ڈھال ہے، لہٰذا جس روز تم میں سے کسی کا روزہ ہو اس روز وہ فحش گوئی نہ کرے اور بیہودہ کلامی نہ کرے اور اگر کوئی دوسرا اس سے گالی گلوچ کرے یا لڑائی کرے تو روزہ دار کو (صرف اتنا کہنا چاہئے) میں روزہ دار ہوں۔ اس ذات کی قسم! جس کے ہاتھ میں محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی جان ہے روزہ دار کے منہ کی خوشبو قیامت کے دن اللہ تعالیٰ کو مشک کی خوشبو سے بھی زیادہ پسندیدہ ہوگی۔ روزہ دار کے لئے دو خوشیاں ہیں، جن سے وہ فرحت حاصل کرے گا اولاً جب وہ روز افطار کرتا ہے تو خوش ہوتا ہے، ثانیاً جب وہ اپنے رب سے ملے گا اور روزے کے بدلے میں اپنے رب سے انعام پائے گا، تو خوش ہوگا۔'' اسے مسلم نے روایت کیا ہے۔

**مسئلہ 6** **روزہ داروں کے لئے جنت میں ایک خصوصی دروازہ بنایا گیا ہے، جس کا نام ''ریان'' ہے۔**

عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ رضي الله عنه قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم ((إِنَّ فِي الْجَنَّةِ بَابًا يُقَالُ لَهُ الرَّيَّانُ ، يَدْخُلُ مِنْهُ الصَّائِمُوْنَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ لاَ يَدْخُلُ مِنْهُ أَحَدٌ غَيْرُهُمْ )) مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ❷

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ''جنت کا ایک دروازہ ہے جس کا نام ''ریان'' ہے جس سے قیامت کے دن روزہ دار گزریں گے۔ ان کے علاوہ اس دروازے سے کوئی دوسرا نہیں گزرے گا۔'' اسے بخاری اور مسلم نے روایت کیا ہے۔

**مسئلہ 7** **رمضان کا پورا مہینہ ہر رات اللہ تعالیٰ لوگوں کو جہنم سے نجات دلاتے ہیں۔**

عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ رضي الله عنه عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ ((إِذَا كَانَتْ أَوَّلُ لَيْلَةٍ مِنْ رَمَضَانَ ،

❶ مختصر صحيح مسلم ، للالباني ، رقم الحديث 571

❷ اللؤلؤ والمرجان ، الجزء الاول ، رقم الحديث 708

www.sirat-e-mustaqeem.com



صُفِّدَتِ الشَّيَاطِيْنُ وَ مَرَدَةُ الْجِنِّ وَ غُلِّقَتْ أَبْوَابُ النَّارِ فَلَمْ يُفْتَحْ مِنْهَا بَابٌ وَ فُتِحَتْ أَبْوَابُ الْجَنَّةِ فَلَمْ يُغْلَقْ مِنْهَا بَابٌ وَ نَادٰى مُنَادٍ : يَا بَاغِيَ الْخَيْرِ أَقْبِلْ وَ يَا بَاغِيَ الشَّرِّ أَقْصِرْ وَ لِلّٰهِ عُتَقَاءُ مِنَ النَّارِ وَ ذٰلِكَ فِيْ كُلِّ لَيْلَةٍ)) رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ ❶ (صحيح)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ''رمضان کی پہلی رات ہی شیاطین اور سرکش جن باندھ دیئے جاتے ہیں جہنم کے سارے دروازے بند کردیئے جاتے ہیں ان میں سے کوئی ایک دروازہ بھی کھلا نہیں رہنے دیا جاتا اور جنت کے سارے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں۔ان میں سے کوئی ایک دروازہ بھی بند نہیں رہنے دیا جاتا اور ایک منادی کرنے والا (فرشتہ) اعلان کرتا ہے ''اے بھلائی کے چاہنے والے! آگے بڑھ (اور دیر نہ کر) اے شر کے چاہنے والے! رک جا'' اور (رمضان کی) ہر رات اللہ تعالیٰ لوگوں کو جہنم سے آزاد کرتے ہیں۔اسے ابن ماجہ نے روایت کیا ہے۔

**مَسئلہ 8** روزہ افطار کے وقت بھی اللہ تعالیٰ لوگوں کو جہنم سے آزاد کرتے ہیں۔

عَنْ جَابِرٍ ﷺ قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ ((اِنَّ لِلّٰهِ عِنْدَ كُلِّ فِطْرٍ عُتَقَاءَ وَ ذٰلِكَ فِيْ كُلِّ لَيْلَةٍ)) رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ ❷

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ''اللہ تعالیٰ ہر روز افطار کے وقت لوگوں کو جہنم سے آزاد کرتے ہیں۔'' اسے ابن ماجہ نے روایت کیا ہے۔

**مَسئلہ 9** رمضان میں صیام اور قیام کرنے والا قیامت کے دن صدیقین اور شہداء کے ساتھ ہوگا۔

عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ الْجُهَنِيِّ قَالَ : جَاءَ رَجُلٌ اِلَى النَّبِيِّ ﷺ فَقَالَ : يَارَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ أَ رَأَيْتَ اِنْ شَهِدْتُ أَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ ، وَ اِنَّكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ، وَ صَلَّيْتُ الصَّلَوَاتِ الْخَمْسَ وَ أَدَّيْتُ الزَّكَاةَ ، وَ صُمْتُ رَمَضَانَ ، وَ قُمْتُهُ فَمِمَّنْ أَنَا ؟ قَالَ ((مِنَ الصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَاءِ)) رَوَاهُ الْبَزَّارُ وَابْنُ خُزَيْمَةَ ❸ (صحيح)

❶ صحيح سنن ابن ماجة ، للالبانى ، الجزء الاول ، رقم الحديث 1331
❷ صحيح سنن ابن ماجة ، للالبانى ، الجزء الاول ، رقم الحديث 1332
❸ صحيح الترغيب والترهيب ، للالبانى ، الجزء الاول ، رقم الحديث 993

www.sirat-e-mustaqeem.com



حضرت عمر بن مرۃ جہنی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا ''یارسول اللہ ﷺ! اگر میں گواہی دوں کہ اللہ کے سوا کوئی اِلٰہ نہیں، آپ اللہ کے رسول ہیں، پانچوں نمازیں پڑھوں، زکاۃ ادا کروں اور رمضان میں صیام اور قیام کروں، تو میرا شمار کن لوگوں میں سے ہوگا؟'' آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا ''صدیقین اور شہداء میں سے۔'' اسے بزار اور ابن خزیمہ نے روایت کیا ہے۔

***

www.sirat-e-mustaqeem.com



# أَهَمِيَّةُ الصَّوْمِ

## روزے کی اہمیت

**مَسئله 10** رمضان کی برکتوں سے محروم رہنے والا بے نصیب ہے۔

عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِکٍ ﷺ قَالَ : دَخَلَ رَمَضَانُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ ((اِنَّ هٰذَا الشَّهْرَ قَدْ حَضَرَكُمْ وَ فِيْهِ لَيْلَةٌ خَيْرٌ مِنْ أَلْفِ شَهْرٍ مَنْ حُرِمَهَا فَقَدْ حُرِمَ الْخَيْرَ كُلَّهُ وَ لاَ يُحْرَمُ خَيْرَهَا اِلَّا مَحْرُوْمٌ )) رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ ❶

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رمضان آیا تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ''یہ مہینہ جوتم پر آیا ہے اس میں ایک رات ایسی ہے جو (قدر ومنزلت کے اعتبار سے) ہزار مہینوں سے بہتر ہے، جو شخص اس (کی سعادت حاصل کرنے سے) محروم رہا وہ ہر بھلائی سے محروم رہا۔'' نیز فرمایا ''لیلۃ القدر کی سعادت سے صرف بے نصیب ہی محروم کیا جاتا ہے۔'' اسے ابن ماجہ نے روایت کیا ہے۔

**مَسئله 11** رمضان پانے کے باوجود مغفرت حاصل نہ کر سکنے والے کے لئے ہلاکت ہے۔

عَنْ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ ﷺ قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ ((اُحْضُرُوا الْمِنْبَرَ فَحَضَرْنَا فَلَمَّا ارْتَقٰى دَرَجَةً قَالَ ((آمِيْنَ )) فَلَمَّا ارْتَقَى الدَّرَجَةَ الثَّانِيَةَ قَالَ ((آمِيْنَ)) فَلَمَّا ارْتَقَى الدَّرَجَةَ الثَّالِثَةَ ، قَالَ ((آمِيْنَ)) فَلَمَا نَزَلَ قُلْنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ ! لَقَدْ سَمِعْنَا مِنْكَ الْيَوْمَ شَيْئًا مَا كُنَّا نَسْمَعُهُ ، قَالَ ((اِنَّ جِبْرِيْلَ عَرَضَ لِيْ فَقَالَ بَعُدَ مَنْ اَدْرَكَ رَمَضَانَ فَلَمْ يُغْفَرْلَهُ قُلْتُ آمِيْنَ، فَلَمَّا رَقِيْتُ الثَّانِيَةَ قَالَ بَعُدَ مَنْ ذُكِرْتَ عِنْدَهُ لَمْ يُصَلِّ عَلَيْكَ فَقُلْتُ آمِيْنَ ، فَلَمَّا رَقِيْتُ الثَّالِثَةَ قَالَ بَعُدَ مَنْ اَدْرَكَ اَبَوَيْهِ الْكِبَرُ عِنْدَهُ اَوْ أَحَدَهُمَا فَلَمْ يُدْخِلاَهُ الْجَنَّةَ

❶ صحيح سنن ابن ماجة ، للالبانی ، الجزء الاول ، رقم الحديث 1333

www.sirat-e-mustaqeem.com



قُلْتُ آمِيْنَ )) رَوَاهُ الْحَاكِمُ ❶

حضرت کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے فرمایا ''منبر لاؤ۔'' ہم منبر لے آئے جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پہلی سیڑھی چڑھے تو فرمایا ''آمین۔'' پھر جب دوسری سیڑھی چڑھے تو فرمایا ''آمین۔'' اسی طرح آپ صلی اللہ علیہ وسلم جب تیسری سیڑھی چڑھے تو فرمایا ''آمین۔'' جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم منبر سے نیچے تشریف لائے تو ہم نے عرض کیا ''یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آج ہم نے آپ سے ایسی بات سنی، جو اس سے پہلے کبھی نہیں سنی۔'' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ''جناب جبریل علیہ السلام میرے پاس آئے اور کہا ''اس آدمی کے لئے ہلاکت ہے جس آدمی نے رمضان کا مہینہ پایا اور اپنے گناہوں کی بخشش اور معافی حاصل نہ کر سکا۔'' اس کے جواب میں، میں نے آمین کہی۔ پھر جب میں دوسری سیڑھی پر چڑھا تو جنابِ جبریل علیہ السلام نے کہا ''ہلاکت ہے اس آدمی کے لئے جس کے سامنے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر کیا جائے اور وہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود نہ بھیجے۔'' میں نے اس کے جواب میں آمین کہی۔ پھر جب تیسری سیڑھی چڑھا تو جناب جبریل علیہ السلام نے کہا ''جس شخص نے اپنے ماں باپ یا دونوں میں سے کسی ایک کو بڑھاپے کی حالت میں پایا اور ان کی خدمت کر کے جنت حاصل نہ کی اس کے لئے بھی ہلاکت ہو۔'' میں نے اس کے جواب میں کہا آمین۔'' اسے حاکم نے روایت کیا ہے۔

**مسئلہ 12** روزہ خوروں کا عبرتناک انجام۔

عَنْ أَبِيْ أُمَامَةَ الْبَاهِلِيِّ ﷺ قَالَ : سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ يَقُوْلُ ((بَيْنَمَا أَنَا نَائِمٌ أَتَانِيْ رَجُلاَنِ فَأَخَذَا بِضَبْعَيَّ فَأَتَيَا بِيْ جَبَلاً وَعْرًا فَقَالاَ : اصْعَدْ فَقُلْتُ : (( اِنِّيْ لاَ أُطِيْقُهُ )) فَقَالاَ : اِنَّا سَنُسَهِّلُهُ لَكَ فَصَعِدْتُ حَتّٰى اِذَا كُنْتُ فِيْ سَوَاءِ الْجَبَلِ اِذَا بِأَصْوَاتٍ شَدِيْدَةٍ ،قُلْتُ ((مَا هٰذِهِ الْاَصْوَاتُ ؟ قَالُوْا هٰذَا عَوَاءُ أَهْلِ النَّارِ ، ثُمَّ انْطَلَقَ بِيْ فَإِذَا أَنَا بِقَوْمٍ مُعَلَّقِيْنَ بِعَرَاقِيْبِهِمْ مُشَقَّقَةٍ أَشْدَاقُهُمْ تَسِيْلُ أَشْدَاقُهُمْ دَمًا قَالَ: قُلْتُ ((مَنْ هٰؤُلاَءِ؟)) قَالَ : اَلَّذِيْنَ يُفْطِرُوْنَ قَبْلَ تَحِلَّةِ صَوْمِهِمْ ...... )) اَلْحَدِيْثُ رَوَاهُ ابْنُ خُزَيْمَةَ وَابْنُ حِبَّانَ❷ (صحيح)

❶ صحيح الترغيب والترهيب ، للالباني ، الجزء الاول ، رقم الحديث 985

❷ صحيح الترغيب والترهيب ، للالباني ، الجزء الاول ، رقم الحديث 995

www.sirat-e-mustaqeem.com



حضرت ابوامامہ باہلی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کوفرماتے ہوئے سنا ”میں سویا ہوا تھا اور میرے پاس دو آدمی آئے ، انہوں نے مجھے بازوؤں سے پکڑا اور مجھے ایک مشکل چڑھائی والے پہاڑ پر لائے اور دونوں نے کہا ”اس پر چڑھیں۔“ میں نے کہا ”میں نہیں چڑھ سکتا۔“ انہوں نے کہا ”ہم آپ کے لئے سہولت پیدا کردیں گے۔“ پس میں چڑھ گیا حتیٰ کہ میں پہاڑ کی چوٹی پر پہنچ گیا، جہاں میں نے شدید چیخ وپکار کی آوازیں سنیں۔ میں نے پوچھا ”یہ آوازیں کیسی ہیں؟“ انہوں نے بتایا ”یہ جہنمیوں کی چیخ وپکار ہے۔“ پھر وہ میرے ساتھ آگے بڑھے جہاں میں نے کچھ لوگ الٹے لٹکے ہوئے دیکھے، جن کے منہ کو چیرا دیا گیا ہے جس سے خون بہہ رہا ہے میں نے پوچھا ”یہ کون لوگ ہیں؟“ انہوں نے جواب دیا ”یہ وہ لوگ ہیں جو روزہ وقت سے پہلے افطار کرلیا کرتے تھے۔“ اسے ابن خزیمہ اور ابن حبان نے روایت کیا ہے۔

☆☆☆

www.sirat-e-mustaqeem.com



# أَلصَّوْمُ فِيْ ضَوْءِ الْقُرْآنِ

## روزے قرآن مجید کی روشنی میں

مَسئلہ 13 روزہ، اسلام کے پانچ فرائض میں سے ایک فرض ہے۔

مَسئلہ 14 روزے پہلی امتوں پر بھی فرض تھے۔

مَسئلہ 15 روزے کا مقصد گناہوں سے بچنے اور نیکی پر چلنے کی تربیت دینا ہے۔

﴿يَآاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُتِبَ عَلَيْكُمُ الصِّيَامُ كَمَا كُتِبَ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ۝﴾ (183:2)

"اے لوگو، جو ایمان لائے ہو! تم پر روزے فرض کر دیئے گئے ہیں جس طرح تم سے پہلے انبیاء کے پیروؤں پر فرض کئے گئے تھے، اس سے توقع ہے کہ تم میں تقویٰ کی صفت پیدا ہوگی۔" (سورۃ البقرہ، آیت نمبر 183)

مَسئلہ 16 رمضان کا مہینہ پانے والے ہر مسلمان پر پورے مہینے کے روزے رکھنے فرض ہیں۔

مَسئلہ 17 مسافر اور مریض کو روزہ نہ رکھنے کی رخصت ہے، لیکن رمضان کے بعد ان دنوں کی قضا ادا کرنی ضروری ہے۔

مَسئلہ 18 مریض یا مسافر پر روزہ چھوڑنے کا کوئی کفارہ نہیں۔

مَسئلہ 19 رمضان کا مہینہ اللہ تعالیٰ کی خصوصی عبادت اور حمد و ثناء کرنے کا مہینہ ہے۔

﴿شَهْرُ رَمَضَانَ الَّذِيْٓ اُنْزِلَ فِيْهِ الْقُرْاٰنُ هُدًى لِّلنَّاسِ وَبَيِّنٰتٍ مِّنَ الْهُدٰى وَالْفُرْقَانِ فَمَنْ شَهِدَ مِنْكُمُ الشَّهْرَ فَلْيَصُمْهُ وَمَنْ كَانَ مَرِيْضًا اَوْ عَلٰى سَفَرٍ فَعِدَّةٌ مِّنْ اَيَّامٍ اُخَرَ يُرِيْدُ

www.sirat-e-mustaqeem.com



اللّٰہُ بِکُمُ الْیُسْرَ وَلاَ یُرِیْدُ بِکُمُ الْعُسْرَ وَلِتُکْمِلُوْا الْعِدَّۃَ وَلِتُکَبِّرُوا اللّٰہَ عَلٰی مَا ھَدٰکُمْ وَلَعَلَّکُمْ تَشْکُرُوْنَ ○﴾(185:2)

''رمضان وہ مہینہ ہے جس میں قرآن نازل کیا گیا ہے جو انسانوں کے لئے سراسر ہدایت ہے اور ایسی واضح تعلیمات پر مشتمل ہے جو راہ راست دکھانے والی اور حق و باطل کا فرق کھول کر رکھ دینے والی ہیں، لہٰذا اب سے جو شخص اس مہینے کو پائے اس کو لازم ہے کہ اس پورے مہینے کے روزے رکھے اور جو کوئی مریض ہو یا سفر پر، تو وہ دوسرے دنوں میں روزوں کی تعداد پوری کرے۔ اللہ تمہارے ساتھ نرمی کرنا چاہتا ہے، سختی کرنا نہیں چاہتا، اس لئے یہ طریقہ تمہیں بتایا جا رہا ہے تاکہ تم روزوں کی تعداد پوری کرسکو اور جس ہدایت سے اللہ نے تمہیں سرفراز کیا ہے، اس پر اللہ تعالیٰ کی کبریائی کا اظہار و اعتراف کرو اور شکر گزار بنو۔'' (سورہ بقرہ، آیت نمبر 185)

**مسئلہ 20** رمضان المبارک میں رات کے وقت بیوی سے ہمبستری کرنا جائز ہے۔

**مسئلہ 21** افطار سے لے کر صبح صادق کے طلوع ہونے تک کا وقت روزے کی پابندی سے مستثنیٰ ہے۔

**مسئلہ 22** دوران اعتکاف میں رات کے وقت بیوی سے ہمبستری کرنا منع ہے۔

﴿ اُحِلَّ لَکُمْ لَیْلَۃَ الصِّیَامِ الرَّفَثُ اِلٰی نِسَآئِکُمْ ھُنَّ لِبَاسٌ لَّکُمْ وَاَنْتُمْ لِبَاسٌ لَّھُنَّ عَلِمَ اللّٰہُ اَنَّکُمْ کُنْتُمْ تَخْتَانُوْنَ اَنْفُسَکُمْ فَتَابَ عَلَیْکُمْ وَعَفَا عَنْکُمْ فَالْئٰنَ بَاشِرُوْھُنَّ وَابْتَغُوْا مَا کَتَبَ اللّٰہُ لَکُمْ وَ کُلُوْا وَاشْرَبُوْا حَتّٰی یَتَبَیَّنَ لَکُمُ الْخَیْطُ الْاَبْیَضُ مِنَ الْخَیْطِ الْاَسْوَدِ مِنَ الْفَجْرِ ثُمَّ اَتِمُّوا الصِّیَامَ اِلَی الَّیْلِ وَلاَ تُبَاشِرُوْھُنَّ وَاَنْتُمْ عٰکِفُوْنَ فِی الْمَسٰجِدِ تِلْکَ حُدُوْدُ اللّٰہِ فَلاَ تَقْرَبُوْھَا کَذٰلِکَ یُبَیِّنُ اللّٰہُ اٰیٰتِہٖ لِلنَّاسِ لَعَلَّھُمْ یَتَّقُوْنَ ○﴾(187:2)

''تمہارے لئے روزں کے زمانے میں راتوں کو بیویوں کے پاس جانا حلال کردیا گیا ہے وہ تمہارے لئے لباس ہیں اور تم ان کے لئے لباس ہو۔ اللہ تعالیٰ کو معلوم ہو گیا کہ تم لوگ چپکے چپکے اپنے آپ سے خیانت کر رہے تھے، مگر اس نے تمہارا قصور معاف کر دیا اور تم سے درگزر فرمایا اب تم اپنی بیویوں کے

www.sirat-e-mustaqeem.com



ساتھ شب باشی کرو اور جو لطف اللہ نے تمہارے لئے جائز کر دیا ہے، اسے حاصل کرو نیز راتوں کو کھاؤ پیو یہاں تک کہ تم کو سیاہ شب کی دھاری سے سپیدہ صبح کی دھاری نمایاں نظر آ جائے تب یہ سب کام چھوڑ کر رات تک اپنا روزہ پورا کرو اور جب تم مسجدوں میں معتکف ہو تو بیویوں سے مباشرت نہ کرو۔ یہ اللہ تعالیٰ کی باندھی ہوئی حدیں ہیں، ان کے قریب نہ پھٹکنا اس طرح اللہ تعالیٰ اپنے احکام لوگوں کے لئے بصراحت بیان کرتا ہے، توقع ہے کہ وہ غلط رویے سے بچیں گے۔'' (سورۃ البقرہ، آیت نمبر 187)

❑❑❑

www.sirat-e-mustaqeem.com



# رُؤْيَـــــةُ الْـهِــــلاَلِ

# چاند دیکھنے کے مسائل

**مَسئله 23** رمضان المبارک کا چاند دیکھ کر روزے شروع کرنے چاہئیں۔

**مَسئله 24** شعبان کے آخر میں اگر مطلع اَبر آلود ہو تو شعبان کے تیس دن پورے کرنے چاہئیں اگر رمضان کے آخر میں مطلع اَبر آلود ہو تو رمضان کے تیس دن پورے کرنے چاہئیں۔

عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ (( لاَ تَصُوْمُوْا حَتّٰى تَرَوُا الْهِلاَلَ وَ لاَ تَفْطِرُوْا حَتّٰى تَرَوْهُ فَاِنْ غُمَّ عَلَيْكُمْ فَاقْدِرُوْا لَهُ )) مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ ❶

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ”چاند دیکھے بغیر رمضان کے روزے شروع نہ کرو اور چاند دیکھے بغیر رمضان ختم نہ کرو، اگر مطلع ابر آلود ہو تو مہینے کے تیس دن پورے کر لو۔“ اسے بخاری اور مسلم نے روایت کیا ہے۔

**مَسئله 25** ایک مسلمان کی گواہی پر روزے شروع کئے جا سکتے ہیں۔

عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ : تَرَاءَى النَّاسُ الْهِلاَلَ فَأَخْبَرْتُ النَّبِيَّ ﷺ اِنِّيْ رَأَيْتُهُ فَصَامَ وَ أَمَرَ النَّاسَ بِصِيَامِهِ . رَوَاهُ اَبُوْدَاوُدَ ❷ (صحيح)

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ لوگوں نے چاند دیکھا اور میں نے نبی اکرم ﷺ کو بتایا کہ ”میں نے بھی چاند دیکھا ہے۔“ چنانچہ نبی اکرم ﷺ نے خود بھی روزہ رکھا اور لوگوں کو بھی روزہ رکھنے کا حکم دیا۔ اسے ابوداؤد نے روایت کیا ہے۔

---

❶ اللؤلؤوالمرجان ، الجزء الاول ، رقم الحديث 653

❷ صحيح سنن ابی داؤد، للالبانی ، الجزء الثانی ، رقم الحديث 2052

www.sirat-e-mustaqeem.com



## مسئلہ 26 رمضان کی پہلی تاریخ کے چاند کے بظاہر چھوٹا یا بڑا ہونے سے شک میں نہیں پڑنا چاہئے۔

عَنْ اَبِی الْبَخْتَرِیِّ ﷺ قَالَ : خَرَجْنَا لِلْعُمْرَةِ فَلَمَّا نَزَلْنَا بِبَطْنِ نَخْلَةَ قَالَ تَرَاءَ يْنَا الْهِلاَلَ ، فَقَالَ بَعْضُ الْقَوْمِ : هُوَ ابْنُ ثَلاَثٍ ، وَ قَالَ بَعْضُ الْقَوْمِ : هُوَ ابْنُ لَيْلَتَيْنِ ، قَالَ : فَلَقِيْنَا ابْنَ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا فَقُلْنَا : اِنَّا رَأَيْنَا الْهِلاَلَ ، فَقَالَ بَعْضُ الْقَوْمِ : هُوَ ابْنُ ثَلاَثٍ ، وَ قَالَ بَعْضُ الْقَوْمِ هُوَ ابْنُ لَيْلَتَيْنِ ، فَقَالَ : اَیَّ لَيْلَةٍ رَأَيْتُمُوْهُ ؟ قَالَ فَقُلْنَا : لَيْلَةَ كَذَا وَكَذَا ، فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ ((اِنَّ اللّٰهَ مَدَّهُ لِلرُّؤْيَةِ فَهُوَ لَيْلَةٍ رَأَيْتُمُوْهُ )) رَوَاهُ مُسْلِمٌ ❶

حضرت ابوالبختری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں ”ہم عمرہ کے لئے (مدینہ سے) روانہ ہوئے جب نخلہ کے مقام پر پہنچے، تو سب نے (نیا) چاند دیکھا، کچھ لوگوں نے کہا ”یہ تو تیسری رات کا چاند لگتا ہے۔“ (بڑا ہونے کی وجہ سے) کچھ لوگوں نے کہا ”دوسری رات کا لگتا ہے۔“ ہماری ملاقات حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے ہوئی تو ہم نے ان سے کہا ”ہم نے چاند دیکھا ہے کچھ لوگوں نے اسے تیسری رات کا کہا ہے کچھ نے دوسری رات کا۔“ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے پوچھا ”تم نے کون سی رات کا چاند دیکھا تھا؟“ ہم نے بتایا ”فلاں فلاں رات دیکھا تھا۔“ تو کہنے لگے ”رسول اللہ ﷺ کا ارشاد مبارک ہے اللہ تعالیٰ اس کو تمہارے دیکھنے کے لئے بڑا کر دیتا ہے لہٰذا وہ اسی رات کا چاند تھا، جس رات تم نے اسے دیکھا۔“ اسے مسلم نے روایت کیا ہے۔

## مسئلہ 27 نیا چاند دیکھنے پر یہ دعا پڑھنا مسنون ہے۔

عَنْ طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّ النَّبِیَّ ﷺ كَانَ اِذَا رَأَى الْهِلاَلَ قَالَ ((اَللّٰهُمَّ اَهْلِلْهُ عَلَيْنَا بِالْيُمْنِ وَالْاِيْمَانِ وَالسَّلاَمَةِ وَالْاِسْلاَمِ رَبِّیْ وَ رَبُّكَ اللّٰهُ )) رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ ❷ (حسن)

حضرت طلحہ بن عبیداللہ رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ جب چاند دیکھتے تو یہ دعا پڑھتے ”یا

❶ مختصر صحیح مسلم ، للالبانی ، رقم الحدیث 577

❷ صحیح سنن الترمذی، للالبانی ، الجزء الثالث ، رقم الحدیث 2745

www.sirat-e-mustaqeem.com



الٰہی ! ہم پر یہ چاند امن ، ایمان ، سلامتی اور اسلام کے ساتھ طلوع فرما (اے چاند) میرا اور تیرا رب اللہ ہے۔'' اسے ترمذی نے روایت کیا ہے۔

**مسئلہ 28** چاند دیکھ کر روزہ شروع کرنے اور چاند دیکھ کر ختم کرنے کے لئے اس وقت حاضر علاقے یا ملک کا لحاظ رکھنا چاہئے۔

**مسئلہ 29** دوران رمضان ایک ملک سے دوسرے ملک سفر کرنے پر اگر مسافروں کے روزوں کی تعداد حاضر علاقہ میں ماہ رمضان کے روزوں کی تعداد سے زائد بنتی ہو تو زائد دنوں کے روزے ترک کر دینے چاہئیں یا نفل روزے کی نیت سے رکھنے چاہئیں اگر تعداد کم بنتی ہو تو عید کے بعد مطلوبہ تعداد پوری کرنی چاہئے۔

عَنْ كُرَيْبٍ ﷺ مَوْلَى ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّ اُمَّ الْفَضْلِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا بَعَثَتْهُ اِلٰى مُعَاوِيَةَ بِالشَّامِ ، فَقَالَ : فَقَدِمْتُ الشَّامَ ، فَقَضَيْتُ حَاجَتَهَا وَاسْتَهِلَّ عَلَيَّ رَمَضَانُ وَ أَنَا بِالشَّامِ فَرَأَيْتُ الْهِلَالَ لَيْلَةَ الْجُمُعَةِ ثُمَّ قَدِمْتُ الْمَدِيْنَةَ فِيْ آخِرِ الشَّهْرِ فَسَأَلَنِيْ عَبْدُاللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا ثُمَّ ذَكَرَ الْهِلَالَ فَقَالَ : مَتٰى رَأَيْتُمُ الْهِلَالَ ؟ فَقُلْتُ : رَأَيْنَاهُ لَيْلَةَ الْجُمُعَةِ ، فَقَالَ : أَنْتَ رَأَيْتَهُ ؟ فَقُلْتُ : نَعَمْ ! وَ رَآهُ النَّاسُ وَ صَامُوْا وَ صَامَ مُعَاوِيَةُ فَقَالَ : لٰكِنَّا رَأَيْنَاهُ لَيْلَةَ السَّبْتِ فَلَا نَزَالُ نَصُوْمُ حَتّٰى نُكَمِّلَ ثَلَاثِيْنَ اَوْ نَرَاهُ فَقُلْتُ اَوَلَا تَكْتَفِيْ بِرُؤْيَةِ مُعَاوِيَةَ وَ صِيَامِهِ ؟ فَقَالَ : لَا هٰكَذَا أَمَرَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ . رَوَاهُ اَحْمَدُ وَمُسْلِمٌ وَ اَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ ❶

حضرت کریب رضی اللہ عنہ (ابن عباس رضی اللہ عنہما کے غلام) سے مروی ہے کہ حضرت ام فضل رضی اللہ عنہا (حضرت عباس رضی اللہ عنہ کی بیوی) نے انہیں (کریب رضی اللہ عنہ کو) حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے پاس (کسی کام سے) شام بھیجا۔ کریب رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے شام آ کر ان کا کام کیا۔ میں ابھی شام ہی میں تھا کہ

❶ مختصر صحیح مسلم ، للالبانی، رقم الحدیث 578

www.sirat-e-mustaqeem.com



رمضان کا چاند نظر آ گیا۔میں نے بھی جمعہ کی رات چاند دیکھا۔ پھر میں رمضان کے آخر میں مدینہ (واپس) آ گیا۔ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے چاند کے بارے مجھ سے دریافت کیا ''تم نے (وہاں) چاند کب دیکھا تھا؟''میں نے جواب دیا''ہم نے تو جمعہ کی رات دیکھا تھا۔'' حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے پھر پوچھا ''کیا تم نے بھی دیکھا تھا؟'' میں نے جواب دیا''ہاں! بہت سے دوسرے آدمیوں نے بھی دیکھا تھا اور سب لوگوں نے حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے ساتھ (دوسرے دن یعنی ہفتہ کا) روزہ رکھا۔'' حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا''ہم نے تو چاند ہفتہ کے دن (یعنی ایک دن کے فرق سے) دیکھا ہے۔ہم اسی حساب سے روزے رکھتے رہیں گے یہاں تک کہ تیس دن پورے کرلیں یا چاند دیکھ لیں۔'' میں نے عرض کیا''کیا آپ لوگ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کی رؤیت اوران کے روزے کو کافی نہیں سمجھتے ؟''فرمایا''نہیں! ہمیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسی طرح حکم فرمایا ہے۔'' اسے احمد، مسلم، ابوداؤد اور نسائی نے روایت کیا ہے۔

**مسئلہ 30** اَبر کی وجہ سے شوال کا چاند دکھائی نہ دے اور روزہ رکھ لینے کے بعد معلوم ہوجائے کہ چاند نظر آ چکا ہے تو روزہ کھول دینا چاہئے۔

**وضاحت:** حدیث مسئلہ نمبر 183 کے تحت ملاحظہ فرمائیں۔

☆☆☆

www.sirat-e-mustaqeem.com



# اَلنِّـــــيَّةُ
# نیت کے مسائل

**مَسئله 31** اعمال کے اجر وثواب کا دارومدار نیت پر ہے۔

عَنْ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ ﷺ قَالَ : سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ يَقُوْلُ (( اِنَّمَا الْاَعْمَالُ بِالنِّيَّاتِ وَ اِنَّمَا لِكُلِّ امْرِیءٍ مَا نَوٰی فَمَنْ كَانَتْ هِجْرَتُهُ اِلٰی دُنْيَا يُصِيْبُهَا أَوْ اِلَی امْرَأَةٍ يَنْكِحُهَا فَهِجْرَتُهُ اِلٰی مَا هَاجَرَ اِلَيْهِ )) رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ ❶

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ”اعمال کا دارو مدار نیتوں پر ہے ہر شخص کو اس کی نیت کے مطابق بدلہ ملے گا جس نے دنیا حاصل کرنے کے لئے ہجرت کی اسے صرف دنیا ہی ملے گی (اور ہجرت کا ثواب نہیں ملے گا) اور جس نے کسی عورت سے نکاح کے لئے ہجرت کی اسے بس عورت ہی ملے گی (اور ہجرت کا ثواب نہیں ملے گا۔)“ اسے بخاری نے روایت کیا ہے۔

**مَسئله 32** دکھاوے کا روزہ شرک ہے۔

عَنْ شَدَّادِ بْنِ اَوْسٍ ﷺ قَالَ : سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ يَقُوْلُ (( مَنْ صَلّٰی يُرَائِیْ فَقَدْ أَشْرَكَ وَ مَنْ صَامَ يُرَائِیْ فَقَدْ أَشْرَكَ وَ مَنْ تَصَدَّقَ يُرَائِیْ فَقَدْ أَشْرَكَ )) رَوَاهُ اَحْمَدُ ❷ (صحيح)

حضرت شداد بن اوس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے ”جس نے دکھاوے کی نماز پڑھی اس نے شرک کیا، جس نے دکھاوے کا روزہ رکھا اس نے شرک کیا اور جس نے دکھاوے کے لئے صدقہ کیا اس نے شرک کیا۔ اسے احمد نے روایت کیا ہے۔

---

❶ مختصر صحیح بخاری ، للزبیدی ، رقم الحدیث 1

❷ الترغیب والترھیب ، لمحی الدین دیب ، الجزء الاول ، رقم الحدیث 43

www.sirat-e-mustaqeem.com



**مَسئلہ 33** روزے کی نیت دل کے ارادے سے ہے۔مروجہ الفاظ "وَ بِصَوْمِ غَدٍ نَوَيْتُ" سنت سے ثابت نہیں۔

**مَسئلہ 34** فرض روزے کی نیت فجر سے پہلے کرنا ضروری ہے۔

عَنْ حَفْصَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا عَنِ النَّبِيِّ ﷺ : قَالَ ((مَنْ لَمْ يُجْمِعِ الصِّيَامَ قَبْلَ الْفَجْرِ فَلاَ صِيَامَ لَهُ )) رَوَاهُ اَبُوْدَاؤُدَ وَالتِّرْمِذِیُّ ❶ (صحيح)

حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے نبی اکرم ﷺ نے فرمایا''جس نے فجر سے پہلے روزے کی نیت نہ کی اس کا روزہ نہیں۔''اسے ابوداؤد اور ترمذی نے روایت کیا ہے۔

**مَسئلہ 35** نفلی روزہ کی نیت دن میں زوال سے پہلے کسی بھی وقت کی جا سکتی ہے۔

**مَسئلہ 36** نفلی روزہ کسی وقت کسی بھی وجہ سے توڑا جا سکتا ہے۔

عَنْ عَائِشَةَ اُمِّ الْمُؤْمِنِيْنَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ : دَخَلَ عَلَیَّ النَّبِیُّ ﷺ ذَاتَ يَوْمٍ فَقَالَ ((هَلْ عِنْدَكُمْ شَیْءٌ؟)) فَقُلْنَا : لاَ ، قَالَ ((فَاِنِّیْ اِذَنْ صَائِمٌ )) ثُمَّ اَتَانَا يَوْمًا آخَرَ فَقُلْنَا : يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ! اُهْدِیَ لَنَا حَيْسٌ فَقَالَ ((اَرِيْنِيْهِ فَلَقَدْ اَصْبَحْتُ صَائِمًا)) فَاَكَلَ .رَوَاهُ مُسْلِمٌ ❷

ام المؤمنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ ایک دن نبی اکرم ﷺ میرے گھر تشریف لائے اور پوچھا''کیا تمہارے پاس کچھ (کھانے کو) ہے؟''ہم نے کہا''نہیں!''نبی اکرم ﷺ نے فرمایا''اچھا تو پھر میرا روزہ ہے۔''کسی اور دن پھر نبی اکرم ﷺ ہمارے گھر تشریف لائے''میں نے عرض کیا''یا رسول اللہ ﷺ! حیس (حلوہ) تحفہ آیا ہے۔''رسول اللہ ﷺ نے فرمایا''تو لاؤ، میں صبح سے روزے سے تھا۔''اسے مسلم نے روایت کیا ہے۔

☆☆☆

❶ صحیح سنن الترمذی ، للالبانی ، الجزء الاول ، رقم الحدیث 583

❷ مختصر صحیح مسلم، للالبانی ، رقم الحدیث 630

www.sirat-e-mustaqeem.com



# اَلسَّحُوْرُ وَالْاِفْطَارُ
# سحری اور افطاری کے مسائل

**مَسئله 37** سحری کھانے میں برکت ہے۔

**مَسئله 38** نیند سے اٹھ جانے کے بعد جان بوجھ کر سحری ترک نہیں کرنی چاہئے۔

عَنْ اَنَسٍ رضی اللہ عنہ قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ ((تَسَحَّرُوْا فَاِنَّ فِي السُّحُوْرِ بَرَكَةً)) مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ ❶

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ''سحری کھاؤ کیونکہ سحری کھانے میں برکت ہے۔'' اسے بخاری اور مسلم نے روایت کیا ہے۔

**مَسئله 39** رمضان المبارک میں فجر کی اذان سے پہلے سحری کے لئے اذان دینا سنت ہے۔

عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا أَنَّ بِلاَلاً رضی اللہ عنہ كَانَ يُؤَذِّنُ بِلَيْلٍ ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ ((كُلُوْا وَاشْرَبُوْا حَتّٰى يُؤَذِّنَ ابْنُ اُمِّ مَكْتُوْمٍ فَاِنَّهُ لاَ يُؤَذِّنُ حَتّٰى يَطْلُعَ الْفَجْرُ))مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ ❷

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضرت بلال رضی اللہ عنہ رات کو (سحری سے قبل) اذان دے دیا کرتے تھے، چنانچہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ''اس وقت تک کھاؤ پیو جب تک ابن ام مکتوم رضی اللہ عنہ اذان نہ دے دیں اس لئے کہ ابن ام مکتوم رضی اللہ عنہ اس وقت تک اذان نہیں دیتے جب تک فجر نہ ہو جائے۔'' اسے بخاری اور مسلم نے روایت کیا ہے۔

**مَسئله 40** افطار میں جلدی کرنا اور سحری میں دیر سے کھانا انبیاء کرام علیہم السلام کا

---

❶ اللؤلؤ والمرجان، الجزء الاول، رقم الحديث 665

❷ اللؤلؤ والمرجان، الجزء الاول، رقم الحديث 663

www.sirat-e-mustaqeem.com



طریقہ ہے۔

عَنْ اَبِی الدَّرْدَاءِ ﷺ قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ ((ثَلاثٌ مِنْ أَخْلاقِ النُّبُوَّةِ تَعْجِيْلُ الْإِفْطَارِ وَ تَاخِيْرُ السُّحُوْرِ وَ وَضْعُ الْيَمِيْنِ عَلَى الشِّمَالِ فِى الصَّلاةِ)) رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ ❶

(صحیح)

حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ''تین باتیں اخلاق نبوت سے ہیں ① روزہ جلدی افطار کرنا ② سحری دیر سے کھانا ③ نماز میں دایاں ہاتھ بائیں کے اوپر باندھنا۔'' اسے طبرانی نے روایت کیا ہے۔

**مسئلہ 41** سحری کھاتے اذان ہوجائے تو کھانا فوراً ترک کرنے کی بجائے جلدی جلدی کھالینا چاہئے۔

عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ ﷺ قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ((إِذَا سَمِعَ اَحَدُكُمُ النِّدَاءَ وَ الْإِنَاءُ عَلَى يَدِهِ فَلاَ يَضَعْهُ حَتّٰى يَقْضِىَ حَاجَتَهُ مِنْهُ)) رَوَاهُ اَبُوْدَاوُدَ ❷ (حسن)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ''جب کوئی آدمی اذان سنے اور پینے کا برتن اس کے ہاتھ میں ہو تو اسے فوراً نہ رکھ دے بلکہ اپنی ضرورت پوری کرلے۔'' اسے ابوداؤد نے روایت کیا ہے۔

**مسئلہ 42** روزہ افطار کرنے کے لئے غروب آفتاب شرط ہے۔

عَنْ عُمَرَ ﷺ قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ ((إِذَا أَقْبَلَ اللَّيْلُ مِنْ هٰهُنَا وَاَدْبَرَ النَّهَارُ مِنْ هٰهُنَا وَ غَرَبَتِ الشَّمْسُ فَقَدْ أَفْطَرَ الصَّائِمُ)) مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ ❸

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ''جب رات آجائے، دن چلا جائے اور سورج غروب ہوجائے تو روزہ دار روزہ کھول لے۔'' اسے بخاری اور مسلم نے روایت کیا ہے۔

❶ صحيح الجامع الصغير ، للالبانى ، الجزء الثالث ، رقم الحديث 3034

❷ صحيح سنن ابى داؤد ، للالبانى ، الجزء الثانى رقم الحديث 2060

❸ اللؤلؤ والمرجان ، الجزء الاول ، رقم الحديث 668

www.sirat-e-mustaqeem.com



**وضاحت :** دوران سفر جہاز پر سوار ہوتے وقت اگر روزہ افطار کرنے میں پندرہ منٹ باقی ہوں لیکن پرواز کی مطلوبہ بلندی پر پہنچ کر سورج ایک گھنٹہ بعد غروب ہوا تو روزہ بھی ایک گھنٹہ بعد (یعنی غروب آفتاب کے بعد) ہی افطار کیا جائے گا۔اسی طرح سحری کے وقت کا تعین بھی حاضر جگہ اور مقام کے لحاظ سے کیا جائے گا۔واللہ اعلم بالصواب!

**مَسئلہ 43** **تازہ کھجور،خشک کھجور (چھوہارہ) پانی سے روزہ افطار کرنا مسنون ہے۔**

**مَسئلہ 44** **نمک سے روزہ افطار کرنا سنت سے ثابت نہیں۔**

عَنْ اَنَسٍ ﷛ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ ﷺ يُفْطِرُ عَلٰى رُطَبَاتٍ قَبْلَ اَنْ يُصَلِّيَ فَاِنْ لَمْ تَكُنْ رُطَبَاتٌ فَعَلٰى تَمَرَاتٍ فَاِنْ لَمْ تَكُنْ حَسَا حَسَوَاتٍ مِنْ مَاءٍ . رَوَاهُ اَبُوْدَاؤُدَ وَالتِّرْمِذِيُّ ❶ (حسن)

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نماز (مغرب) سے پہلے تازہ کھجوروں سے روزہ افطار فرماتے اگر تازہ کھجوریں نہ ہوتیں تو خشک کھجوروں (چھوہاروں) سے افطار فرماتے اگر خشک کھجوریں نہ ہوتیں تو چند گھونٹ پانی سے ہی افطار فرما لیتے۔اسے ابوداؤد اور ترمذی نے روایت کیا ہے۔

**مَسئلہ 45** **روزہ افطار کرتے وقت درج ذیل دعا مانگنا مسنون ہے۔**

عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ : كَانَ النَّبِيُّ ﷺ اِذَا أَفْطَرَ قَالَ (( ذَهَبَ الظَّمَاءُ وَابْتَلَّتِ الْعُرُوْقُ وَ ثَبَتَ الْأَجْرُ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ)) رَوَاهُ اَبُوْدَاؤُدَ ❷ (حسن)

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب روزہ افطار فرماتے تو یہ دعا پڑھتے (( ذَهَبَ الظَّمَاءُ وَابْتَلَّتِ الْعُرُوْقُ وَ ثَبَتَ الْأَجْرُ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ)) ''پیاس ختم ہوئی،رگیں تر ہوگئیں اور روزے کا ثواب ان شاءاللہ پکا ہوگیا۔'' اسے ابوداؤد نے روایت کیا ہے۔

**مَسئلہ 46** **روزہ افطار کروانے والے کا اجر روزہ افطار کرنے والے کے برابر ہے۔**

عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدِ الْجُهَنِيِّ ﷛ قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ ((مَنْ فَطَّرَ صَائِمًا كَانَ لَهُ مِثْلُ أَجْرِهٖ غَيْرَ اَنَّهُ لَا يَنْقُصُ مِنْ أَجْرِ الصَّائِمِ شَيْئًا )) رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ❸ (صحیح)

---

❶ صحيح سنن ابى داؤد، للالبانى ، الجزء الثانى ، رقم الحديث 2065

❷ صحيح سنن ابى داؤد ، للالبانى ، الجزء الثانى رقم الحديث 2066

❸ صحيح سنن الترمذى ،للالبانى ، الجزء الاول ، رقم الحديث 648

www.sirat-e-mustaqeem.com



حضرت زید بن خالد جہنی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ''جس نے روزہ دار کو روزہ افطار کرایا اسے بھی اتنا ہی اجر ملے گا جتنا اجر روزہ دار کے لئے ہوگا اور روزہ دار کے اجر سے کوئی چیز کم نہ ہوگی۔'' اسے ترمذی نے روایت کیا ہے۔

**مسئلہ 47** روزہ افطار کروانے والے کو درج ذیل دعا دینی چاہئے۔

عَنْ اَنَسٍ ﷺ قَالَ : كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اِذَا أَفْطَرَ عِنْدَ قَوْمٍ قَالَ ((أَفْطَرَ عِنْدَكُمُ الصَّائِمُوْنَ وَ أَكَلَ طَعَامَكُمُ الْاَبْرَارُ وَ تَنَزَّلَتْ عَلَيْكُمُ الْمَلاَئِكَةُ )) رَوَاهُ اَحْمَدُ ❶ (صحيح)

حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب کسی کے ہاں روزہ افطار فرماتے تو یہ دعا دیتے ((أَفْطَرَ عِنْدَكُمُ الصَّائِمُوْنَ وَ أَكَلَ طَعَامَكُمُ الْاَبْرَارُ وَ تَنَزَّلَتْ عَلَيْكُمُ الْمَلاَئِكَةُ )) ''روزہ دار تمہارے ہاں روزہ افطار کرتے رہیں، نیک لوگ تمہارا کھانا کھاتے رہیں اور فرشتے تمہارے ہاں (رحمت لے کر) نازل ہوتے رہیں۔'' اسے احمد نے روایت کیا ہے

❶ صحيح الترغيب والترهيب ، للالباني ، الجزء الاول ، رقم الحديث 993

www.sirat-e-mustaqeem.com



# صَـلاةُ التَّـرَاوِيْـحِ

## نمازِتراویح کے مسائل

**مَسئلہ 48** نمازتراویح گزشتہ صغیرہ گناہوں کی مغفرت کا ذریعہ ہے۔

عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ رضی اللہ عنہ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ ((مَنْ قَامَ رَمَضَانَ اِيْمَانًا وَّ اِحْتِسَابًا غُفِرَلَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ)) رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ ❶

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ''جس نے ایمان کے ساتھ اور ثواب کی نیت سے رمضان میں قیام کیا اس کے گزشتہ سارے گناہ معاف کردیئے جاتے ہیں۔'' اسے بخاری نے روایت کیا ہے۔

**مَسئلہ 49** قیام رمضان یا نماز تراویح باقی مہینوں میں تہجد یا قیام اللیل کا دوسرا نام ہے۔

**مَسئلہ 50** نماز تراویح (یا تہجد) کی مسنون رکعتیں آٹھ ہیں، لیکن غیر مسنون رکعتوں کی کوئی حد نہیں، جو جتنی چاہے پڑھے۔

عَنْ اَبِیْ سَلْمَةَ بْنِ عَبْدِالرَّحْمٰنِ رضی اللہ عنہ اَنَّهُ سَأَلَ عَائِشَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا كَيْفَ كَانَتْ صَلاَةُ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ فِیْ رَمَضَانَ ؟ فَقَالَتْ : مَا كَانَ يَزِيْدُ فِیْ رَمَضَانَ وَ لاَ فِیْ غَيْرِهٖ عَلٰی اِحْدٰی عَشْرَةَ رَكْعَةً . يُصَلِّیْ اَرْبَعًا فَلاَ تَسْأَلْ عَنْ حُسْنِهِنَّ وَ طُوْلِهِنَّ ، ثُمَّ يُصَلِّیْ اَرْبَعًا فَلاَ تَسْأَلْ عَنْ حُسْنِهِنَّ وَ طُوْلِهِنَّ ، ثُمَّ يُصَلِّیْ ثَلاَثًا)) مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ ❷

حضرت ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے پوچھا ''رسول اللہ ﷺ کی رمضان کی رات کی نماز کیسی ہوتی تھی؟'' حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے جواب دیا ''رسول اللہ ﷺ رمضان

---

❶ مختصر صحیح بخاری ، للزبیدی، رقم الحدیث 35

❷ اللؤلؤ والمرجان، الجزء الاول، رقم الحدیث 426

www.sirat-e-mustaqeem.com


میں رات کی نماز (یعنی تراویح) یا غیر رمضان کی رات کی نماز (یعنی تہجد) گیارہ رکعتوں سے زیادہ نہ پڑھتے تھے۔ چار رکعتیں پڑھتے اوران کے طول وحسن کا کیا کہنا، پھر چار رکعتیں پڑھتے جن کے طول وحسن کا کیا کہنا، پھر تین رکعت وتر ادا فرماتے۔'' اسے بخاری اور مسلم نے روایت کیا ہے۔

**مَسئله 51** نماز تراویح کا وقت عشاء کے بعد سے لے کر طلوع فجر تک ہے۔

**مَسئله 52** نماز تراویح دو دو رکعت پڑھنا افضل ہے۔

**مَسئله 53** وتر کی ایک رکعت الگ پڑھنی بھی مسنون ہے۔

عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنهَا قَالَتْ : كَانَ النَّبِيُّ ﷺ يُصَلِّيْ فِيْمَا بَيْنَ اَنْ يَفْرُغَ مِنْ صَلاَةِ الْعِشَاءِ اِلَى الْفَجْرِ اِحْدٰى عَشْرَةَ رَكْعَةً يُسَلِّمُ بَيْنَ كُلِّ رَكْعَتَيْنِ وَ يُوْتِرُ بِوَاحِدَةٍ )) مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ ❶

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نماز عشاء اور نماز فجر کے درمیان گیارہ رکعتیں نماز ادا فرماتے ہر دو رکعت کے بعد سلام پھیرتے اور پھر ساری نماز کو ایک رکعت سے وتر بناتے۔'' اسے بخاری اور مسلم نے روایت کیا ہے۔

**مَسئله 54** رسول اللہ ﷺ نے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو صرف تین دن نماز تراویح باجماعت پڑھائی۔

**مَسئله 55** خواتین نماز تراویح مسجد میں جا کر ادا کرسکتی ہیں۔

عَنْ اَبِيْ ذَرٍّ رضی اللہ عنہ قَالَ: صُمْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ فَلَمْ يُصَلِّ بِنَا حَتّٰى بَقِيَ سَبْعٌ مِنَ الشَّهْرِ فَقَامَ بِنَا حَتّٰى ذَهَبَ ثُلُثُ اللَّيْلِ ، ثُمَّ لَمْ يَقُمْ بِنَا فِي السَّادِسَةِ وَ قَامَ بِنَا فِي الْخَامِسَةِ حَتّٰى ذَهَبَ شَطْرُ اللَّيْلِ ، فَقُلْنَا : يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ ! لَوْ نَفَّلْتَنَا بَقِيَّةَ لَيْلَتِنَا هٰذِهِ ؟ فَقَالَ ((اِنَّهُ مَنْ قَامَ مَعَ الْاِمَامِ حَتّٰى يَنْصَرِفَ كُتِبَ لَهُ قِيَامُ لَيْلَةٍ )) ثُمَّ لَمْ يُصَلِّ بِنَا حَتّٰى بَقِيَ ثَلاَثٌ مِنَ الشَّهْرِ فَصَلّٰى بِنَا فِي الثَّالِثَةِ وَ دَعَا اَهْلَهُ وَ نِسَاءَهُ فَقَامَ بِنَا حَتّٰى تَخَوَّفْنَا الْفَلاَحَ ، قُلْتُ لَهُ : وَ مَا الْفَلاَحُ ؟ قَالَ

❶ صحيح مسلم ، كتاب المسافرين ، باب صلاة الليل و عدد ركعات النبي ﷺ في الليل

www.sirat-e-mustaqeem.com



اَلسَّحُوْرُ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ❶

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے انہوں نے کہا ہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ روزے رکھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں تراویح کی نماز نہیں پڑھائی یہاں تک کہ رمضان کے سات دن باقی رہ گئے تیسویں رات کی ایک تہائی گزر جانے پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں نماز تراویح پڑھائی ۔ پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے چوبیسویں شب کو نماز تراویح نہیں پڑھائی، پچیسویں شب آدھی رات گزر جانے پر نماز تراویح پڑھائی۔ہم نے کہا ''یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! کیا ہی اچھا ہو،اگر آپ رمضان کی باقی راتوں میں بھی ہمیں نفل نماز پڑھائیں۔'' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا''جس نے امام کے فارغ ہونے تک امام کے ساتھ قیام کیا (یعنی نماز تراویح باجماعت ادا کی) اس کے لئے ساری رات کے قیام کا ثواب لکھا جائے گا۔'' پھر رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں نماز تراویح نہیں پڑھائی حتی کہ تین روز باقی رہ گئے، چنانچہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں تیسری مرتبہ ستائیسویں شب تراویح پڑھائی۔جس میں اپنے اہل وعیال کو بھی شامل کیا یہاں تک کہ ہمیں فلاح کے ختم ہونے کا ڈر ہوا۔ میں نے ابوذر رضی اللہ عنہ سے پوچھا ''فلاح کیا ہے؟'' حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ نے جواب دیا ''سحری!'' اسے ترمذی نے روایت کیا ہے۔

**مَسْئلہ 56 ایک، تین یا پانچ وتر پڑھنا بھی مسنون ہے۔**

عَنْ اَبِيْ اَيُّوْبَ الْاَنْصَارِيِّ رضی اللہ عنہ قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ ((اَلْوِتْرُ حَقٌّ عَلٰى كُلِّ مُسْلِمٍ فَمَنْ أَحَبَّ اَنْ يُوْتِرَ بِخَمْسٍ فَلْيَفْعَلْ، وَ مَنْ أَحَبَّ اَنْ يُوْتِرَ بِثَلَاثٍ فَلْيَفْعَلْ وَ مَنْ أَحَبَّ اَنْ يُوْتِرَ بِوَاحِدَةٍ فَلْيَفْعَلْ)) رَوَاهُ اَبُوْ دَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ❷ (صحيح)

حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ''وتر پڑھنا ہر مسلمان کے ذمہ ہے، جو پسند کرے وہ پانچ پڑھے، جو پسند کرے وہ تین پڑھے اور جو پسند کرے وہ ایک پڑھے۔'' اسے ابوداؤد، نسائی اور ابن ماجہ نے روایت کیا ہے۔

**مَسْئلہ 57 ایک تشہد اور ایک سلام سے تین وتر پڑھنا مسنون ہے۔**

---

❶ صحيح سنن الترمذی، للالبانی ، الجزء الاول ، رقم الحديث 646

❷ صحيح سنن ابی داؤد ، للالبانی ، الجزء الاول، رقم الحديث 1260

www.sirat-e-mustaqeem.com



**مسئلہ 58** پہلی رکعت میں سورۃ ''اعلیٰ''، دوسری میں ''کافرون'' اور تیسری میں سورۃ ''اخلاص'' پڑھنی مسنون ہے۔

عَنْ أُبَیِّ بْنِ کَعْبٍ ﷺ اَنَّ النَّبِیَّ ﷺ کَانَ یَقْرَأُ فِی الْوِتْرِ ﴿سَبِّحِ اسْمَ رَبِّکَ الْأَعْلٰی﴾ وَ فِی الرَّکْعَةِ الثَّانِیَةِ ﴿قُلْ یَا اَیُّهَا الْکَافِرُوْنَ﴾ وَ فِی الثَّالِثَةِ ﴿قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ﴾ وَ لاَ یُسَلِّمُ اِلَّا فِیْ آخِرِهِنَّ . رَوَاهُ النَّسَائِیُّ ❶ (صحیح)

حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے نبی اکرم ﷺ وتر کی تین رکعتوں میں سے پہلی میں ''سورۃ الاعلیٰ'' دوسری میں ''سورۃ کافرون'' اور تیسری رکعت میں ''سورۃ اخلاص'' پڑھا کرتے اور سلام آخری (یعنی تیسری) رکعت ہی میں پھیرتے تھے۔ اسے نسائی نے روایت کیا ہے۔

**مسئلہ 59** نماز مغرب کی طرح دو تشہد اور ایک سلام سے تین وتر ادا کرنا درست نہیں۔

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ عَنِ النَّبِیِّ ﷺ قَالَ (( لاَ تُوْتِرُوْا بِثَلاَثٍ أَوْتِرُوْا بِخَمْسٍ أَوْ بِسَبْعٍ وَلاَ تَشَبَّهُوْا بِصَلاَةِ الْمَغْرِبِ )) رَوَاهُ الدَّارُ قُطْنِیُّ ❷ (صحیح)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ، نبی اکرم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ تین وتر (نماز مغرب کی طرح) نہ پڑھو بلکہ پانچ یا سات پڑھو اور (تین وتر، نماز مغرب کی طرح دو تشہد اور ایک سلام سے پڑھ کر وتروں کی) نمازِ مغرب سے مشابہت نہ کرو۔'' اسے دار قطنی نے روایت کیا ہے

**مسئلہ 60** وتروں میں دعا قنوت رکوع سے قبل اور بعد دونوں طرح پڑھنی جائز ہے۔

سُئِلَ اَنَسُ بْنُ مَالِکٍ ﷺ عَنِ الْقُنُوْتِ فَقَالَ : قَنَتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ بَعْدَ الرُّکُوْعِ وَ فِیْ رِوَایَةٍ قَبْلَ الرُّکُوْعِ وَ بَعْدَهٗ . رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ ❸ (صحیح)

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے دعائے قنوت کے بارے میں دریافت کیا گیا تو انہوں نے کہا

---

❶ صحیح سنن النسائی، للالبانی، الجزء الاول، رقم الحدیث 1606

❷ التعلیق المغنی، الجزء الثانی، رقم الصفحہ 25

❸ صحیح سنن ابن ماجه، للالبانی، الجزء الاول، رقم الحدیث 971

www.sirat-e-mustaqeem.com



''رسول اللہ ﷺ نے رکوع کے بعد دعا قنوت پڑھی ہے۔'' ایک روایت میں یوں ہے کہ ''رکوع سے پہلے اور بعد دونوں طرح پڑھی ہے۔'' اسے ابن ماجہ نے روایت کیا ہے۔

**مسئلہ 61** دعائے قنوت ، جو نبی اکرم ﷺ نے حسن بن علی رضی اللہ عنہما کو وتر میں پڑھنے کے لئے سکھائی، درج ذیل ہے:

عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ : عَلَّمَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ كَلِمَاتٍ اَقُوْلُهُنَّ فِي الْقُنُوْتِ الْوِتْرِ ((اَللّٰهُمَّ اهْدِنِيْ فِيْمَنْ هَدَيْتَ ، وَ عَافِنِيْ فِيْمَنْ عَافَيْتَ وَ تَوَلَّنِيْ فِيْمَنْ تَوَلَّيْتَ ، وَ بَارِكْ لِيْ فِيْمَا أَعْطَيْتَ ، وَقِنِيْ شَرَّ مَا قَضَيْتَ فَإِنَّكَ تَقْضِيْ وَلَا يُقْضٰى عَلَيْكَ ، اِنَّهُ لَا يَذِلُّ مَنْ وَّالَيْتَ ، وَ لَا يَعِزُّ مَنْ عَادَيْتَ ، تَبَارَكْتَ رَبَّنَا وَ تَعَالَيْتَ )) رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَ اَبُوْدَاوُدَ وَالنِّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ❶

حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہما کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھے وتروں میں پڑھنے کے لئے یہ دعائے قنوت سکھائی ''الٰہی! مجھے ہدایت دے اور ہدایت یافتہ لوگوں میں شامل فرما، مجھے عافیت دے اوران لوگوں میں شامل فرما جنہیں تو نے عافیت عطا فرمائی، مجھے اپنا دوست بنا کران لوگوں میں شامل فرما جنہیں تو نے اپنا دوست بنایا ہے، جونعمتیں تو نے مجھے دی ہیں ان میں برکت عطا فرما، اس برائی سے مجھے محفوظ رکھ جس کا تو نے فیصلہ کیا ہے۔ بلا شبہ فیصلہ کرنے والا تو ہی ہے اور تیرے خلاف فیصلہ نہیں کیا جاتا۔ جسے تو دوست رکھے وہ کبھی رسوانہیں ہوتا اور جس سے تو دشمنی رکھے وہ کبھی عزت حاصل نہیں کرسکتا، اے ہمارے پروردگار! تیری ذات بڑی بابرکت اور بلند و بالا ہے۔'' اسے ترمذی، ابوداؤد، نسائی، ابن ماجہ اور دارمی نے روایت کیا ہے۔

**مسئلہ 62** دوسری مسنون دعائے قنوت یہ ہے:

عَنْ عُمَرَ ﷺ اَنَّهُ قَنَتَ فَقَالَ : اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْتَعِيْنُكَ وَ نَسْتَغْفِرُكَ وَ نُثْنِيْ عَلَيْكَ الْخَيْرَ كُلَّهُ وَ نَشْكُرُكَ وَ لَا نَكْفُرُكَ ، وَ نَخْلَعُ وَ نَتْرُكُ مَنْ يَفْجُرُكَ أَللّٰهُمَّ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَ لَكَ نُصَلِّيْ وَ نَسْجُدُ وَ اِلَيْكَ نَسْعٰى وَ نَحْفِدُ ، نَرْجُوْا رَحْمَتَكَ وَ نَخْشٰى عَذَابَكَ ،

❶ صحیح سنن ابن ماجه ، للالبانی ، الجزء الاول ، رقم الحدیث 968

www.sirat-e-mustaqeem.com



اِنَّ عَذَابَکَ بِالْکُفَّارِ مُلْحَقٌ . رَوَاهُ الطَّحَاوِیُّ ❶ (صحیح)

حضرت عمر رضی اللہ عنہ یہ دعائے قنوت پڑھا کرتے تھے ''یا اللہ! ہم تجھ سے مدد چاہتے ہیں، تجھ سے بخشش کے طلبگار ہیں اور تیری ہر طرح کی بہترین تعریف کرتے ہیں، تیرا شکر ادا کرتے ہیں ناشکری نہیں کرتے جو شخص تیری نافرمانی کرے ہم اس سے قطع تعلق کرتے ہیں اور اسے چھوڑتے ہیں یا اللہ! ہم صرف تیری ہی راہ میں محنت اور جدوجہد کرتے ہیں ہم تیری رحمت کے امیدوار ہیں تیرے عذاب سے ڈرتے ہیں بے شک کافروں کو تیرا عذاب پہنچ کر رہے گا۔'' اسے طحاوی نے روایت کیا ہے۔

**مَسئلہ 63** تین رات سے کم وقت میں قرآن کریم ختم کرنا ناپسندیدہ عمل ہے۔

عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ (( لَمْ یَفْقَهْ مَنْ قَرَأَ الْقُرْآنَ فِیْ أَقَلَّ مِنْ ثَلاَثٍ )) رَوَاهُ اَبُوْدَاؤٗدَ ❷ (صحیح)

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ''جو شخص تین رات سے کم وقت میں قرآن کریم ختم کرتا ہے وہ قرآن کو نہیں سمجھتا۔'' اسے ابوداؤد نے روایت کیا ہے۔

**مَسئلہ 64** ایک رات میں قرآن کریم ختم کرنا (شبینہ) خلاف سنت ہے۔

عَنْ عَائِشَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ : لاَ أَعْلَمُ نَبِیَّ اللّٰهِ ﷺ قَرَءَ الْقُرْآنَ کُلَّهٗ حَتّٰی الصَّبَاحِ . رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ ❸ (صحیح)

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں ''میں نہیں جانتی کہ نبی اکرم ﷺ نے کبھی صبح تک (ایک ہی رات میں) سارا قرآن مجید ختم کیا ہو۔'' اسے ابن ماجہ نے روایت کیا ہے۔

**مَسئلہ 65** سجدہ تلاوت میں یہ مسنون دعا پڑھنی چاہئے۔

عَنْ عَائِشَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ : کَانَ النَّبِیُّ ﷺ یَقُوْلُ فِیْ سُجُوْدِ الْقُرْآنِ بِاللَّیْلِ ((سَجَدَ وَجْهِیَ لِلَّذِیْ خَلَقَهٗ وَ شَقَّ سَمْعَهٗ وَ بَصَرَهٗ بِحَوْلِهٖ وَ قُوَّتِهٖ )) رَوَاهُ اَبُوْدَاؤٗدَ

---

❶ ارواء الغلیل، للالبانی، 2/163-165

❷ صحیح سنن ابی داؤد، للالبانی، الجزء الاول، رقم الحدیث 1242

❸ صحیح سنن ابن ماجه، للالبانی، الجزء الاول، رقم الحدیث 1108

www.sirat-e-mustaqeem.com



وَالتِّرْمِذِيُّ وَالنِّسَائِيُّ❶ (صحيح)

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم قیام اللیل کے دوران جب سجدہ تلاوت کرتے تو فرماتے ''میرے چہرے نے اس ہستی کو سجدہ کیا جس نے اسے پیدا کیا اور اپنی طاقت وقدرت سے اس میں کان اور آنکھیں بنائیں۔'' اسے ابوداؤد، ترمذی اور نسائی نے روایت کیا ہے۔

**مسئلہ 66** فرض نمازوں کے علاوہ نفل نمازوں میں قرآن کریم سے دیکھ کر تلاوت کرنا جائز ہے۔

كَانَتْ عَائِشَةُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا يَؤُمُّهَا عَبْدُهَا ذَكْوَانُ مِنَ الْمُصْحَفِ . رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ❷

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا غلام ذکوان قرآن کریم سے دیکھ کر نماز پڑھایا کرتا تھا۔ اسے بخاری نے روایت کیا ہے۔

**مسئلہ 67** نفلی عبادت میں جب تک شوق اور رغبت رہے، کرتے رہنا چاہئے، تکلیف یا تھکاوٹ محسوس ہو، تو چھوڑ دینا چاہئے۔

**مسئلہ 68** عبادت میں اعتدال پسندیدہ ہے۔

عَنْ اَنَسٍ رضي الله عنه قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ ((لِيُصَلِّ اَحَدُكُمْ نَشَاطَهُ فَإِذَا فَتَرَ فَلْيَقْعُدْ)) مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ❸

حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ''نفل نماز اپنی طبیعت کی خوشی اور شوق کے مطابق پڑھو، جب طبیعت تھک جائے تو بیٹھ جاؤ۔'' اسے بخاری اور مسلم نے روایت کیا ہے۔

عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ ((خُذُوْا مِنَ الْاَعْمَالِ مَا تُطِيْقُوْنَ فَإِنَّ اللّٰهَ لَا يَمَلُّ حَتّٰى تَمَلُّوْا )) مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ❹

❶ صحيح سنن ابى داؤد، للالبانى ، الجزء الاول ، رقم الحديث 1255
❷ كتاب الاذان ، باب امامة العبد والمولىٰ
❸ اللؤلؤ والمرجان ، الجزء الاول ، رقم الحديث 448
❹ اللؤلؤ والمرجان ، الجزء الاول ، رقم الحديث 712

www.sirat-e-mustaqeem.com



حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ''اپنی ہمت کے مطابق عبادت کرو، اللہ (اجر دیتے دیتے) کبھی نہیں تھکتا جبکہ تم (عبادت کرتے کرتے) تھک جاتے ہو۔'' اسے بخاری اور مسلم نے روایت کیا ہے۔

عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ ((یَا عَبْدَاللّٰهِ ! لاَ تَكُنْ مِثْلَ فُلاَنٍ كَانَ یَقُوْمُ مِنَ اللَّیْلَ فَتَرَكَ قِیَامَ اللَّیْلِ )) مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ❶

حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہما کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ''اے عبداللہ! تم فلاں آدمی کی طرح نہ ہو جانا جو رات کو (عبادت کے لئے) اٹھا کرتا تھا، پھر اس نے اٹھنا چھوڑ دیا۔'' اسے بخاری اور مسلم نے روایت کیا ہے۔

***

❶ اللؤلؤ والمرجان ، الجزء الاول ، رقم الحديث 717

www.sirat-e-mustaqeem.com



# رُخْصَةِ الصَّوْمِ

# روزوں میں رخصت کے مسائل

**مسئلہ 69** سفر میں روزہ رکھنا اور چھوڑنا دونوں درست ہیں۔

عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ : اَنَّ حَمْزَةَ بْنَ عَمْرٍو الْأَسْلَمِيَّ ﷺ قَالَ لِلنَّبِيِّ ﷺ أَأَصُوْمُ فِي السَّفَرِ ؟ وَ كَانَ كَثِيْرَ الصِّيَامِ ، فَقَالَ ((اِنْ شِئْتَ فَصُمْ وَ اِنْ شِئْتَ فَأَفْطِرْ)) مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ ❶

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حمزہ بن عمرو اسلمی رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم ﷺ سے پوچھا ''کیا میں سفر میں روزہ رکھوں؟'' اور وہ کثرت سے روزے رکھنے والے تھے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا ''اگر چاہے تو رکھ چاہے نہ رکھ۔'' اسے بخاری اور مسلم نے روایت کیا ہے۔

عَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ نِ الْخُدْرِيِّ ﷺ قَالَ : غَزَوْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ لِسِتَّ عَشْرَةَ مَضَتْ مِنْ رَمَضَانَ فَمِنَّا مَنْ صَامَ وَ مِنَّا مَنْ أَفْطَرَ فَلَمْ يَعِبِ الصَّائِمُ عَلَى الْمُفْطِرِ وَ لاَ الْمُفْطِرُ عَلَى الصَّائِمِ)) رَوَاهُ مُسْلِمٌ ❷

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ہم سولھویں روزے نبی اکرم ﷺ کے ساتھ جہاد کے لئے نکلے ہم میں سے بعض لوگوں نے روزہ رکھا اور بعض لوگوں نے چھوڑ دیا نہ روزہ دار نے بے روزہ پر اعتراض کیا نہ بے روزہ نے روزہ دار پر اعتراض کیا۔ اسے مسلم نے روایت کیا ہے۔

**مسئلہ 70** حیض و نفاس والی عورت کو مذکورہ حالت میں روزہ نہیں رکھنا چاہئے ، حیض یا نفاس ختم ہونے کے بعد روزے کی قضا ادا کرنی ہوگی۔

---

❶ اللؤلؤ والمرجان، الجزء الاول، رقم الحديث 4 ع
❷ مختصر صحيح مسلم ، للالباني، رقم الحديث 599

www.sirat-e-mustaqeem.com



## مسئلہ 71 دودھ پلانے والی حاملہ عورت کو روزہ نہ رکھنے کی رخصت ہے بعد میں صرف قضا ہوگی۔

عَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ نِ الْخُدْرِیِّ رضی اللہ عنہ قَالَ : قَالَ النَّبِیُّ ﷺ ((أَلَیْسَ اِذَا حَاضَتْ لَمْ تُصَلِّ وَ لَمْ تَصُمْ فَذٰلِکَ مِنْ نُقْصَانِ دِیْنِهَا )) رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ ❶

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نے کہا نبی اکرم ﷺ نے فرمایا ’’کیا ایسا نہیں (یعنی ایسا ہے) کہ عورت جب حائضہ ہوتی ہے تو نہ نماز پڑھ سکتی ہے نہ روزہ رکھ سکتی ہے اور ان کے دین میں کمی کی یہی وجہ ہے۔‘‘ اسے بخاری نے روایت کیا ہے۔

عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِکِ الْکَعْبِیِّ رضی اللہ عنہ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ ((اِنَّ اللّٰهَ وَضَعَ عَنِ الْمُسَافِرِ الصَّوْمَ وَ شَطْرَ الصَّلاَةِ وَ عَنِ الْحُبْلٰی وَالْمُرْضِعِ الصَّوْمَ )) رَوَاهُ اَحْمَدُ وَ اَبُوْدَاؤُدَ وَالنَّسَائِیُّ وَ التِّرْمِذِیُّ وَابْنُ مَاجَةَ ❷

حضرت انس بن مالک الکعبی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ’’اللہ تعالیٰ نے مسافر کو روزہ موخر کرنے اور نصف نماز کی رخصت دی ہے جبکہ حاملہ اور دودھ پلانے والی عورت کو روزہ موخر کرنے کی رخصت دی ہے۔‘‘ اسے احمد، ابوداؤد، نسائی، ترمذی اور ابن ماجہ نے روایت کیا ہے۔

قَالَ اَبُوالزِّنَادِ رَحِمَهُ اللّٰهُ : اِنَّ السُّنَنَ وَوُجُوْهَ الْحَقِّ لَتَاْتِیْ کَثِیْرًا عَلٰی خِلاَفِ الرَّأْیِ فَمَا یَجِدُ الْمُسْلِمُوْنَ بُدًّا مِنْ اِتِّبَاعِهَا مِنْ ذٰلِکَ أَنَّ الْحَائِضَ تَقْضِی الصِّیَامَ وَ لاَ تَقْضِی الصَّلاَةَ . رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ ❸

حضرت ابوالزناد رحمہ اللہ کہتے ہیں مسنون اور شرعی احکام بسا اوقات رائے کے برعکس ہوتے ہیں لیکن مسلمانوں پر ان احکام کی پیروی کرنا لازم ہے۔ انہی احکام میں سے ایک یہ بھی ہے کہ حائضہ روزوں کی قضا تو دے لیکن نماز کی قضا نہ دے۔ اسے بخاری نے روایت کیا ہے۔

---

❶ کتاب الصوم ، باب الحائض تترک الصوم والصلاة
❷ صحیح سنن الترمذی ، للالبانی ، الجزء الاول ، رقم الحدیث 575
❸ کتاب الصوم ، باب الحائض تترک الصوم والصلاة

www.sirat-e-mustaqeem.com



**مسئلہ 72** سفر یا جہاد میں دشواری کے پیش نظر روزہ ترک کیا جا سکتا ہے اور اگر رکھا ہو تو توڑا جا سکتا ہے اس کی صرف قضا ہو گی کفارہ نہیں۔

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ خَرَجَ اِلٰى مَكَّةَ فِيْ رَمَضَانَ فَصَامَ فَلَمَّا بَلَغَ الْكَدِيْدَ ، أَفْطَرَ ، فَأَفْطَرَ النَّاسُ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ ❶

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ رمضان کے مہینہ میں مکہ کی طرف (چڑھائی کے ارادے سے نکلے) جب مقام کدید پر پہنچے تو آپ نے روزہ توڑ دیا اور لوگوں نے بھی توڑ دیا۔ اسے بخاری اور مسلم نے روایت کیا ہے۔

**مسئلہ 73** بڑھاپا یا ایسی بیماری، جس کے ختم ہونے کی توقع نہ ہو، کی وجہ سے روزہ رکھنے کی بجائے فدیہ ادا کیا جا سکتا ہے۔ ایک روزہ کا فدیہ ایک مسکین کو دو وقت کا کھانا کھلانا ہے۔

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ : رُخِّصَ لِلشَّيْخِ الْكَبِيْرِ أَنْ يُفْطِرَ وَ يُطْعِمَ عَنْ كُلِّ يَوْمٍ مِسْكِيْنًا وَ لاَ قَضَاءَ عَلَيْهِ )) رَوَاهُ الدَّارُ قُطْنِيُّ وَالْحَاكِمُ ❷ (صحیح)

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ بوڑھے آدمی کو روزہ نہ رکھنے کی رخصت دی گئی ہے لیکن وہ ہر روزے کے بدلے ایک مسکین کو (دو وقت کا) کھانا کھلائے اور اس پر کوئی قضاء نہیں۔'' اسے دار قطنی اور حاکم نے روایت کیا ہے

**مسئلہ 74** ایسے تمام امور جن میں روزے کی رخصت ہے مثلاً بیماری، سفر، بڑھاپا، جہاد، عورت کے معاملے میں حمل اور ارضاع (دودھ پلانے والی) وغیرہ کے ہوتے ہوئے بھی کوئی شوق سے روزہ رکھ لے لیکن بعد میں روزہ نبھا نہ سکے، تو اسے روزہ توڑ دینا چاہئے ، اس صورت میں صرف

---

❶ اللؤلؤ والمرجان ، الجزء الاول ، رقم الحديث 680

❷ نيل الاوطار ، كتاب الصيام ، باب ماجاء في المريض والشيخ

www.sirat-e-mustaqeem.com



قضا ہوگی۔

عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ : كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ فِیْ سَفَرٍ فَرَأٰی زِحَامًا وَ رَجُلاً قَدْ ظُلِّلَ عَلَیْهِ فَقَالَ ((مَا هٰذَا؟)) فَقَالُوْا : صَائِمٌ . فَقَالَ ((لَیْسَ مِنَ الْبِرِّ الصَّوْمُ فِی السَّفَرِ)) مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ ❶

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے دوران سفر لوگوں کا ہجوم دیکھا لوگ ایک آدمی پر سایہ کئے ہوئے تھے۔ رسول اللہ ﷺ نے پوچھا ''کیا بات ہے؟'' لوگوں نے عرض کیا ''روزہ دار ہے۔'' آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا ''دوران سفر (اس حالت میں) روزہ رکھنا نیکی نہیں ہے۔'' اسے بخاری اور مسلم نے روایت کیا ہے۔

*****

❶ اللؤلؤ والمرجان ، الجزء الاول ، رقم الحدیث 681

www.sirat-e-mustaqeem.com


# صِيَامُ الْقَضَاءِ

# قضاروزوں کے مسائل

**مَسئلہ 75** فرض روزے کی قضا آئندہ رمضان سے پہلے کسی وقت بھی ادا کی جاسکتی ہے۔

عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ: كَانَ يَكُوْنُ عَلَيَّ الصَّوْمُ مِنْ رَمَضَانَ فَمَا أَسْتَطِيْعُ أَنْ أَقْضِيَهُ اِلَّا فِيْ شَعْبَانَ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ ❶

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں ''مجھ پر رمضان کے روزے باقی رہتے اور میں قضا روزے شعبان سے پہلے رکھنے کا موقع نہ پاتی۔'' اسے بخاری اور مسلم نے روایت کیا ہے۔

**مَسئلہ 76** فرض روزوں کی قضا متفرق طور پر یا لگا تار دونوں طرح جائز ہے۔

عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ : نَزَلَتْ ﴿ فَعِدَّةٌ مِنْ أَيَّامٍ أُخَرَ مُتَتَابِعَاتٌ ﴾ فَسَقَطَتْ ﴿ مُتَتَابِعَاتٍ. ﴾ رَوَاهُ الدَّارَ قُطْنِيُّ ❷ (صحيح)

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں ''روزوں کے بارہ میں پہلے یہ آیت نازل ہوئی کہ قضا روزے (رمضان کے علاوہ) دوسرے دنوں میں مسلسل رکھے جائیں، لیکن بعد میں مسلسل روزے رکھنے کا حکم ختم ہوگیا۔'' اسے دار قطنی نے روایت کیا ہے۔

قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا : لَا بَأْسَ اَنْ يُفَرَّقَ لِقَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى ﴿ فَعِدَّةٌ مِنْ أَيَّامٍ أُخَرَ ﴾ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ ❸

---

❶ اللؤلؤ والمرجان، الجزء الاول، رقم الحديث 703
❷ نيل الاوطار ، كتاب الصيام ، باب قضاء رمضان متتابعا و متفرقا
❸ كتاب الصوم ، باب متى يقضى قضاء رمضان؟

www.sirat-e-mustaqeem.com



حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں (قضا روزے رکھنے میں) الگ الگ روزے رکھے جائیں، تو کوئی حرج نہیں کیونکہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے "دوسرے دنوں میں تعداد پوری کی جائے۔" اسے بخاری نے روایت کیا ہے۔

**مسئلہ 77** مرنے والے کے قضا روزے اس کے وارث کو رکھنے چاہئیں۔

عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ ((مَنْ مَاتَ وَ عَلَيْهِ صِيَامٌ صَامَ عَنْهُ وَلِيُّهُ)) مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ ❶

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا رسول اللہ ﷺ نے فرمایا "جو شخص مر جائے اور اس پر فرض روزے رکھنے باقی ہوں تو اس کا وارث (اس کی طرف سے) قضا روزے رکھے۔" اسے بخاری اور مسلم نے روایت کیا ہے۔

**مسئلہ 78** نفلی روزے کی قضا ادا کرنی واجب نہیں۔

عَنْ اُمِّ هَانِئٍ قَالَتْ : لَمَّا كَانَ يَوْمُ الْفَتْحِ – فَتْحِ مَكَّةَ – جَاءَتْ فَاطِمَةُ فَجَلَسَتْ عَنْ يَسَارِ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ وَ اُمُّ هَانِئٍ عَنْ يَمِيْنِهِ قَالَتْ : فَجَاءَتِ الْوَلِيْدَةُ بِاِنَاءٍ فِيْهِ شَرَابٌ فَنَاوَلَتْهُ فَشَرِبَ مِنْهُ ثُمَّ نَاوَلَهُ اُمُّ هَانِئٍ فَشَرِبَتْ مِنْهُ فَقَالَتْ : يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ ! لَقَدْ اَفْطَرْتُ وَ كُنْتُ صَائِمَةً ، فَقَالَ لَهَا ((اَكُنْتِ تَقْضِيْنَ شَيْئًا؟)) قَالَتْ : لاَ ، قَالَ ((فَلاَ يَضُرُّكِ اِنْ كَانَ تَطَوُّعًا)) رَوَاهُ اَبُوْدَاوُدَ ❷

حضرت ام ہانیؓ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں یوم فتح یعنی فتح مکہ کے روز حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا رسول اکرم ﷺ کی بائیں طرف آ کر بیٹھیں اور میں (یعنی ام ہانی رضی اللہ عنہا) آپ ﷺ کے دائیں طرف، اتنے میں ایک لونڈی برتن لے کر آئی، جس میں پینے کی کوئی چیز تھی، لونڈی نے وہ برتن رسول اللہ ﷺ کو دیا، آپ ﷺ نے اس برتن سے پیا، پھر وہ برتن مجھے دیا، میں نے بھی اس سے پیا اور کہا "یا رسول اللہ ﷺ! میرا روزہ تھا، میں نے (آپ ﷺ کا جھوٹا پینے کے لئے) روزہ توڑ دیا۔" آپ ﷺ نے پوچھا "کیا تم نے قضا روزہ رکھا تھا؟" میں نے عرض کیا "نہیں۔" آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا "اگر نفلی روزہ تھا، تو کوئی حرج

❶ اللؤلؤ والمرجان ، الجزء الاول ، رقم الحديث 704

❷ صحيح سنن ابى داؤد ، للالبانى ، الجزء الثانى ، رقم الحديث 2145

www.sirat-e-mustaqeem.com



کی بات نہیں۔'' اسے ابوداؤد نے روایت کیا ہے۔

**مسئلہ 79 اگر کسی نے بادل کی وجہ سے روزہ قبل از وقت افطار کرلیا لیکن بعد میں یقین ہوگیا کہ سورج غروب نہیں ہوا تھا، اس صورت میں قضا واجب ہوگی اسی طرح سحری کے وقت کھانا کھالیا اور بعد میں یقین ہوگیا کہ صبح صادق ہو چکی تھی، اس صورت میں بھی قضا واجب ہوگی، کفارہ نہیں۔**

عَنْ اَسْمَاءَ بِنْتِ اَبِیْ بَکْرٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَتْ : أَفْطَرْنَا عَلٰی عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ فِیْ یَوْمٍ غَیْمٍ ثُمَّ طَلَعَتِ الشَّمْسُ ، قُلْتُ لِهِشَامٍ : أُمِرُوْا بِالْقَضَاءِ ؟ قَالَ : بُدٌّ مِنْ ذٰلِکَ . رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ ❶ (صحیح)

حضرت اسماء بنت ابی بکر رضی اللہ عنہما کہتی ہیں رسول اکرم ﷺ کے زمانے میں ایک روز ہم نے بادل کی وجہ سے روزہ افطار کرلیا بعد میں سورج نکل آیا، (حدیث کے ایک راوی اسامہ کہتے ہیں) میں نے ہشام (دوسرا راوی) سے پوچھا ''کیا لوگوں کو اس وجہ سے قضا کا حکم دیا گیا تھا؟'' ہشام نے جواب دیا ''قضا کے بغیر کوئی چارہ ہے؟''۔ اسے ابن ماجہ نے روایت کیا ہے۔

○✺○✺○

---

❶ صحیح سنن ابن ماجه، للالبانی ، الجزء الاول ، رقم الحدیث 1358

www.sirat-e-mustaqeem.com



# أَلْحَالاَتُ الَّتِيْ لاَ يَكْرَهُ فِيْهَا الصَّوْمُ

## وہ امور جن سے روزہ مکروہ نہیں ہوتا

**مَسئلہ 80** بھول چوک سے کھا پی لینا روزے کو توڑتا ہے نہ مکروہ کرتا ہے۔

عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ ﷺ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ ((اِذَا نَسِيَ فَأَكَلَ وَ شَرِبَ فَلْيُتِمَّ صَوْمَهُ فَإِنَّمَا أَطْعَمَهُ اللّٰهُ وَ سَقَاهُ)) . رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ ❶

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا ''جب کوئی بھول کر کھا پی لے تو اپنا روزہ پورا کرے، کیونکہ اسے اللہ نے کھلایا پلایا ہے۔'' اسے بخاری نے روایت کیا ہے۔

**مَسئلہ 81** مسواک کرنے سے روزہ مکروہ نہیں ہوتا۔

عَنْ عَامِرِ بْنِ رَبِيْعَةَ ﷺ قَالَ رَأَيْتُ النَّبِيَّ ﷺ يَسْتَاكُ وَ هُوَ صَائِمٌ مَا لاَ أُحْصِيَ أَوْ أَعُدُّ. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ ❷

حضرت عامر بن ربیعہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے میں نے نبی اکرم ﷺ کو روزہ کی حالت میں اتنی مرتبہ مسواک کرتے دیکھا ہے کہ گن نہیں سکتا۔ اسے بخاری نے روایت کیا ہے۔

**مَسئلہ 82** گرمی کی شدت سے روزہ دار سر میں پانی بہا سکتا ہے اس سے روزہ مکروہ نہیں ہوتا۔

عَنْ اَبِيْ بَكْرِ بْنِ عَبْدِالرَّحْمٰنِ رَحِمَهُ اللّٰهُ عَنْ رَجُلٍ عَنْ بَعْضِ أَصْحَابِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ : رَأَيْتُ النَّبِيَّ ﷺ بِالْعَرْجِ يَصُبُّ عَلٰى رَأْسِهِ الْمَاءَ وَ هُوَ صَائِمٌ مِنَ الْعَطَشِ أَوْ مِنَ الْحَرِّ. رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ❸

❶ مختصر صحیح بخاری ، للزبیدی، رقم الحدیث 940

❷ کتاب الصوم ، باب سواک الرطب والیابس

❸ صحیح سنن ابی داؤد ، للالبانی ، الجزء الثانی ، رقم الحدیث 2082

www.sirat-e-mustaqeem.com



حضرت ابوبکر بن عبدالرحمٰن رحمہ اللہ کہتے ہیں نبی اکرم ﷺ کے اصحاب میں سے ایک صحابی نے کہا ''میں نے نبی اکرم ﷺ کو دیکھا کہ نبی اکرم ﷺ روزے میں گرمی یا پیاس کی وجہ سے سر پر پانی بہا رہے تھے۔'' اسے ابوداؤد نے روایت کیا ہے۔

**مسئلہ 83** روزے کی حالت میں مذی خارج ہو یا احتلام ہو جائے، تو روزہ ٹوٹتا ہے نہ مکروہ ہوتا ہے۔

قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ وَ عِكْرَمَةُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ : أَلصَّوْمُ مِمَّا دَخَلَ وَ لَيْسَ مِمَّا خَرَجَ . رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ ❶

حضرت عبداللہ بن عباس اور حضرت عکرمہ رضی اللہ عنہم فرماتے ہیں ''روزہ کسی چیز کے جسم میں داخل ہونے سے ٹوٹتا ہے جسم سے خارج ہونے سے نہیں ٹوٹتا۔'' اسے بخاری نے روایت کیا ہے۔

**مسئلہ 84** سر میں تیل لگانے، کنگھی کرنے یا آنکھوں میں سرمہ لگانے سے روزہ مکروہ نہیں ہوتا۔

**مسئلہ 85** ہنڈیا کا ذائقہ چکھنا، تھوک نگلنا اور مکھی کے حلق میں چلے جانے سے روزہ مکروہ نہیں ہوتا۔

**مسئلہ 86** روزہ دار گرمی کی شدت میں کپڑا پانی میں تر کر کے بدن پر رکھ سکتا ہے، اس سے روزہ مکروہ نہیں ہوتا۔

قَالَ ابْنُ مَسْعُوْدٍ ﷺ : اِذَا كَانَ يَوْمُ صَوْمِ أَحَدِكُمْ فَلْيُصْبِحْ دَهِيْنًا مُتَرَجِّلاً ❷

قَالَ الْحَسَنُ ﷺ: لاَ بَأْسَ بِالسَّعُوْطِ لِلصَّائِمِ اِنْ لَمْ يَصِلْ اِلٰى حَلْقِهٖ وَ يَكْتَحِلُ ❸

قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا : لاَ بَأْسَ اَنْ يَتَطَعَّمَ الْقِدْرَ أَوِ الشَّيْءَ ❹

قَالَ عَطَاءٌ رَحِمَهُ اللّٰهُ : يَبْتَلِعُ رِيْقَهُ ❺ قَالَ الْحَسَنُ ﷺ : اِنْ دَخَلَ حَلْقَهُ الذُّبَابُ فَلاَ

❶ كتاب الصوم ، باب الحجامة و القيء للصائم
❷ كتاب الصوم ، باب اغتسال الصائم
❸ كتاب الصوم ، باب قول النبي اذا توضاء فليستنشق
❹ كتاب الصوم ، باب اغتسال الصائم
❺ كتاب الصوم ، باب اغتسال الصائم

www.sirat-e-mustaqeem.com



شَیْءَ عَلَیْهِ ❶

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا "جب تم میں سے کوئی روزہ دار ہو تو اسے تیل کنگھی کر لینا چاہئے۔"

حضرت حسن رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں "روزہ دار کے لئے ناک میں دوا ڈال لینے میں کوئی حرج نہیں بشرطیکہ حلق تک نہ پہنچے نیز روزہ دار سرمہ لگا سکتا ہے۔"

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں "روزہ دار ہنڈیا یا کسی دوسری چیز کا ذائقہ چکھ لے تو کوئی حرج نہیں۔"

حضرت عطاء رحمہ اللہ نے کہا "روزہ دار اپنا تھوک نگل سکتا ہے۔"

حضرت حسن رضی اللہ عنہ نے کہا "اگر مکھی روزہ دار کے حلق میں چلی جائے تو کوئی حرج نہیں۔"

**مَسئلہ 87** اگر کسی پر غسل فرض ہو، لیکن دیر سے اٹھے، تو سحری کھا کر غسل کر سکتا ہے، البتہ کھانے سے قبل وضو کر لینا چاہئے۔

عَنْ اَبِیْ بَکْرِ بْنِ عَبْدِالرَّحْمٰنِ رَحِمَهُ اللّٰهُ قَالَ : کُنْتُ أَنَا وَ أَبِیْ فَذَهَبْتُ مَعَهُ حَتّٰی دَخَلْنَا عَلٰی عَائِشَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ : أَشْهَدُ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ اِنْ کَانَ لَیُصْبِحُ جُنُبًا مِنْ جِمَاعٍ غَیْرِ احْتِلَامٍ ثُمَّ یَصُوْمُهُ ثُمَّ دَخَلْنَا عَلٰی أُمِّ سَلْمَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا فَقَالَتْ : مِثْلَ ذٰلِکَ . رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ ❷

حضرت ابوبکر بن عبدالرحمٰن رحمہ اللہ سے روایت ہے کہ میں اور میرے والد حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس آئے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا "میں گواہی دیتی ہوں رسول اللہ ﷺ احتلام کے سبب سے نہیں بلکہ جماع کے سبب سے حالت جنابت میں صبح کرتے اور (غسل کئے بغیر) روزہ رکھتے (بعد میں نماز فجر سے پہلے غسل فرماتے) پھر ہم (دونوں) حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے پاس آئے اور انہوں نے بھی یہی بات کہی۔" اسے بخاری نے روایت کیا ہے۔

❶ کتاب الصوم ، باب ، الصائم، اذا اکل او شرب ناسیاً

❷ کتاب الصوم ، باب اغتسال الصائم

www.sirat-e-mustaqeem.com



عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنهَا قَالَتْ : كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ إِذَا كَانَ جُنُبًا فَأَرَادَ اَنْ يَأْكُلَ أَوْ يَنَام تَوَضَّأَ وُضُوْءَ هُ لِلصَّلَاةِ . رَوَاهُ مُسْلِمٌ ❶

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتے ہیں ''رسول اللہ ﷺ حالت جنابت میں کھانا یا سونا چاہتے، تو پہلے نماز کی طرح کا وضو فرما لیتے۔'' اسے مسلم نے روایت کیا ہے۔

**مَسئله 88** روزے کی حالت میں بیوی کا بوسہ لینا جائز ہے بشرطیکہ جذبات پر قابو ہو۔

عَنْ عُمَرَ ﷺ قَالَ : هَشِشْتُ فَقَبَّلْتُ وَ اَنَا صَائِمٌ فَقُلْتُ : يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ ! صَنَعْتُ الْيَوْمَ أَمْرًا عَظِيْمًا قَبَّلْتُ وَ أَنَا صَائِمٌ ، قَالَ (( أَ رَأَيْتَ لَوْ مَضْمَضْتَ مِنَ الْمَاءِ وَ أَنْتَ صَائِمٌ)) قُلْتُ : لاَ بَاْسَ بِهِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ ((فَمَهْ)) رَوَاهُ اَحْمَدُ وَاَبُوْدَاؤُدَ ❷

حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک روز میرا جی چاہا اور میں نے روزے کی حالت میں اپنی بیوی کا بوسہ لے لیا۔ میں نے نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں عرض کیا ''آج میں نے بڑا (غلط) کام کیا ہے ، روزے کی حالت میں بوسہ لے لیا۔'' رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ''اچھا بتاؤ اگر تم روزے کی حالت میں کلی کر لو تو پھر؟'' میں نے عرض کیا ''کلی میں کیا حرج ہے۔'' نبی اکرم ﷺ نے فرمایا ''پھر کس چیز میں حرج ہے؟'' (یعنی بوسہ لینے میں کوئی حرج نہیں) اسے احمد اور ابوداؤد نے روایت کیا ہے۔

**مَسئله 89** روزے میں پچھنے لگوانا جائز ہے۔

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ : اِحْتَجَمَ النَّبِيُّ ﷺ وَ هُوَ صَائِمٌ . رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ ❸

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں نبی اکرم ﷺ نے روزے کی حالت میں پچھنے لگوائے۔ اسے بخاری نے روایت کیا ہے۔

**وضاحت :** علاج کے طور پر سوئی، بلیڈ یا استرے کے ساتھ جسم کے کسی حصہ سے خون نکالنے کو پچھنے لگوانا کہتے ہیں۔

❍✹❍✹❍

❶ مختصر صحیح مسلم، للالبانی ، رقم الحدیث 162
❷ صحیح سنن ابی داؤد ، الجزء الثانی ، رقم الحدیث 2089
❸ مختصر صحیح بخاری ، للزبیدی ، رقم الحدیث 942

www.sirat-e-mustaqeem.com



# أَلْاَشْيَاءُ الَّتِيْ لاَ يَجُوْزُ فِعْلُهَا فِي الصَّوْمِ

## وہ امور جو روزے کی حالت میں جائز نہیں

**مَسئلہ 90** غیبت کرنا، جھوٹ بولنا، گالی دینا، لڑائی جھگڑا کرنا روزے کی حالت میں بدرجہ اولیٰ ناجائز ہیں۔

عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ ﷺ قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ ((مَنْ لَّمْ يَدَعْ قَوْلَ الزُّوْرِ وَالْعَمَلِ بِهٖ فَلَيْسَ لِلّٰهِ حَاجَةٌ فِيْ اَنْ يَدَعَ طَعَامَهُ وَ شَرَابَهُ)) . رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ ❶

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت ہے نبی اکرم ﷺ نے فرمایا ''جو شخص (روزہ رکھ کر) جھوٹ بولنا اور اس پر عمل کرنا ترک نہ کرے تو اللہ تعالیٰ کو اس بات کی کوئی حاجت نہیں کہ وہ کھانا پینا چھوڑ دے۔'' اسے بخاری نے روایت کیا ہے۔

عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ ﷺ قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ ((اَلصِّيَامُ جُنَّةٌ وَ اِذَا كَانَ يَوْمُ صَوْمِ اَحَدِكُمْ فَلاَ يَرْفُثْ وَ لاَ يَصْخَبْ فَاِنْ سَابَّهُ اَحَدٌ اَوْ قَاتَلَهُ فَلْيَقُلْ اِنِّيْ امْرُءٌ صَائِمٌ)). رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ ❷

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اکرم ﷺ نے فرمایا ''روزہ ڈھال ہے۔لہٰذا جب کوئی روزہ رکھے تو فحش باتیں نہ کرے۔بیہودہ پن نہ دکھائے اگر کوئی دوسرا شخص روزہ دار سے گالی گلوچ کرے یا جھگڑے تو روزہ دار کہہ دے (بھائی) میں روزے سے ہوں۔'' (تمہاری باتوں کا جواب نہیں دوں گا۔)'' اسے بخاری نے روایت کیا ہے۔

**مَسئلہ 91** روزہ کی حالت میں بیہودہ، فحش اور جہالت کے کام یا گفتگو کرنا منع ہے۔

---

❶ مختصر صحیح بخاری ، للزبیدی، رقم الحدیث 925

❷ کتاب الصوم ، باب ھل یقول انی صائم اذا شتم

www.sirat-e-mustaqeem.com



عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم ((لَیْسَ الصِّیَامُ مِنَ الْاَكْلِ وَالشُّرْبِ اِنَّمَا الصِّیَامُ مِنَ اللَّغْوِ وَالرَّفَثِ فَاِنْ سَابَّكَ اَحَدٌ اَوْ جَهِلَ عَلَیْكَ فَلْتَقُلْ اِنِّیْ صَائِمٌ اِنِّیْ صَائِمٌ)). رَوَاهُ ابْنُ خُزَیْمَةَ ❶

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ''روزہ کھانے پینے سے رکنے کا نام نہیں بلکہ بیہودہ اور فحش کاموں سے رکنے کا نام ہے، لہٰذا اگر روزہ دار سے کوئی گالی گلوچ کرے یا جہالت سے پیش آئے تو اسے کہہ دینا چاہئے میں روزے سے ہوں۔'' (یعنی تمہارا جواب نہیں دوں گا) اسے ابن خزیمہ نے روایت کیا ہے۔

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رضی اللہ عنہ عَنِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم ((لَا تُسَابَّ وَ اَنْتَ صَائِمٌ فَاِنْ سَابَّكَ اَحَدٌ فَقُلْ اِنِّیْ صَائِمٌ وَ اِنْ كُنْتَ قَائِمًا فَاجْلِسْ)) رَوَاهُ ابْنُ خُزَیْمَةَ ❷ (صحیح)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں ''روزہ کی حالت میں کسی کو گالی نہ دو اگر کوئی دوسرا گالی دے، تو اسے کہہ دو میں روزہ سے ہوں، اگر کھڑے ہو تو بیٹھ جاؤ۔'' اسے ابن خزیمہ نے روایت کیا ہے۔

## مَسئلہ 92 جو روزہ دار اپنی شہوت پر قابو نہ رکھتا ہو اس کے لئے بیوی سے بغلگیر ہونا یا بوسہ لینا جائز نہیں۔

عَنْ عَائِشَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ : كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم یُقَبِّلُ وَ یُبَاشِرُ وَ هُوَ صَائِمٌ وَ كَانَ اَمْلَكَكُمْ لِاِرْبِهٖ . رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ ❸

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم روزہ کی حالت میں بوسہ لیتے اور بغلگیر ہوتے لیکن وہ اپنی شہوت پر سب سے زیادہ قابو پانے والے تھے۔'' اسے بخاری نے روایت کیا ہے

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رضی اللہ عنہ اَنَّ رَجُلًا سَاَلَ النَّبِیَّ صلی اللہ علیہ وسلم عَنِ الْمُبَاشَرَةِ لِلصَّائِمِ ؟ فَرَخَّصَ لَهٗ ، وَ

---

❶ ابن خزیمہ للدکتور محمد مصطفی الاعظمی ، الجزء الثالث رقم الحدیث 1996

❷ ابن خزیمہ للدکتور محمد مصطفی الاعظمی ، الجزء الثالث رقم الحدیث 1994

❸ مختصر صحیح بخاری ، للزبیدی ، رقم الحدیث 939

www.sirat-e-mustaqeem.com



أَتَاهُ آخَرُ فَسَأَلَهُ فَنَهَاهُ ، فَإِذَا الَّذِيْ رَخَّصَ لَهُ شَيْخٌ ، وَ الَّذِيْ نَهَاهُ شَابٌّ . رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ ❶

(حسن)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روزے کی حالت میں (بیوی سے) بغلگیر ہونے کے بارہ میں سوال کیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے اجازت دے دی پھر ایک اور آدمی آیا اس نے وہی سوال پوچھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے منع فرما دیا (ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں) جس کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اجازت دی وہ بوڑھا تھا اور جسے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا وہ جوان تھا۔ اسے ابوداؤد نے روایت کیا ہے۔

**مَسْئَلہ 93** روزے کی حالت میں کلی کرتے وقت ناک میں اس طرح پانی ڈالنا جائز نہیں کہ حلق تک پہنچنے کا خدشہ ہو۔

عَنْ لَقِيْطِ بْنِ صَبْرَةَ عَنْ أَبِيْهِ رضی اللہ عنہ قَالَ : قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ ! أَخْبِرْنِيْ عَنِ الْوُضُوْءِ ؟ قَالَ ((أَسْبِغِ الْوُضُوْءَ وَ خَلِّلْ بَيْنَ الْأَصَابِعِ وَ بَالِغْ فِي الْاِسْتِنْشَاقِ إِلَّا أَنْ تَكُوْنَ صَائِمًا)) رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ وَالتِّرْمِذِيُّ ❷

(صحیح)

حضرت لقیط بن صبرہ اپنے باپ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے کہا "یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! وضو کے بارے میں مجھے کچھ بتائیے۔" نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "وضو پورا کرو، انگلیوں کے درمیان خلال کرو اور ناک میں اچھی طرح پانی ڈالو، لیکن اگر روزہ ہو تو پھر ایسا نہ کرو۔" اسے ابوداؤد اور ترمذی نے روایت کیا ہے۔

✹○✹○✹

❶ صحيح سنن ابي داؤد ، الجزء الثاني ، رقم الحديث 2090

❷ صحيح سنن الترمذي ، الجزء الاول ، رقم الحديث 631

www.sirat-e-mustaqeem.com



# أَلْاَشْيَاءُ الَّتِيْ تُفْسِدُ الصَّــــــوْمِ

## روزے کو فاسد کرنے یا توڑنے والے امور

**مسئلہ 94** روزہ کے دوران جماع کرنے سے روزہ باطل ہو جاتا ہے، اس پر کفارہ بھی ہے قضا بھی۔

**مسئلہ 95** روزہ کا کفارہ ایک غلام آزاد کرنا ہے یا دو ماہ کے مسلسل روزے رکھنا یا ساٹھ محتاجوں کا کھانا کھلانا ہے۔

عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ ﷺ قَالَ : بَيْنَمَا نَحْنُ جُلُوْسٌ عِنْدَ النَّبِيِّ ﷺ اِذْ جَاءَهُ رَجُلٌ فَقَالَ : يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ ! هَلَكْتُ قَالَ ((مَالَكَ ؟)) قَالَ : وَقَعْتُ عَلَى امْرَأَتِيْ وَ أَنَا صَائِمٌ ، فَقَالَ يَا رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ ((هَلْ تَجِدُ رَقَبَةً تُعْتِقُهَا ؟)) قَالَ : لاَ ، قَالَ ((فَهَلْ تَسْتَطِيْعُ أَنْ تَصُوْمَ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ ؟)) قَالَ : لاَ ، قَالَ ((فَهَلْ تَجِدُ اِطْعَامَ سِتِّيْنَ مِسْكِيْنًا ؟)) قَالَ : لاَ ، قَالَ ((اِجْلِسْ )) فَمَكَثَ عِنْدَ النَّبِيِّ ﷺ فَبَيْنَا نَحْنُ عَلٰى ذٰلِكَ اُتِيَ النَّبِيُّ ﷺ بِعَرَقٍ فِيْهَا تَمْرٌ – وَ الْعَرَقُ الْمِكْتَلُ الضَّخْمُ – قَالَ : ((أَيْنَ السَّائِلُ ؟)) فَقَالَ : أَنَا ، قَالَ ((خُذْ هٰذَا فَتَصَدَّقْ بِهٖ)) فَقَالَ الرَّجُلُ : عَلٰى أَفْقَرَ مِنِّيْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ ؟ فَوَاللّٰهِ مَا بَيْنَ لاَبَتَيْهَا يُرِيْدُ الْحُرَّتَيْنِ أَهْلُ بَيْتٍ أَفْقَرُ مِنْ أَهْلِ بَيْتِيْ فَضَحِكَ النَّبِيُّ ﷺ حَتّٰى بَدَتْ اَنْيَابُهٗ ثُمَّ قَالَ ((أَطْعِمْهُ أَهْلَكَ)) . مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ ❶

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ہم نبی اکرم ﷺ کے پاس بیٹھے تھے کہ ایک صحابی آئے اور کہنے لگے "یا رسول اللہ ﷺ! میں ہلاک ہو گیا۔" نبی اکرم ﷺ نے پوچھا "کیا بات ہے؟" اس نے کہا "میں روزے کی حالت میں بیوی سے صحبت کر بیٹھا ہوں۔" رسول اللہ ﷺ نے پوچھا "کیا تو ایک غلام آزاد کر سکتا

---

❶ مشکوۃ المصابیح، للالبانی ، رقم الحدیث 2004

www.sirat-e-mustaqeem.com



ہے؟'' اس نے کہا ''نہیں!'' نبی اکرم ﷺ نے پھر دریافت کیا ''کیا دو ماہ کے مسلسل روزے رکھ سکتے ہو؟'' اس نے عرض کیا ''نہیں۔'' نبی اکرم ﷺ نے پھر پوچھا ''کیا ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلا سکتے ہو؟'' اس نے عرض کیا ''نہیں۔'' نبی اکرم ﷺ نے فرمایا ''اچھا بیٹھ جاؤ۔'' نبی اکرم ﷺ تھوڑی دیر رکے۔ ہم ابھی اسی حالت میں بیٹھے تھے کہ نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں ایک کھجور کا عرق لایا گیا۔ عرق بڑے ٹوکرے کو کہا جاتا ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا ''مسئلہ پوچھنے والا کہاں ہے؟'' اس نے عرض کیا ''میں حاضر ہوں۔'' نبی اکرم ﷺ نے فرمایا ''یہ کھجوریں لے جا اور صدقہ کر دے۔'' اس نے عرض کیا ''یا رسول اللہ ﷺ! کیا صدقہ اپنے سے زیادہ محتاج لوگوں کو دوں؟ واللہ! مدینہ کی ساری آبادی میں کوئی گھر میرے گھر سے زیادہ محتاج نہیں۔'' رسول اللہ ﷺ ہنس دیئے یہاں تک کہ نبی اکرم ﷺ کی ڈاڑھیں نظر آنے لگیں۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا ''اچھا جاؤ اپنے گھر والوں کو ہی کھلا دو۔'' اسے بخاری اور مسلم نے روایت کیا ہے۔

عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ ﷺ قَالَ : جَاءَ رَجُلٌ اِلَى النَّبِيِّ ﷺ فَقَالَ : اِنِّيْ أَفْطَرْتُ يَوْمًا مِنْ رَمَضَانَ فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ ((تَصَدَّقْ وَاسْتَغْفِرِ اللّٰهَ وَ صُمْ يَوْمًا مَكَانَهُ)) رَوَاهُ ابْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ فِي الْمُصَنَّفِ ❶

حضرت سعید بن مسیب رضی اللہ عنہ کہتے ہیں ایک آدمی نبی اکرم ﷺ کے پاس آیا اور کہا ''میں نے رمضان کا روزہ توڑ دیا ہے۔'' نبی اکرم ﷺ نے اسے فرمایا ''صدقہ کر، اللہ تعالیٰ سے معافی مانگ اور روزے کی قضا ادا کر۔'' اسے ابن ابی شیبہ نے مصنف میں روایت کیا ہے۔

وضاحت : آج بھی اگر کوئی شخص ایسی صورت حال سے دوچار ہو اور تینوں کاموں میں سے کسی ایک کی بھی قدرت نہ رکھتا ہو تو اسے حسب استطاعت صدقہ کر دینا چاہئے لیکن جب تینوں میں سے کسی ایک کام کی بھی استطاعت حاصل ہو جائے تو کفارہ ادا کرنا لازمی ہوگا۔ واللہ اعلم بالصواب!

**مسئلہ 96** قصداً قے کرنے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے اور اس پر قضا واجب ہے۔

**مسئلہ 97** خود بخود قے آنے سے روزہ نہیں ٹوٹتا۔

عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ ﷺ قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ ((مَنْ ذَرَعَهُ قَيْءٌ وَهُوَ صَائِمٌ فَلَيْسَ عَلَيْهِ قَضَاءٌ ، وَ اِنِ اسْتَقَاءَ فَلْيَقْضِ)). رَوَاهُ اَبُوْدَاوُدَ وَابْنُ مَاجَةَ ❷

❶ ارواء الغلیل ، للالبانی 92/4

❷ صحیح سنن ابی داؤد ، الجزء الثانی ، رقم الحدیث 2084

www.sirat-e-mustaqeem.com



حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ''جس روزہ دار کو خود بخود قے آئے اس پر قضا نہیں ہے، البتہ جو روزہ دار قصداً قے لائے وہ قضا روزہ رکھے۔'' اسے ابوداؤد اور ابن ماجہ نے روایت کیا ہے۔

**وضاحت :** قصداً قے کرنے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے اور اس پر قضا واجب ہے۔

## مَسئلہ 98 حیض یا نفاس شروع ہونے سے عورت کا روزہ ٹوٹ جاتا ہے، روزے کی قضا ہے، نماز کی نہیں۔

**عَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ نِ الْخُدْرِیِّ رضی اللہ عنہ قَالَ : قَالَ النَّبِیُّ ﷺ ((أَ لَیْسَ اِذَا حَاضَتْ لَمْ تُصَلِّ وَ لَمْ تَصُمْ فَذٰلِکَ مِنْ نُقْصَانِ دِیْنِهَا)) رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ ❶**

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ''کیا ایسا نہیں ہے کہ عورت جب حائضہ ہو جاتی ہے، تو نہ نماز پڑھ سکتی ہے نہ روزہ رکھ سکتی ہے اور عورتوں کے دین میں کمی کی یہی وجہ ہے۔'' اسے بخاری نے روایت کیا ہے۔

**قَالَ اَبُو الزِّنَادِ رَحِمَهُ اللّٰهُ: اَنَّ السُّنَنَ وَ وُجُوْهَ الْحَقِّ لَتَأْتِیْ كَثِیْرًا عَلٰی خِلَافِ الرَّأْیِ فَمَا یَجِدُ الْمُسْلِمُوْنَ بُدًّا مِنْ اِتِّبَاعِهَا مِنْ ذٰلِکَ اَنَّ الْحَائِضَ تَقْضِی الصِّیَامَ وَ لَا تَقْضِی الصَّلَاةَ . رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ ❷**

حضرت ابوالزناد رحمہ اللہ کہتے ہیں مسنون اور شرعی احکام بسا اوقات رائے کے برعکس ہوتے ہیں لیکن مسلمانوں پر ان احکام کی پیروی کرنا لازم ہے۔ انہی احکام میں سے ایک یہ بھی ہے کہ حائضہ روزوں کی قضا تو دے لیکن نماز کی قضا نہ دے۔'' اسے بخاری نے روایت کیا ہے۔

❖❖❖

❶ كتاب الصوم ، باب الحائض تترک الصوم و الصلاة

❷ كتاب الصوم ، باب الحائض تترک الصوم و الصلاة

www.sirat-e-mustaqeem.com



# صِيَامِ التَّطَوُّعِ
# نفلی روزے

## مَسئلہ 99 نفلی روزے کی فضیلت۔

عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ رضی اللہ عنہ قَالَ : سَمِعْتُ النَّبِيَّ ﷺ يَقُوْلُ ((مَنْ صَامَ يَوْمًا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بَاعَدَ اللّٰهُ وَجْهَهُ عَنِ النَّارِ سَبْعِيْنَ خَرِيْفًا. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ ❶

حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے ''جس نے اللہ کی راہ میں ایک دن کا روزہ رکھا اللہ تعالیٰ اسے ستر سال کی مسافت کے برابر جہنم کی آگ سے دور کردیں گے۔'' اسے بخاری اور مسلم نے روایت کیا ہے۔

## مَسئلہ 100 ہر سال کے شوال کے چھ روزے رکھنے کا ثواب عمر بھر کے روزے رکھنے کے برابر ہے۔

عَنْ أَبِيْ أَيُّوْبَ الْأَنْصَارِيِّ رضی اللہ عنہ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ ((مَنْ صَامَ رَمَضَانَ ثُمَّ أَتْبَعَهُ بِسِتٍّ مِنْ شَوَّالٍ فَكَأَنَّمَا صَامَ الدَّهْرَ)) رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَ أَبُوْدَاؤُدَ وَالنِّسَائِيُّ وَالتِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ ❷ (صحيح)

حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ''جو شخص رمضان کے روزے رکھ کر (ہر سال) شوال میں بھی چھ روزے رکھے اسے عمر بھر کے روزوں کا ثواب ملتا ہے۔'' اسے مسلم، ابوداؤد، نسائی، ترمذی اور ابن ماجہ نے روایت کیا ہے۔

وضاحت : 30+6=36x10=360 روزوں کا ثواب یعنی سال بھر، اور اگر ہر سال کے رمضان کے بعد (ہر سال باقاعدگی سے) شوال کے چھ روزے رکھے جائیں تو عمر بھر کے روزوں کا ثواب، ہوجائے گا۔

❶ مشكوة المصابيح، للالبانى ، رقم الحديث 2004
❷ صحيح سنن ابى داؤد ، الجزء الثانى ،رقم الحديث 2125

www.sirat-e-mustaqeem.com



**مَسئلہ 101** باقاعدگی سے ایام بیض (چاند کی 15/14/13 تاریخ) کے روزے رکھنے سے عمر بھر کے روزوں کا ثواب ملتا ہے۔

عَنْ اَبِیْ قَتَادَةَ ﷺ قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ ((ثَلاَثٌ مِنْ كُلِّ شَهْرٍ وَ رَمَضَانُ اِلٰی رَمَضَانَ فَهٰذَا صِیَامُ الدَّهْرِ كُلِّهٖ)) رَوَاهُ مُسْلِمٌ ❶

حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ''ایک رمضان سے دوسرے رمضان کے درمیانی عرصہ میں ہر ماہ تین دن (ایام بیض) کے روزے رکھنا عمر بھر روزے رکھنے کے برابر ہے۔'' اسے مسلم نے روایت کیا ہے۔

وضاحت : 360=10x36=12x3 روزے۔

**مَسئلہ 102** سفر میں نفلی روزہ رکھنا جائز ہے۔

عَنْ حَمْزَةَ بْنِ عَمْرٍو الْاَسْلَمِیِّ ﷺ اَنَّهٗ سَاَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ أَصُوْمُ فِی السَّفَرِ؟ قَالَ ((اِنْ شِئْتَ فَصُمْ وَ اِنْ شِئْتَ فَأَفْطِرْ)) رَوَاهُ النِّسَائِیُّ ❷ (صحيح)

حضرت حمزہ بن عمرو اسلمی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ سے پوچھا ''کیا میں سفر میں روزہ رکھوں؟'' آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا ''اگر چاہو تو رکھو چاہو تو نہ رکھو۔'' اسے نسائی نے روایت کیا ہے۔

**مَسئلہ 103** جہاد یا حج کے سفر میں روزہ رکھنے والے کو اللہ تعالیٰ ستر سال کی مسافت کے برابر جہنم سے دور کر دیتے ہیں

وضاحت : حدیث مسئلہ نمبر 99 کے تحت ملاحظہ فرمائیں۔

**مَسئلہ 104** سوموار اور جمعرات کا روزہ رکھنا رسول اکرم ﷺ کو پسند تھا۔

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ ﷺ قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ ((تُعْرَضُ الْاَعْمَالُ یَوْمَ الْاِثْنَیْنِ وَ الْخَمِیْسِ فَأُحِبُّ اَنْ یُعْرَضَ عَمَلِیْ وَ اَنَا صَائِمٌ)). رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ ❸

---

❶ مختصر صحیح مسلم ، للالبانی ، رقم الحدیث 620

❷ صحیح سنن النسائی، للالبانی، الجزء الثانی ، رقم الحدیث 2180

❸ صحیح سنن الترمذی ، للالبانی ، الجزء الاول ، رقم الحدیث 596

www.sirat-e-mustaqeem.com



حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ’’سوموار اور جمعرات کو لوگوں کے اعمال اللہ کے حضور پیش کئے جاتے ہیں، میں چاہتا ہوں کہ جب میرے اعمال اللہ کے ہاں پیش کئے جائیں تو میں (اس وقت) روزہ سے ہوں۔‘‘ اسے ترمذی نے روایت کیا ہے۔

**مسئلہ 105 یوم عرفہ (9 ذوالحجہ) کا ایک روزہ ایک گزشتہ اور ایک آئندہ یعنی دو سال کے (صغیرہ) گناہوں کا کفارہ ہے جبکہ یوم عاشورا (10 محرم) کا روزہ گزشتہ ایک سال کے (صغیرہ گناہوں) کا کفارہ ہے۔**

عَنْ اَبِیْ قَتَادَةَ ؓ اَنَّ النَّبِیَّ ﷺ قَالَ ((صِیَامُ یَوْمِ عَرَفَةَ أَحْتَسِبُ عَلَی اللّٰهِ اَنْ یُکَفِّرَ السَّنَةَ الَّتِیْ قَبْلَهٗ وَالسَّنَةَ الَّتِیْ بَعْدَهٗ وَ صِیَامُ یَوْمِ عَاشُوْرَاءَ أَحْتَسِبُ عَلَی اللّٰهِ اَنْ یُّکَفِّرَ السَّنَةَ الَّتِیْ قَبْلَهٗ)) رَوَاهُ مُسْلِمٌ❶

حضرت ابو قتادہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ’’میں اللہ تعالیٰ سے امید رکھتا ہوں کہ یوم عرفہ کے روزہ کے بدلہ میں اللہ تعالیٰ ایک گزشتہ اور ایک آئندہ سال کے گناہ معاف فرمائیں گے اور یوم عاشورہ کے روزہ کے بدلہ میں گزشتہ ایک سال کے گناہ معاف فرمائیں گے۔‘‘ اسے مسلم نے روایت کیا ہے۔

**مسئلہ 106 صرف 10 محرم کا روزہ رکھنا مکروہ ہے۔**

**وضاحت:** حدیث مسئلہ نمبر 129 کے تحت ملاحظہ فرمائیں۔

**مسئلہ 107 رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم شعبان کے مہینے میں باقی سب مہینوں سے زیادہ روزے رکھتے تھے۔**

عَنْ عَائِشَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا اَنَّهَا قَالَتْ : مَا رَأَیْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ اسْتَکْمَلَ صِیَامَ شَهْرٍ اِلَّا رَمَضَانَ وَ مَا رَأَیْتُهٗ فِیْ شَهْرٍ اَکْثَرَمِنْهُ صِیَامًا فِیْ شَعْبَانَ . مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ❷

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو رمضان کے علاوہ کسی مہینے کے پورے روزے رکھتے نہیں دیکھا نہ ہی شعبان کے علاوہ کسی دوسرے مہینے میں کثرت سے روزے رکھتے دیکھا

❶ مختصر صحیح مسلم ، للالبانی ، رقم الحدیث 620

❷ اللؤلؤ والمرجان ،الجزء الاول ، رقم الحدیث 711

www.sirat-e-mustaqeem.com



ہے۔'' اسے بخاری اور مسلم نے روایت کیا ہے۔

وضاحت : 15 شعبان کو خاص طور پر روزہ رکھنے کی تمام احادیث غیر معتبر ہیں۔ زیادہ سے زیادہ جو چیز صحیح احادیث سے ثابت ہے وہ یہ ہے کہ اس مہینے میں رسول اکرم ﷺ کثرت سے روزے رکھتے تھے۔ واللہ اعلم بالصواب!

## مَسْئلہ 108 نفلی روزہ رکھنے میں ایک دن چھوڑ کر دوسرے دن روزہ رکھنے کا طریقہ سب سے افضل ہے۔

عَنْ عَبْدِاللّٰهِ ابْنِ عَمْرٍو رضی اللہ عنہ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ ((صُمْ فِيْ كُلِّ شَهْرٍ ثَلاَثَةَ اَيَّامٍ)) قُلْتُ : اِنِّيْ اَقْوٰى مِنْ ذٰلِكَ فَلَمْ يَزَلْ يَرْفَعُنِيْ حَتّٰى قَالَ ((صُمْ يَوْمًا وَ اَفْطِرْ يَوْمًا فَاِنَّهُ اَفْضَلُ الصِّيَامِ وَ هُوَ صَوْمُ اَخِيْ دَاوٗدَ عَلَيْهِ السَّلاَمُ)) مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ❶

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ''ہر ماہ تین دن کے روزے رکھو۔'' میں نے عرض کیا ''مجھ میں اس سے زیادہ طاقت ہے۔'' رسول اللہ ﷺ برابر مجھ سے روزے کم کراتے رہے حتی کہ آپ نے فرمایا ''ایک دن روزہ رکھو ایک دن ترک کرو، یہ افضل ترین روزے ہیں، میرے بھائی داؤد علیہ السلام کا یہی طریقہ تھا۔'' اسے بخاری اور مسلم نے روایت کیا ہے۔

## مَسْئلہ 109 محرم کے مہینہ میں روزے رکھنے کی فضیلت۔

عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ ((اَفْضَلُ الصِّيَامِ بَعْدَ رَمَضَانَ شَهْرُ اللّٰهِ الْمُحَرَّمُ ، وَ اَفْضَلُ الصَّلاَةِ بَعْدَ الْفَرِيْضَةِ صَلاَةُ اللَّيْلِ)) رَوَاهُ مُسْلِمٌ❷

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ''رمضان کے بعد سب سے افضل روزے محرم کے روزے ہیں، جو اللہ کا مہینہ ہے اور فرض نماز کے بعد سب سے افضل تہجد کی نماز ہے۔'' اسے مسلم نے روایت کیا ہے۔

## مَسْئلہ 110 سوموار کے روزے کی فضیلت۔

عَنْ اَبِيْ قَتَادَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ عَنْ صَوْمِ الْاِثْنَيْنِ فَقَالَ ((فِيْهِ وُلِدْتُ وَ فِيْهِ اُنْزِلَ عَلَيَّ)) رَوَاهُ مُسْلِمٌ❸

❶ منتقى الاخبار، الجزء الثانى ، رقم الحديث 2248
❷ مختصر صحيح مسلم ، للالبانى ، رقم الحديث 610
❸ مختصر صحيح مسلم ، للالبانى ، رقم الحديث 624

www.sirat-e-mustaqeem.com



حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ سے سوموار کے روزہ کے بارہ میں سوال کیا گیا تو آپ ﷺ نے فرمایا ''اس دن میں پیدا کیا گیا اور اسی دن مجھ پر قرآن نازل ہونا شروع ہوا۔'' اسے مسلم نے روایت کیا ہے۔

**مَسئلہ 111** ذی الحجہ کے پہلے 9 روزے رکھنا مستحب ہے۔

**مَسئلہ 112** ہر ماہ کوئی سے 3 روزے رکھنا مستحب ہے۔

**مَسئلہ 113** ہر ماہ کے پہلے سوموار اور پہلی دونوں جمعرات کے روزے رکھنا بھی آپ ﷺ کا معمول مبارک تھا۔

عَنْ بَعْضِ اَزْوَاجِ النَّبِيِّ ﷺ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ كَانَ يَصُوْمُ تِسْعَةً مِنْ ذِى الْحِجَّةِ وَ يَوْمَ عَاشُوْرَاءَ وَ ثَلاَثَةَ اَيَّامٍ مِنْ كُلِّ شَهْرٍ، اَوَّلَ اثْنَيْنِ مِنَ الشَّهْرِ وَ خَمِيْسَيْنِ . رَوَاهُ النِّسَائِىُّ ❶ (صحيح)

نبی اکرم ﷺ کی کسی زوجہ محترمہ سے روایت ہے کہ رسول اکرم ﷺ ذی الحجہ کے (پہلے) نو روزے اور یوم عاشور کا روزہ رکھا کرتے تھے نیز ہر ماہ میں تین روزے رکھا کرتے ایک روزہ ہر ماہ کے پہلے سوموار کو اور ہر ماہ کی پہلی دو جمعرات کو (ایک ایک روزہ)۔'' اسے نسائی نے روایت کیا ہے۔

**مَسئلہ 114** نفلی روزے کی نیت دن میں زوال سے پہلے کسی وقت بھی کی جاسکتی ہے بشرطیکہ کچھ کھایا پیا نہ ہو۔

**وضاحت :** حدیث مسئلہ نمبر 35 کے تحت ملاحظہ فرمائیں۔

**مَسئلہ 115** نفلی روزے کی قضا واجب نہیں۔

**وضاحت :** حدیث مسئلہ نمبر 78 کے تحت ملاحظہ فرمائیں۔

**مَسئلہ 116** نفلی عبادت میں اعتدال اور میانہ روی افضل ہے۔

**وضاحت :** حدیث مسئلہ نمبر 68 کے تحت ملاحظہ فرمائیں۔

**مَسئلہ 117** صیام اربعین (مسلسل چالیس روزوں کا چلّہ) سنتِ رسول ﷺ سے ثابت نہیں۔

---

❶ صحيح سنن النسائى ، للالبانى ، الجزء الثانى، رقم الحديث 2274

www.sirat-e-mustaqeem.com



# أَلصِّيَام الْمَمْنُوْعُ وَالْمَكْرُوْهُ

## ممنوع اور مکروہ روزے

**مَسئلہ 118** عیدالفطر اور عیدالاضحیٰ کے روزے رکھنا منع ہیں۔

عَنْ أَبِيْ عُبَيْدٍ ﷺ قَالَ : شَهِدْتُ الْعِيْدَ مَعَ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ ﷺ فَقَالَ : هٰذَانِ يَوْمَانِ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ عَنْ صِيَامِهِمَا يَوْمُ فِطْرِكُمْ مِنْ صِيَامِكُمْ وَالْيَوْمُ الْآخَرُ تَأْكُلُوْنَ فِيْهِ مِنْ نُسُكِكُمْ. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ ❶

حضرت ابوعبید رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میں نے عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے ساتھ نماز عید ادا کی ۔حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا ’’ان دو، دنوں کے روزے رکھنے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا ہے پہلا دن جب تم اپنے روزے ختم کرو، دوسرا دن جب تم قربانی کا گوشت کھاتے ہو۔‘‘ اسے بخاری نے روایت کیا ہے۔

**مَسئلہ 119** صرف جمعہ کے دن کا روزہ رکھنا مکروہ ہے۔

**مَسئلہ 120** اگر کوئی شخص اپنے معمول کے مطابق جمعہ کا روزہ رکھے تو جائز ہے مثلاً اگر کوئی شخص ہر دوسرے یا تیسرے دن روزے رکھنے کا عادی ہے اور کسی دن جمعہ کا روزہ آجاتا ہے تو وہ جائز ہے۔

عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ ﷺ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ ((لاَ تَخْتَصُّوْا لَيْلَةَ الْجُمُعَةِ بِقِيَامٍ مِنْ بَيْنِ اللَّيَالِيْ ، وَ لاَ تَخُصُّوْا يَوْمَ الْجُمُعَةِ بِصِيَامٍ مِنْ بَيْنِ الْأَيَّامِ اِلاَّ اَنْ يَكُوْنَ فِيْ صَوْمٍ يَصُوْمُهُ اَحَدُكُمْ)) رَوَاهُ مُسْلِمٌ ❷

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ’’جمعہ کی رات (جمعہ اور

❶ كتاب الصوم ، باب صوم يوم الفطر
❷ مختصر صحيح مسلم ، للالباني ،رقم الحديث 626

www.sirat-e-mustaqeem.com



جمعرات کی درمیانی رات ) کو قیام اللیل کے لئے مقرر نہ کرو اور نہ جمعہ کا دن روزے کے لئے مخصوص کرو، ہاں اگر کوئی شخص روزے رکھنے کا عادی ہو اور اس میں جمعہ آ جائے تو پھر جائز ہے۔'' اسے مسلم نے روایت کیا ہے۔

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ ﷺ قَالَ : سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ یَقُوْلُ (( لاَ یَصُوْمُ اَحَدُکُمْ یَوْمَ الْجُمُعَةِ اِلاَّ یَوْمًا قَبْلَهُ أَوْ بَعْدَهُ )) رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ ❶

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے ''کوئی آدمی صرف جمعہ کا روزہ نہ رکھے اگر رکھنا چاہے تو ایک دن پہلا یا پچھلا ساتھ ملا کر رکھے۔'' (یعنی جمعرات اور جمعہ کا یا جمعہ اور ہفتہ کا ) اسے بخاری نے روایت کیا ہے۔

**مَسئلہ 121** صوم وصال (یعنی شام کے وقت روزہ افطار نہ کرنا اور کچھ کھائے پیئے بغیر اگلا روزہ شروع کر دینا) مکروہ ہے۔

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ ﷺ قَالَ : نَهٰی رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ عَنِ الْوِصَالِ فِی الصَّوْمِ، فَقَالَ لَهُ رَجُلٌ مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ ، اِنَّکَ تُوَاصِلُ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ ، قَالَ ((وَ أَیُّکُمْ مِثْلِیْ ؟ اِنِّیْ أَبِیْتُ یُطْعِمُنِیْ رَبِّیْ وَ یَسْقِیْنِ )) مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ ❷

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے صوم وصال سے منع فرمایا تو ایک آدمی نے عرض کیا ''یا رسول اللہ ﷺ! آپ تو صوم وصال رکھتے ہیں؟'' آپ ﷺ نے فرمایا ''تم میں مجھ جیسا کون ہے میں رات کو سوتا ہوں، تو مجھے میرا رب کھلاتا بھی ہے پلاتا بھی ہے۔'' اسے بخاری اور مسلم نے روایت کیا ہے۔

**مَسئلہ 122** رمضان شروع ہونے سے پہلے استقبال کے طور پر روزے رکھنا منع ہیں۔

**مَسئلہ 123** اگر کوئی شخص اپنے گزشتہ معمول کے مطابق روزے رکھتا چلا آ رہا ہے اور وہ دن اتفاقاً رمضان سے ایک یا دو روز پہلے آ گیا تو کوئی حرج نہیں۔

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ ﷺ قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ (( لاَ یَتَقَدَّمَنَّ اَحَدُکُمْ رَمَضَانَ بِصَوْمِ

---

❶ کتاب الصوم ، باب صوم یوم الجمعة

❷ اللؤلؤ والمرجان ، الجزء الاول، رقم الحدیث 671

www.sirat-e-mustaqeem.com



یَوْمٍ أَوْ یَوْمَیْنِ اِلاَّ اَنْ یَکُوْنَ رَجُلٌ کَانَ یَصُوْمُ صَوْمًا فَلْیَصُمْ ذٰلِکَ الْیَوْمَ)) مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ ❶

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ''رمضان سے ایک یا دو روز پہلے کوئی آدمی روزہ نہ رکھے، البتہ وہ شخص جو اپنے معمول کے مطابق روزے رکھتا آ رہا ہے وہ رکھ سکتا ہے۔'' اسے بخاری اور مسلم نے روایت کیا ہے۔

**مَسْئله 124 مسلسل روزے رکھنا منع ہیں۔**

عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ : قَالَ لِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ ((یَا عَبْدَاللّٰهِ أَ لَمْ اُخْبَرْ أَنَّکَ تَصُوْمُ النَّهَارَ وَ تَقُوْمُ اللَّیْلَ )) فَقُلْتُ : بَلٰی یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ، قَالَ (( فَلاَ تَفْعَلْ صُمْ وَ أَفْطِرْ وَ قُمْ وَ نَمْ فَاِنَّ لِجَسَدِکَ عَلَیْکَ حَقًّا وَ اِنَّ لِعَیْنِکَ عَلَیْکَ حَقًّا ، وَاِنَّ لِزَوْجِکَ عَلَیْکَ حَقًّا ، وَ اِنَّ لِزَوْرِکَ عَلَیْکَ حَقًّا لاَ صَامَ مَنْ صَامَ الدَّهْرَ )). مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ ❷

حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہما کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے فرمایا ''اے عبداللہ! مجھے خبر ملی ہے کہ تم (ہمیشہ) دن کو روزہ رکھتے ہو اور رات کو قیام کرتے ہو؟'' میں نے عرض کیا ''ہاں یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میں ایسا ہی کرتا ہوں۔'' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ''ایسا مت کرو، روزہ رکھو بھی ترک بھی کرو، رات کو قیام بھی کرو اور آرام بھی کرو، تمہارے جسم کا تم پر حق ہے، تمہاری آنکھ کا تم پر حق ہے تمہاری بیوی کا تم پر حق ہے، تمہارے مہمان کا تم پر حق ہے جس نے مسلسل روزے رکھے اس کا کوئی روزہ نہیں۔'' اسے بخاری اور مسلم نے روایت کیا ہے۔

**مَسْئله 125 ایام تشریق (یعنی 13/12/11 ذوالحجہ) کے روزے رکھنا منع ہیں البتہ جو حاجی قربانی نہ دے سکے، وہ منیٰ میں ایام تشریق کے روزے رکھ سکتا ہے۔**

عَنْ عَائِشَةَ وَابْنُ عُمَرَ رضی اللہ عنہ قَالاَ : لَمْ یُرَخَّصْ فِیْ أَیَّامِ التَّشْرِیْقِ اَنْ یُصَمْنَ اِلاَّ لِمَنْ لَمْ یَجِدِ الْهَدْیَ)) رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ ❸

❶ اللؤلؤ والمرجان ،الجزء الاول ، رقم الحدیث 657

❷ مشکوۃ المصابیح ، للالبانی،الجزء الاول ، رقم الحدیث 2057

❸ کتاب الصوم ، باب صیام ایام التشریق

www.sirat-e-mustaqeem.com



حضرت عائشہ اور حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہم سے روایت ہے کہ ایام تشریق میں کسی آدمی کو روزہ رکھنے کی اجازت نہیں دی گئی سوائے اس حاجی کے، جو قربانی دینے کی طاقت نہ رکھتا ہو۔'' اسے بخاری نے روایت کیا ہے۔

**مسئلہ 126 حاجی کو عرفات میں 9 ذوالحجہ (یوم عرفہ) کا روزہ رکھنا منع ہے۔**

عَنْ مَيْمُوْنَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا اَنَّ النَّاسَ شَكُّوْا فِيْ صِيَامِ النَّبِيِّ ﷺ يَوْمَ عَرَفَةَ فَأَرْسَلْتُ اِلَيْهِ بِحِلَابٍ ، وَ هُوَ وَاقِفٌ فِي الْمَوْقِفِ ، فَشَرِبَ مِنْهُ وَالنَّاسُ يَنْظُرُوْنَ . مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ ❶

حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ لوگوں نے عرفہ کے دن نبی اکرم ﷺ کے روزہ میں شک کیا، تو انہوں (یعنی حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا) نے آپ ﷺ کے پاس دودھ بھیجا۔ آپ ﷺ نے اس پیالہ سے دودھ پیا۔ اس وقت آپ (میدان عرفات کے) موقف میں کھڑے تھے اور لوگ آپ ﷺ کو دیکھ رہے تھے۔'' اسے بخاری اور مسلم نے روایت کیا ہے۔

**مسئلہ 127 نصف شعبان کے بعد روزے نہیں رکھنے چاہئیں۔**

عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ ((اِذَا بَقِيَ نِصْفٌ مِنْ شَعْبَانَ فَلَا تَصُوْمُوْا)) رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ ❷

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ''جب نصف شعبان باقی رہ جائے (یعنی رمضان سے پندرہ دن پہلے) تو نفلی روزے نہ رکھو۔'' اسے ترمذی نے روایت کیا ہے۔

**مسئلہ 128 عورت کا اپنے شوہر کی اجازت کے بغیر نفلی روزہ رکھنا منع ہے۔**

عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رضی اللہ عنہ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ (( لَا تَصُوْمُ الْمَرْأَةُ وَ زَوْجُهَا شَاهِدٌ يَوْمًا مِنْ غَيْرِ شَهْرِ رَمَضَانَ اِلَّا بِاِذْنِهِ)) رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ ❸ (حسن)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اکرم ﷺ نے فرمایا ''کوئی عورت اپنے شوہر کی موجودگی میں اس کی اجازت کے بغیر سوائے رمضان کے روزوں کے نفلی روزہ نہ رکھے۔'' اسے ترمذی نے روایت کیا ہے۔

**مسئلہ 129 صرف عاشورا (10 محرم) کا روزہ رکھنا مکروہ ہے 9 اور 10 محرم یا**

---

❶ اللؤلؤ والمرجان ، الجزء الاول ، رقم الحديث 687

❷ صحيح سنن الترمذى ، للالبانى ، الجزء الاول ، رقم الحديث 590

❸ ابواب الصوم ، باب ماجاء فى كراهية صوم المراة الا باذن زوجها

www.sirat-e-mustaqeem.com



10 اور 11 محرم دو دن کے روزے رکھنے چاہئیں۔

عَنْ عَبْدِاللّٰهِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا يَقُوْلُ : حِيْنَ صَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ يَوْمَ عَاشُوْرَاءَ وَأَمَرَ بِصِيَامِهٖ قَالُوْا : يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ ! اِنَّهٗ يَوْمٌ تُعَظِّمُهُ الْيَهُوْدُ وَالنَّصَارٰى ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ ((فَإِذَا كَانَ الْعَامُ الْمُقْبِلُ اَنْ شَاءَ اللّٰهُ صُمْنَا الْيَوْمَ التَّاسِعَ)) قَالَ : فَلَمْ يَأْتِ الْعَامُ الْمُقْبِلُ حَتّٰى تُوُفِّيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ .رَوَاهُ مُسْلِمٌ ❶

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے عاشوراء (دس محرم) کا روزہ رکھا اور لوگوں کو بھی رکھنے کا حکم دیا۔لوگوں نے عرض کیا ''یارسول اللہ ﷺ! دس محرم تو یہود ونصاریٰ کے نزدیک بڑی عظمت کا دن ہے۔'' آپ ﷺ نے فرمایا ''اچھا آئندہ سال ہم ان شاءاللہ! (دس محرم کے ساتھ) نو محرم کا روزہ بھی رکھیں گے۔'' لیکن آئندہ سال آنے سے پہلے ہی رسول اللہ ﷺ اس دنیا سے رخصت ہوگئے۔اسے مسلم نے روایت کیا ہے۔

وضاحت : یوم عاشورا (10 محرم) کی فضیلت کی وجہ یہ ہے کہ جب رسول اکرم ﷺ مدینہ منورہ تشریف لائے تو یہودی دس محرم کا روزہ رکھتے تھے۔ان سے وجہ پوچھی گئی تو انہوں نے کہا ''اس روز اللہ تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السلام کو فرعون پر غلبہ عطا فرمایا تھا، لہٰذا ہم شکرانے کے طور پر اس دن کا روزہ رکھتے ہیں۔'' رسول اللہ ﷺ کو یہ بات معلوم ہوئی تو آپ ﷺ نے فرمایا ''یہودیوں کی نسبت ہم موسیٰ علیہ السلام کے زیادہ قریب ہیں۔'' اور مسلمانوں کو اس دن کا روزہ رکھنے کا حکم دیا۔مگر جب رمضان کے روزے فرض کئے گئے تب آپ ﷺ نے فرمایا ''اب جو چاہے دس محرم کا روزہ رکھے جو نہ چاہے نہ رکھے۔'' اسے مسلم نے روایت کیا ہے۔

**مَسئلہ 130** صرف ہفتہ کے دن کا روزہ رکھنا مکروہ ہے۔

عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ بُسْرٍ ﷺ عَنْ اُخْتِهِ الصَّمَّاءَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ ((لَا تَصُوْمُوْا يَوْمَ السَّبْتِ اِلَّا فِيْمَا افْتُرِضَ عَلَيْكُمْ فَاِنْ لَمْ يَجِدْ اَحَدُكُمْ اِلَّا عُوْدَ عِنَبَةٍ اَوْ لِحَاءَ شَجَرَةٍ فَلْيَمْضَغْهَا)) رَوَاهُ ابْنُ خُزَيْمَةَ ❷

حضرت عبداللہ بن بسر رضی اللہ عنہ اپنی بہن صماء رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ''ہفتے کا روزہ سوائے فرض روزے کے نہ رکھو اگر کھانے کو اور کوئی چیز نہ ملے تو انگور کی لکڑی یا کسی درخت کی چھال ہی چبالو۔'' اسے ابن خزیمہ نے روایت کیا ہے۔

وضاحت : ہفتہ چونکہ اہل کتاب کی عید کا دن تھا، لہٰذا آپ ﷺ نے ان کی مخالفت کے لئے ہفتہ کے ساتھ جمعہ یا اتوار کا دن ملا کر روزہ رکھنے کا حکم دیا ہے۔

❶ کتاب الصیام ، باب صوم یوم عاشورا

❷ ابن خزیمہ ، للدکتور محمد مصطفی الاعظمی ، الجزء الرابع، رقم الحدیث 2164

www.sirat-e-mustaqeem.com



# أَلْإِعْتِكَافُ

## اعتکاف کے مسائل

**مَسئلہ 131** اعتکاف سنت موکدہ کفایہ ہے اوراس کی مدت دس یوم ہے۔

**مَسئلہ 132** ہر مسلمان کو رمضان المبارک میں کم از کم ایک مرتبہ قرآن پاک کی تلاوت کرنی چاہئے۔

عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ ﷺ قَالَ : كَانَ يُعْرَضُ عَلَى النَّبِيِّ ﷺ الْقُرْآنُ فِيْ كُلِّ عَامٍ مَرَّةً فَعُرِضَ عَلَيْهِ مَرَّتَيْنِ فِي الْعَامِ الَّذِيْ قُبِضَ فِيْهِ وَ كَانَ يَعْتَكِفُ كُلَّ عَامٍ عَشْرَةَ اَيَّامٍ فَاعْتَكَفَ عِشْرِيْنَ يَوْمًا فِي الْعَامِ الَّذِيْ قُبِضَ فِيْهِ. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ ❶

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں نبی اکرم ﷺ کے سامنے ہر سال (رمضان میں) ایک بار قرآن پڑھا جاتا۔ جس سال آپ ﷺ نے وفات پائی آپ ﷺ کے سامنے دوبار قرآن مجید ختم کیا گیا۔ اسی طرح ہر سال آپ دس دن کا اعتکاف فرماتے لیکن جس سال آپ ﷺ نے وفات پائی اس سال بیس یوم کا اعتکاف فرمایا۔" اسے بخاری نے روایت کیا ہے۔

**مَسئلہ 133** اعتکاف کے لئے فجر کی نماز کے بعد اعتکاف کی جگہ بیٹھنا مسنون ہے۔

عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ : كَانَ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ اِذَا أَرَادَ اَنْ يَّعْتَكِفَ صَلَّى الْفَجْرَ ثُمَّ دَخَلَ مُعْتَكَفَهُ)) رَوَاهُ اَبُوْدَاوُدَ وَابْنُ مَاجَةَ ❷

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ جب اعتکاف بیٹھنے کا ارادہ فرماتے، تو فجر کی نماز پڑھ کر معتکف میں داخل ہوتے۔ اسے ابوداؤد اور ابن ماجہ نے روایت کیا ہے۔

❶ مشكوة المصابيح ، للالباني ، الجزء الاول ، رقم الحديث 2099

❷ صحيح سنن ابی داؤد ، للالباني ،الجزء الاوال ، رقم الحديث 2152

www.sirat-e-mustaqeem.com



**مَسئلہ 134** اعتکاف کرنے والے کی بیوی ملاقات کے لئے آسکتی ہے اور اعتکاف کرنے والا بیوی کو گھر تک چھوڑنے کے لئے مسجد سے باہر جاسکتا ہے۔

عَنْ صَفِيَّةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ : كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ مُعْتَكِفًا فَأَتَيْتُهُ أَزُوْرُهُ لَيْلاً فَحَدَّثْتُهُ ثُمَّ قُمْتُ لِأَنْقَلِبَ فَقَامَ مَعِيَ لِيَقْلِبَنِيْ)) مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ ❶

حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں رسول اللہ ﷺ اعتکاف میں تھے، میں رات کو نبی اکرم ﷺ سے ملنے آئی اور باتیں کرتی رہی، واپس جانے کے لئے اٹھی تو نبی اکرم ﷺ مجھے چھوڑنے کے لئے اٹھ کر کھڑے ہوگئے۔ اسے بخاری اور مسلم نے روایت کیا ہے۔

**مَسئلہ 135** مردوں کو اعتکاف مسجد میں ہی کرنا چاہئے۔

**مَسئلہ 136** رمضان میں اعتکاف کے لئے روزہ رکھنا ضروری ہے۔

**مَسئلہ 137** حالت اعتکاف میں بیمار پرسی کے لئے جانا، جنازے میں شریک ہونا، بیوی سے مجامعت کرنا، بشری تقاضوں کے بغیر اعتکاف کی جگہ سے باہر جانا منع ہے۔

عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا اَنَّهَا قَالَتْ : اَلسُّنَّةُ عَلَى الْمُعْتَكِفِ أَنْ لَّا يَعُوْدَ مَرِيْضًا وَ لاَ يَشْهَدَ جَنَازَةً وَ لاَ يَمَسَّ امْرَأَةً وَ لاَ يُبَاشِرُهَا وَ لاَ يَخْرُجَ لِحَاجَةٍ اِلَّا لِمَا لاَ بُدَّ مِنْهُ وَ لاَ اِعْتِكَافَ اِلَّا بِصَوْمٍ وَ لاَ اِعْتِكَافَ اِلَّا فِيْ مَسْجِدٍ جَامِعٍ )) رَوَاهُ اَبُوْدَاؤُدَ ❷

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں ”اعتکاف کرنے والے کے لئے سنت یہ ہے کہ وہ بیمار پرسی کو نہ جائے ، جنازے میں شریک نہ ہو، بیوی کو نہ چھوئے اور نہ اس سے مجامعت کرے، اعتکاف کی جگہ سے ایسے ضروری کام (یعنی قضائے حاجت، فرض غسل وغیرہ) کے بغیر نہ نکلے، جس کے بغیر چارہ ہی نہ ہو، اعتکاف روزے کے ساتھ ہی ہوتا ہے اور جامع مسجد میں ہوتا ہے۔“ اسے ابوداؤد نے روایت کیا ہے۔

**مَسئلہ 138** عورتوں کو بھی اعتکاف کرنا چاہئے۔

---

❶ منتقى الاخبار، الجزء الاول ، رقم الحديث 2280

❷ صحيح سنن ابى داؤد، للالبانى ، الجزء الاول، رقم الحديث 2160

www.sirat-e-mustaqeem.com



عَنْ عَائِشَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا اَنَّ النَّبِیَّ ﷺ كَانَ یَعْتَكِفُ الْعَشْرَ الْاَوَاخِرَ مِنْ رَمَضَانَ حَتّٰی تَوَفَّاهُ اللّٰهُ ثُمَّ اعْتَكَفَ اَزْوَاجُهُ مِنْ بَعْدِهٖ)) رَوَاهُ مُسْلِمٌ ❶

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ رمضان المبارک کا آخری عشرہ (21 سے 30 رمضان المبارک) تک اعتکاف فرمایا کرتے تھے یہاں تک کہ آپ ﷺ نے وفات پائی آپ ﷺ کے بعد آپ کی ازواج مطہرات نے اعتکاف کیا۔" اسے مسلم نے روایت کیا ہے۔

**مَسئلہ 139 اگر کسی کو اعتکاف کے لئے دس دن میسر نہ آسکیں تو جتنے دن میسر ہوں اتنے دنوں کا ہی اعتکاف کر لینا چاہیے حتی کہ ایک رات کا اعتکاف بھی درست ہے۔**

عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّ عُمَرَ سَأَلَ النَّبِیَّ ﷺ قَالَ : كُنْتُ نَذَرْتُ فِی الْجَاهِلِیَّةِ اَنْ أَعْتَكِفَ لَیْلَةً فِی الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ؟ قَالَ ((أَوْفِ بِنَذْرِكَ)) رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ ❷

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم ﷺ سے پوچھا "میں نے زمانہ جاہلیت میں مسجد حرام میں ایک رات کا اعتکاف کرنے کی نذر مانی تھی (پوری کروں یا نہ کروں؟)" آپ ﷺ نے فرمایا "اپنی نذر پوری کر۔" اسے بخاری نے روایت کیا ہے۔

✪✪✪

❶ مختصر صحیح مسلم ، للالبانی ، رقم الحدیث 633
❷ کتاب الصوم ، باب اعتکاف لیلا

www.sirat-e-mustaqeem.com



# فَضْلُ لَيْلَةِ الْقَدْرِ

# لیلۃ القدر کی فضیلت اور اس کے مسائل

**مَسْئلہ 140 لیلۃ القدر میں عبادت گزشتہ گناہوں کی مغفرت کا باعث ہے۔**

عَنْ أَبِیْ هُرَيْرَةَ ؓ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ (( مَنْ قَامَ لَيْلَةَ الْقَدْرِ اِيْمَانًا وَّاِحْتِسَابًا غُفِرَلَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ ❶

حضرت ابو ہریرہ ؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا ''جس نے لیلۃ القدر میں ایمان کے ساتھ ثواب کی نیت سے قیام کیا اس کے گزشتہ گناہ معاف کردیئے جاتے ہیں۔'' اسے بخاری اور مسلم نے روایت کیا ہے۔

**مَسْئلہ 141 لیلۃ القدر کی سعادت سے محروم رہنے والا بہت ہی بدنصیب ہے۔**

عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ ؓ قَالَ : دَخَلَ رَمَضَانُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ ((اِنَّ هٰذَا الشَّهْرَ قَدْ حَضَرَكُمْ وَ فِيْهِ لَيْلَةٌ خَيْرٌ مِنْ أَلْفِ شَهْرٍ مَنْ حُرِمَهَا فَقَدْ حُرِمَ الْخَيْرَ كُلَّهُ وَ لَا يُحْرَمُ خَيْرَهَا اِلَّا مَحْرُوْمٌ)) رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ ❷

حضرت انس بن مالک ؓ سے روایت ہے کہ رمضان آیا، تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ''یہ جو مہینہ تم پر آیا ہے اس میں ایک رات ایسی ہے جو (قدر ومنزلت کے اعتبار سے) ہزار مہینوں سے بہتر ہے جو شخص اس (کی سعادت حاصل کرنے) سے محروم رہا وہ ہر بھلائی سے محروم رہا۔'' نیز فرمایا ''لیلۃ القدر کی سعادت سے صرف بدنصیب ہی محروم کیا جاتا ہے۔'' اسے ابن ماجہ نے روایت کیا ہے۔

**مَسْئلہ 142 لیلۃ القدر، رمضان کے آخری عشرے کی طاق راتوں میں تلاش کرنی چاہیئے۔**

❶ صحيح بخاری ، كتاب الصوم ، باب فضل ليلة القدر

❷ صحيح سنن ابن ماجه ، للالبانی ،الجزء الاوال ، رقم الحديث 1333

www.sirat-e-mustaqeem.com



عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ ((تَحَرَّوْا لَيْلَةَ الْقَدْرِ فِي الْوِتْرِ مِنَ الْعَشْرِ الْاَوَاخِرِ مِنْ رَمَضَانَ)) رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ ❶

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ”رمضان کے آخری عشرے (دس دن) کی طاق راتوں میں لیلۃ القدر کی تلاش کرو۔“ اسے بخاری نے روایت کیا ہے۔

**مَسئلہ 143** رمضان کے آخری عشرے میں بہت زیادہ عبادت کرنی چاہئے۔

**مَسئلہ 144** رمضان کے آخری عشرے میں اپنے اہل وعیال کو عبادت کے لئے خصوصی ترغیب دلانا مسنون ہے۔

عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ : كَانَ النَّبِيُّ ﷺ يَجْتَهِدُ فِي الْعَشْرِ الْاَوَاخِرِ مَا لاَ يَجْتَهِدُ فِيْ غَيْرِهٖ . رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ ❷ (صحیح)

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں ”رمضان کے آخری عشرے میں نبی اکرم ﷺ باقی دنوں کی نسبت عبادت میں زیادہ کوشش فرماتے تھے۔“ اسے ابن ماجہ نے روایت کیا ہے۔

عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ : كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اِذَا دَخَلَ الْعَشْرُ شَدَّ مِئْزَرَهٗ وَ اَحْيٰ لَيْلَهٗ وَ اَيْقَظَ اَهْلَهٗ . مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ ❸

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں ”جب رمضان کے آخری دس، دن شروع ہوتے تو رسول اللہ ﷺ (عبادت کے لئے) کمربستہ ہوجاتے، راتوں کو جاگتے اور اپنے اہل وعیال کو بھی جگاتے۔“ اسے بخاری اور مسلم نے روایت کیا ہے۔

**مَسئلہ 145** آخری عشرہ کی تمام راتوں میں جاگنے کی فرصت نہ پانے والوں کے لئے لیلۃ القدر کا بھرپور ثواب حاصل کرنے کے لئے دو اہم احادیث۔

① عَنْ اَبِيْ ذَرٍّ ﷺ قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ ((اِنَّهٗ مَنْ قَامَ مَعَ الْاِمَامِ حَتّٰى يَنْصَرِفَ كُتِبَ لَهٗ

❶ كتاب الصوم ، باب تحرى ، ليلة القدر في الوتر من العشر الاواخر
❷ صحيح سنن ابن ماجة، للالبانى ، الجزء الاول، رقم الحديث 1429
❸ اللؤلؤ والمرجان، الجزء الاول، رقم الحديث 730

www.sirat-e-mustaqeem.com



قِيَامُ لَيْلَةٍ )). رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ ❶

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ''جس نے (رمضان میں) امام کے واپس ہونے تک امام کے ساتھ قیام کیا (یعنی نماز تراویح باجماعت ادا کی) اس کے لئے ساری رات قیام کا ثواب لکھا جائے گا۔'' اسے ترمذی نے روایت کیا ہے۔

② عَنْ عُثْمَانَ ابْنِ عَفَّانَ ﷺ قَالَ : سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ يَقُوْلُ (( مَنْ صَلَّى الْعِشَاءَ فِيْ جَمَاعَةٍ فَكَأَنَّمَا قَامَ نِصْفَ اللَّيْلِ وَ مَنْ صَلَّى الصُّبْحَ فِيْ جَمَاعَةٍ فَكَأَنَّمَا صَلَّى اللَّيْلَ كُلَّهُ )) رَوَاهُ مُسْلِمٌ❷

حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے ''جس نے عشاء کی نماز باجماعت ادا کی اس نے گویا نصف رات قیام کیا اور جس نے (نماز عشاء باجماعت ادا کرنے کے بعد) صبح کی نماز باجماعت ادا کی اس نے گویا ساری رات قیام کیا۔'' اسے مسلم نے روایت کیا ہے۔

**مسئلہ 147 رمضان المبارک میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کثرت سے تلاوت قرآن اور انفاق فی سبیل اللہ فرمایا کرتے تھے۔**

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ : كَانَ النَّبِيُّ ﷺ أَجْوَدَ النَّاسِ بِالْخَيْرِ وَ كَانَ أَجْوَدَ مَا يَكُوْنُ فِيْ رَمَضَانَ حِيْنَ يَلْقَاهُ جِبْرِيْلُ وَ كَانَ جِبْرِيْلُ عَلَيْهِ السَّلَامَ يَلْقَاهُ كُلَّ لَيْلَةٍ فِيْ رَمَضَانَ حَتّٰى يَنْسَلِخَ يَعْرِضُ عَلَيْهِ النَّبِيُّ ﷺ اَلْقُرْآنَ ، فَإِذَا لَقِيَهُ جِبْرِيْلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ كَانَ أَجْوَدَ بِالْخَيْرِ مِنَ الرِّيْحِ الْمُرْسَلَةِ . مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ❸

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لوگوں کے ساتھ بھلائی کرنے میں بہت سخی تھے، لیکن رمضان میں جب حضرت جبریل علیہ السلام آپ سے ملتے تو آپ اور بھی زیادہ سخی ہوجاتے۔ رمضان میں حضرت جبریل علیہ السلام ہر رات آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے ملا کرتے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم رمضان گزرنے تک انہیں قرآن مجید سناتے۔ جب جبریل علیہ السلام آپ سے ملتے تو آپ کی سخاوت تیز ہواؤں

❶ صحیح سنن الترمذی ، للالبانی ، الجزء الاول ، رقم الحدیث 1646
❷ مختصر صحیح مسلم ، للالبانی ، رقم الحدیث 324
❸ صحیح بخاری ، کتاب الصوم ، باب اجود ما کان النبی ﷺ یکون فی رمضان

www.sirat-e-mustaqeem.com



سے بھی زیادہ بڑھ جاتی ۔ اسے بخاری اور مسلم نے روایت کیا ہے۔

**مَسئلہ 147 لیلۃ القدر میں یہ دعا پڑھنی مسنون ہے۔**

عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ : قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ ! أَ رَأَيْتَ إِنْ عَلِمْتُ اَیَّ لَيْلَةٍ لَيْلَةَ الْقَدْرِ مَا أَقُوْلُ فِيْهَا ؟ قَالَ : قُوْلِيْ (( اَللّٰهُمَّ اِنَّکَ عَفُوٌّ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنِّیْ )) رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ ❶

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے میں نے پوچھا ''یارسول اللہ ﷺ! اگر میں شب قدر پالوں تو کون سی دعا پڑھوں؟'' نبی اکرم ﷺ نے فرمایا کہو ''یا اللہ! تو معاف کرنے والا ہے، معاف کرنا پسند کرتا ہے، لہٰذا مجھے معاف فرما۔'' اسے ترمذی نے روایت کیا ہے۔

❋❋❋

❶ مشکوۃ المصابیح ، للالبانی ، رقم الحدیث 2091

www.sirat-e-mustaqeem.com



# صَــدَقَـــةُ الْفِــطْـرِ

## صدقۂ فطر کے مسائل

**مَسئلہ 148** صدقۂ فطر فرض ہے۔

**مَسئلہ 149** صدقہ فطر کا مقصد روزے کی حالت میں سرزد ہونے والے گناہوں سے خود کو پاک کرنا ہے۔

**مَسئلہ 150** صدقہ فطر نماز عید سے قبل ادا کرنا چاہیے ورنہ عام صدقہ شمار ہوگا۔

**مَسئلہ 151** صدقۂ فطر کے مستحق وہی لوگ ہیں جو زکاۃ کے مستحق ہیں۔

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ : فَرَضَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ زَكَاةَ الْفِطْرِ طُهْرَةً لِلصَّائِمِ مِنَ اللَّغْوِ وَالرَّفَثِ وَ طُعْمَةً لِلْمَسَاكِيْنِ فَمَنْ اَدَّاهَا قَبْلَ الصَّلَاةِ ،فَهِيَ زَكَاةٌ مَقْبُوْلَةٌ ، وَ مَنْ أَدَّاهَا بَعْدَ الصَّلَاةِ فَهِيَ صَدَقَةٌ مِنَ الصَّدَقَاتِ . رَوَاهُ أَحْمَدُ وَابْنُ مَاجَةَ ❶ (صحيح)

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے صدقہ فطر، روزے دار کو بیہودگی اور فحش باتوں سے پاک کرنے کے لئے نیز محتاجوں کے کھانے کا انتظام کرنے کے لئے فرض کیا ہے۔ جس نے نماز عید سے پہلے ادا کیا اس کا صدقہ فطر ادا ہو گیا اور جس نے نماز عید کے بعد ادا کیا اس کا صدقہ فطر عام صدقہ شمار ہوگا۔'' اسے احمد اور ابن ماجہ نے روایت کیا ہے۔

**مَسئلہ 152** صدقۂ فطر کی مقدار ایک صاع ہے، جو پونے تین سیر یا ڈھائی کلو گرام کے برابر ہے۔

**مَسئلہ 153** صدقۂ فطر ہر مسلمان غلام ہو یا آزاد، مرد ہو یا عورت، چھوٹا ہو یا بڑا، روزہ

---

❶ صحيح سنن ابن ماجه ، للالباني ،الجزء الاوال ، رقم الحديث 1480

www.sirat-e-mustaqeem.com



دار ہو یا غیر روزہ دار، صاحب نصاب ہو یا نہ ہو، سب پر فرض ہے۔

عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ : فَرَضَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ زَكَاةَ الْفِطْرِ صَاعًا مِنْ تَمْرٍ أَوْ صَاعًا مِنْ شَعِيْرٍ عَلَى الْعَبْدِ وَالْحُرِّ وَالذَّكَرِ وَالْأُنْثٰى وَالصَّغِيْرِ وَالْكَبِيْرِ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ )) مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ ❶

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے رمضان کا صدقہ فطر ایک صاع کھجور یا ایک صاع جَو، غلام، آزاد، مرد، عورت، چھوٹے، بڑے ہر مسلمان پر فرض کیا ہے۔ اسے بخاری اور مسلم نے روایت کیا ہے۔

وضاحت : جس شخص کے پاس ایک دن رات کی خوراک میسر نہ ہو وہ صدقہ ادا کرنے سے مستثنیٰ ہے۔

**مسئلہ 154** صدقۂ فطر غلہ کی صورت میں دینا افضل ہے۔

**مسئلہ 155** گیہوں، چاول، جَو، کھجور، منقّہ یا پنیر میں سے جو چیز زیر استعمال ہو، وہی دینی چاہئے۔

عَنْ اَبِىْ سَعِيْدٍ ﷛ يَقُوْلُ : كُنَّا نُخْرِجُ زَكَاةَ الْفِطْرِ صَاعًا مِنْ طَعَامٍ أَوْ صَاعًا مِنْ شَعِيْرٍ أَوْ صَاعًا مِنْ تَمْرٍ أَوْ صَاعًا مِنْ أَقِطٍ أَوْ صَاعًا مِنْ زَبِيْبٍ . مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ ❷

حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم صدقہ فطر ایک صاع غلہ یا ایک صاع جَو یا ایک صاع کھجور یا ایک صاع پنیر یا ایک صاع منقّہ دیا کرتے تھے۔" اسے بخاری اور مسلم نے روایت کیا ہے۔

**مسئلہ 156** صدقۂ فطر ادا کرنے کا وقت آخری روزہ افطار کرنے کے بعد شروع ہوتا ہے، لیکن عید سے ایک یا دو دن پہلے ادا کیا جا سکتا ہے۔

**مسئلہ 157** صدقۂ فطر گھر کے سرپرست کو گھر کے تمام افراد بیوی، بچوں اور ملازموں کی طرف سے ادا کرنا چاہئے۔

عَنْ نَافِعٍ كَانَ ابْنُ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا يُعْطِي عَنِ الصَّغِيْرِ وَالْكَبِيْرِ حَتّٰى اِنْ كَانَ

❶ صحیح بخاری ، کتاب الزکاۃ ، باب صدقۃ الفطر

❷ اللؤلؤ والمرجان، الجزء الاول، رقم الحدیث 572

www.sirat-e-mustaqeem.com



**يُعْطِيَ عَنْ بَنِيَّ وَ كَانَ ابْنُ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا يُعْطِيهَا لِلَّذِيْنَ يَقْبَلُوْنَهَا وَ كَانُوْا يُعْطُوْنَ قَبْلَ الْفِطْرِ بِيَوْمٍ أَوْ يَوْمَيْنِ . رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ ❶**

حضرت نافع رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ابن عمر رضی اللہ عنہما گھر کے چھوٹے بڑے تمام افراد کی طرف سے صدقہ فطر دیتے تھے حتی کہ میرے بیٹوں کی طرف سے بھی دیتے تھے اور ابن عمر رضی اللہ عنہما ان لوگوں کو دیتے تھے جو قبول کرتے اور عیدالفطر سے ایک یا دو دن پہلے دیتے تھے۔ اسے بخاری نے روایت کیا ہے۔

☆☆☆

❶ کتاب الزکاۃ ، باب صدقۃ الفطر علی الحر والمملوک

www.sirat-e-mustaqeem.com



# صَلَاۃُ الْعِیْدَیْنِ

# نمازعیدین کے مسائل

**مَسئلہ 158** عید کے روز غسل کرنا، خوشبو لگانا اور مسواک کرنا مستحب ہے۔

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ ((اِنَّ هٰذَا يَوْمُ عِيْدٍ جَعَلَهُ اللّٰهُ لِلْمُسْلِمِيْنَ فَمَنْ جَاءَ اِلَى الْجُمُعَةِ فَلْيَغْتَسِلْ وَ اِنْ كَانَ طِيْبٌ فَلْيَمَسَّ مِنْهُ وَ عَلَيْكُمْ بِالسِّوَاكِ)) رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ ❶ (حسن)

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ''بے شک اللہ تعالیٰ نے اس روز (جمعہ) کو مسلمانوں کے لئے عید کا دن بنایا ہے لہٰذا جو شخص جمعہ کے لئے آئے اسے چاہئے کہ غسل کرے اگر خوشبو میسر ہو تو وہ لگائے اور مسواک بھی کرے۔'' اسے ابن ماجہ نے روایت کیا ہے۔

**مَسئلہ 159** عید کے روز اچھے کپڑے پہننا مستحب ہے۔

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ يَلْبَسُ يَوْمَ الْعِيْدِ بُرْدَةً حُمْرَاءَ)) رَوَاهُ الطَّبَرَانِیُّ ❷ (صحیح)

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ عید کے روز سرخ دھاریوں والی چادر پہنا کرتے تھے۔'' اسے طبرانی نے روایت کیا ہے۔

**مَسئلہ 160** عیدالفطر کی نماز کے لئے جانے سے پہلے کوئی میٹھی چیز کھانا سنت ہے۔

عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رضی اللہ عنہ قَالَ : كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ لَا يَغْدُوْ يَوْمَ الْفِطْرِ حَتّٰى يَاْكُلَ

---

❶ ابواب اقامة الصلاة ، باب ما جاء فی الزینة یوم الجمعة (901/1)

❷ سلسله احادیث الصحیحه ، للالبانی، رقم الحدیث 1279

www.sirat-e-mustaqeem.com



تَمَرَاتٍ وَ يَاْكُلُهُنَّ وِتْرًا. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ❶

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عیدالفطر کے دن کھجوریں کھائے بغیر عید گاہ کی طرف نہیں جاتے تھے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کھجوریں طاق کھاتے تھے۔" اسے بخاری نے روایت کیا ہے۔

**مسئلہ 161 عیدالاضحیٰ کے روز اپنی قربانی کا گوشت پکا کر کھانا اور اس سے پہلے کوئی چیز نہ کھانا مستحب ہے۔**

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ عَنْ اَبِيْهِ رضی اللہ عنہ كَانَ النَّبِيُّ ﷺ لاَ يَخْرُجُ يَوْمَ الْفِطْرِ حَتّٰى يَطْعَمَ وَ لاَ يَطْعَمُ يَوْمَ الْاَضْحٰى حَتّٰى يُصَلِّيَ . رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ❷ (صحيح)

حضرت عبداللہ بن بریدہ اپنے باپ رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم عیدالفطر کے روز کھائے بغیر گھر سے نہیں نکلتے تھے اور عیدالاضحیٰ کے روز نماز (عید) سے پہلے کوئی چیز تناول نہ فرماتے تھے۔ اسے ترمذی نے روایت کیا ہے۔

**مسئلہ 162 نماز عید بستی سے باہر کھلے میدان میں پڑھنا سنت ہے۔**

**مسئلہ 163 نماز عید کے لئے خواتین کو بھی عید گاہ میں جانا چاہئے۔**

وَ عَنْ اُمِّ عَطِيَّةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ : اَمَرَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ (( اَنْ نُخْرِجَ الْحُيَّضَ يَوْمَ الْعِيْدَيْنِ وَ ذَوَاتِ الْخُدُوْرِ فَيَشْهَدْنَ جَمَاعَةَ الْمُسْلِمِيْنَ وَ دَعْوَتَهُمْ وَ تَعْتَزِلُ الْحُيَّضُ عَنْ مُصَلاَّهُنَّ )) مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ❸

حضرت ام عطیہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا کہ "دونوں عیدوں کے دن ہم حیض والی اور پردہ نشین (یعنی تمام) عورتوں کو عید گاہ میں لائیں تاکہ وہ مسلمانوں کے ساتھ نماز اور دعا میں شرکت کریں البتہ حیض والی عورتیں نماز نہ پڑھیں۔" اسے بخاری اور مسلم نے روایت کیا ہے۔

**مسئلہ 164 نماز عید کے لئے پیدل جانا اور واپس آنا سنت ہے۔**

❶ ابواب العيدين ، باب الاكل يوم الفطر قبل الخروج(447/1)
❷ صحيح سنن الترمذی ، للالبانی، الجزء الاول ، رقم الحديث 447
❸ اللؤلؤ والمرجان ، الجزء الاول ، رقم الحديث 511

www.sirat-e-mustaqeem.com



عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ : اَنَّ النَّبِيَّ ﷺ كَانَ يَخْرُجُ اِلَى الْعِيْدِ مَاشِيًا وَ يَرْجِعُ مَاشِيًا . رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ ❶ (حسن)

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں نبی اکرم ﷺ عید گاہ پیدل جاتے اور پیدل ہی واپس تشریف لاتے۔اسے ابن ماجہ نے روایت کیا ہے۔

**مسئلہ 165** عید گاہ جاتے ہوئے بکثرت تکبیریں کہنا سنت ہے۔

**مسئلہ 166** عید الفطر میں امام کے خطبہ کے لئے منبر پر بیٹھنے تک تکبیریں کہتے رہنا چاہئے۔

عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّهُ كَانَ يَغْدُوْا اِلَى الْمُصَلّٰى يَوْمَ الْفِطْرِ اِذَا طَلَعَتِ الشَّمْسُ فَيُكَبِّرُ حَتّٰى يَاْتِيَ الْمُصَلّٰى ثُمَّ يُكَبِّرُ بِالْمُصَلّٰى حَتّٰى اِذَا جَلَسَ الْاِمَامُ تَرَكَ التَّكْبِيْرَ . رَوَاهُ الشَّافِعِيُّ ❷

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما عید کے دن صبح صبح سورج نکلتے ہی عید گاہ تشریف لے جاتے اور عید گاہ تک تکبیریں کہتے جاتے۔ پھر عید گاہ میں بھی تکبیریں کہتے رہتے یہاں تک کہ جب امام (خطبہ کے لئے منبر پر) بیٹھ جاتا تو تکبیریں پڑھنا چھوڑ دیتے۔'' اسے شافعی نے روایت کیا ہے۔

**مسئلہ 167** عید الاضحیٰ کے موقع پر تشریق کے تمام دنوں میں کثرت سے تکبیریں کہنی چاہئیں۔

كَانَ ابْنُ عُمَرَ يُكَبِّرُ بِمِنًى تِلْكَ الْاَيَّامَ وَ خَلْفَ الصَّلَوَاتِ وَ عَلٰى فِرَاشِهٖ وَ فِيْ فُسْطَاطِهٖ وَ مَجْلِسِهٖ وَ مَمْشَاهُ وَ تِلْكَ الْاَيَّامَ جَمِيْعًا . رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ ❸

عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما تشریق کے تمام دنوں میں نمازوں کے بعد اپنے بستر پر، اپنے خیمے میں، اپنی مجلس میں اور چلتے پھرتے تکبیریں کہا کرتے تھے۔اسے بخاری نے روایت کیا ہے۔

**مسئلہ 168** مسنون تکبیر کے الفاظ درج ذیل ہیں۔

---

❶ صحیح سنن ابن ماجه ، للالبانی ، الجزء الاول ، رقم الحدیث 1071

❷ كتاب الصلاة ، باب في صلاة العيدين ، رقم الحديث 442

❸ كتاب العيدين ، باب التكبير ايام منى و اذا غدا الى عرفة

www.sirat-e-mustaqeem.com



عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ ﷺ اَنَّهٗ كَانَ يُكَبِّرُ اَيَّامَ التَّشْرِيْقِ : اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَ اللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ وَ لِلّٰهِ الْحَمْدُ. رَوَاهُ ابْنُ اَبِیْ شَيْبَةَ ❶ (صحیح)

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ ایام تشریق (11-12-13 ذی الحجہ) میں یہ تکبیر پڑھا کرتے۔ اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَ اللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ وَ لِلّٰهِ الْحَمْدُ اسے ابن ابی شیبہ نے روایت کیا ہے۔

**مَسئلہ 169** عیدین کی نماز تاخیر سے پڑھنا ناپسندیدہ ہے۔

**مَسئلہ 170** عیدالفطر کی نماز کا وقت اشراق کی نماز کا وقت ہے۔

عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ بُسْرٍ ﷺ صَاحِبُ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ اَنَّهٗ خَرَجَ مَعَ النَّاسِ فِیْ يَوْمِ عِيْدِ فِطْرٍ اَوْ اَضْحٰی فَأَنْكَرَ اِبْطَاءَ الْإِمَامِ وَ قَالَ : اِنَّا كُنَّا قَدْ فَرَغْنَا سَاعَتَنَا هٰذِهٖ وَ ذٰلِكَ حِيْنَ التَّسْبِيْحِ . رَوَاهُ اَبُوْدَاوُدَ وَ ابْنُ مَاجَةَ ❷ (صحیح)

حضرت عبداللہ بن بسر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ وہ خود عیدالفطر یا عیدالاضحیٰ کی نماز کے لئے لوگوں کے ساتھ عیدگاہ روانہ ہوئے تو امام کے دیر کرنے پر ناپسندیدگی کا اظہار کیا اور فرمایا ''ہم لوگ تو اس وقت نماز پڑھ کر فارغ بھی ہو جایا کرتے تھے اور وہ اشراق کا وقت تھا۔'' اسے ابوداؤد اور ابن ماجہ نے روایت کیا ہے۔

**مَسئلہ 171** عیدالاضحیٰ کی نماز جلد اور عیدالفطر کی نماز نسبتاً دیر سے پڑھنا مسنون ہے۔

عَنْ اَبِی الْحَوَيْرِثِ ﷺ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ كَتَبَ اِلٰی عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ وَ هُوَ بِنَجْرَانَ ((عَجِّلِ الْاَضْحٰی وَ اَخِّرِ الْفِطْرَ وَ ذَكِّرِ النَّاسَ )) رَوَاهُ الشَّافِعِیُّ ❸

حضرت ابوالحویرث رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے نجران کے گورنر عمرو بن حزم رضی اللہ عنہ کو تحریری طور پر یہ ہدایت فرمائی ''عیدالاضحیٰ کی نماز جلدی پڑھو اور عیدالفطر کی نماز تاخیر سے پڑھو اور لوگوں کو خطبہ میں نیکی کی نصیحت کرو۔'' اسے شافعی نے روایت کیا ہے۔

---

❶ ارواء الغلیل ،للالبانی ، 125/3

❷ صحیح سنن ابن ماجہ ، للالبانی ، الجزء الاول ، رقم الحدیث 1005

❸ کتاب الصلاۃ ، کتاب العیدین ، رقم الحدیث 442

www.sirat-e-mustaqeem.com



**مَسئلہ 172** کھلے میدان میں نماز پڑھنے کے لئے سترہ کا اہتمام کرنا چاہئے۔

عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ : كَانَ النَّبِيُّ ﷺ إِذَا صَلَّى يَوْمَ عِيْدٍ أَوْ غَيْرَهُ نُصِبَتِ الْحَرْبَةُ بَيْنَ يَدَيْهِ فَيُصَلِّيْ إِلَيْهَا وَ النَّاسُ مِنْ خَلْفِهِ . رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ ❶ (صحيح)

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کہتے ہیں نبی اکرم ﷺ جب عید کی نماز یا کوئی دوسری نماز (کھلے میدان میں) ادا فرماتے تو آپ ﷺ کے سامنے بھالہ گاڑ دیا جاتا اور آپ ﷺ اس کے پیچھے نماز ادا فرماتے اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم آپ ﷺ کے پیچھے ہوتے۔ اسے ابن ماجہ نے روایت کیا ہے۔

**مَسئلہ 173** عیدالفطر اور عیدالاضحیٰ کی نماز دو دو رکعت ہے۔

عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رضی اللہ عنہ قَالَ صَلاَةُ الْاَضْحٰى رَكْعَتَانِ وَ صَلاَةُ الْفِطْرِ رَكْعَتَانِ وَ صَلاَةُ الْمُسَافِرِ رَكْعَتَانِ وَ صَلاَةُ الْجُمُعَةِ رَكْعَتَانِ تَمَامٌ لَيْسَ بِقَصْرٍ عَلٰى لِسَانِ النَّبِيِّ ﷺ . رَوَاهُ النِّسَائِيُّ ❷ (صحيح)

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کہتے ہیں نبی اکرم ﷺ کے فرمان کے مطابق عیدالاضحیٰ کی نماز دو رکعت ہے، عیدالفطر کی نماز دو رکعت ہے، مسافر کی نماز دو رکعت ہے، جمعہ کی نماز دو رکعت ہے اور یہ مکمل نماز ہے کم نہیں۔ اسے نسائی نے روایت کیا ہے۔

**مَسئلہ 174** نماز عید کے لئے اذان ہے نہ اقامت

عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ : صَلَّيْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ الْعِيْدَيْنِ غَيْرَ مَرَّةٍ وَلاَ مَرَّتَيْنِ بِغَيْرِ اَذَانٍ وَ لاَ اِقَامَةٍ . رَوَاهُ مُسْلِمٌ ❸

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میں نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ ایک دو مرتبہ نہیں کئی مرتبہ عیدین کی نماز اذان اور اقامت کے بغیر پڑھی۔ اسے مسلم نے روایت کیا ہے۔

**مَسئلہ 175** عیدین کی نماز میں پہلے نماز اور پھر خطبہ دینا مسنون ہے۔

❶ كتاب اقامة الصلاة ، باب ماجاء فى الحربة يوم العيد (1078/1)

❷ كتاب صلاة العيدين ، باب عدد صلاة العيدين

❸ مختصر صحيح مسلم ، للالبانى ، رقم الحديث 428

www.sirat-e-mustaqeem.com



عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ وَ اَبُوْ بَكْرٍ وَ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا يُصَلُّوْنَ الْعِيْدَيْنِ قَبْلَ الْخُطْبَةِ . مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ ❶

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں رسول اللہ ﷺ، حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ نماز عیدین، خطبہ سے پہلے ادا فرماتے۔ اسے بخاری اور مسلم نے روایت کیا ہے۔

**مسئلہ 176** عیدین کی نماز میں بارہ تکبیریں مسنون ہیں۔ پہلی رکعت میں قرأت سے پہلے سات اور دوسری رکعت میں قرأت سے پہلے پانچ تکبیریں کہنی چاہئیں۔

عَنْ نَافِعٍ ﷺ مَوْلٰى عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّهُ قَالَ : شَهِدْتُ الْأَضْحٰى وَ الْفِطْرَ مَعَ اَبِيْ هُرَيْرَةَ ﷺ فَكَبَّرَ فِي الرَّكْعَةِ الْأُوْلٰى سَبْعَ تَكْبِيْرَاتٍ قَبْلَ الْقِرَأَةِ وَ فِي الْآخِرَةِ خَمْسَ تَكْبِيْرَاتٍ قَبْلَ الْقِرَأَةِ . رَوَاهُ مَالِكٌ ❷

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے آزاد کردہ غلام حضرت نافع رضی اللہ عنہ کہتے ہیں ''میں نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے ساتھ عید الفطر اور عید الاضحیٰ دونوں کی نماز پڑھی، حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے پہلی رکعت میں قرأت سے پہلے سات تکبیریں اور دوسری رکعت میں قرأت سے پہلے پانچ تکبیریں کہیں۔'' اسے مالک نے روایت کیا ہے۔

**مسئلہ 177** نماز عید کی زائد تکبیروں میں ہاتھ اٹھانے چاہئیں۔

عَنْ وَائِلِ بْنِ حُجْرٍ ﷺ اَنَّهُ كَانَ يَرْفَعُ يَدَيْهِ مَعَ التَّكْبِيْرِ . رَوَاهُ اَحْمَدُ ❸ (حسن)

حضرت وائل بن حجر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ ہر تکبیر کے ساتھ ہاتھ اٹھاتے تھے۔ اسے احمد نے روایت کیا ہے۔

**مسئلہ 178** نماز عیدین کی دو رکعتوں میں سے پہلی رکعت میں سورۃ الاعلیٰ اور دوسری

❶ اللؤلؤ والمرجان ، الجزء الاول ، رقم الحديث 509
❷ كتاب الصلاة ، باب ماجاء فى التكبير والقرأة فى صلاة العيدين
❸ ارواء الغليل ، للالبانى ، الجزء الثالث، رقم الحديث 641

www.sirat-e-mustaqeem.com



رکعت میں سورۃ الغاشیہ پڑھنا مستحب ہے۔

عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ ﷺ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ يَقْرَءُ فِي الْعِيْدَيْنِ وَ فِي الْجُمُعَةِ بِسَبِّحِ اسْمِ رَبِّكَ الْاَعْلٰى وَ هَلْ اَتَاكَ حَدِيْثُ الْغَاشِيَةِ . رَوَاهُ مُسْلِمٌ❶

حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ نماز عیدین اور نماز جمعہ میں سَبِّحِ اسْمِ رَبِّكَ الْاَعْلٰى (پہلی رکعت میں) اور هَلْ اَتَاكَ حَدِيْثُ الْغَاشِيَةِ (دوسری رکعت میں) پڑھتے۔ اسے مسلم نے روایت کیا ہے۔

**مسئلہ 179** نماز عید سے پہلے یا بعد کوئی (نفل یا سنت) نماز نہیں۔

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ : خَرَجَ النَّبِيُّ ﷺ يَوْمَ أَضْحٰى أَوْ فِطْرٍ فَصَلّٰى رَكْعَتَيْنِ لَمْ يُصَلِّ قَبْلَهُمَا وَ لَا بَعْدَهَا. رَوَاهُ مُسْلِمٌ❷

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ ''نبی اکرم ﷺ عیدالاضحیٰ یا عیدالفطر کے روز (گھر سے نکلے) دو رکعت نماز عید ادا فرمائی اور اس سے پہلے یا بعد کوئی نماز نہیں پڑھی۔'' اسے مسلم نے روایت کیا ہے۔

**مسئلہ 180** نماز عید کے بعد تَقَبَّلَ اللّٰهُ مِنَّا وَ مِنْكَ کے الفاظ سے ایک دوسرے کے اعمال صالحہ کی قبولیت کی دعا مانگنا درست ہے۔

عَنْ جُبَيْرِ بْنِ نَضِيْرٍ ﷺ قَالَ : كَانَ أَصْحَابُ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ إِذَا الْتَقَوْا يَوْمَ الْعِيْدِ يَقُوْلُ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ ''تَقَبَّلَ اللّٰهُ مِنَّا وَ مِنْكَ''. ذَكَرَهُ فِيْ فَتْحِ الْبَارِيْ❸ (حسن)

حضرت جبیر بن نضیر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم عید کے روز جب آپس میں ملتے تو ایک دوسرے کو ''تَقَبَّلَ اللّٰهُ مِنَّا وَ مِنْكَ'' کہتے۔ اسے ابن حجر نے فتح الباری میں نقل کیا ہے۔

**مسئلہ 181** عید گاہ جانے اور آنے کا راستہ بدلنا سنت ہے۔

عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ : كَانَ النَّبِيُّ ﷺ إِذَا كَانَ يَوْمُ عِيْدٍ

---

❶ كتاب الجمعة ، باب ما يقرء في صلاة الجمعة

❷ مختصر صحيح مسلم ، للالباني ، رقم الحديث 430

❸ كتاب العيدين ، باب سنت العيدين لاهل الاسلام

www.sirat-e-mustaqeem.com



خَالَفَ الطَّرِيْقَ . رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ ❶

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں ”نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم عید کے روز عیدگاہ میں آنے جانے کا راستہ تبدیل فرمایا کرتے تھے۔“ اسے بخاری نے روایت کیا ہے۔

**مسئلہ 182** اگر جمعہ کے روز عید آ جائے تو دونوں پڑھنے بہتر ہیں لیکن عید پڑھنے کے بعد اگر جمعہ کی بجائے صرف نماز ظہر ادا کی جائے تو بھی درست ہے۔

عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ رضی اللہ عنہ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم اَنَّهُ قَالَ ((عِيْدَانِ اجْتَمَعَ فِيْ يَوْمِكُمْ هٰذَا فَمَنْ شَآءَ أَجْزَءَهُ عَنِ الْجُمُعَةِ وَ اِنَّا مُجَمِّعُوْنَ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ تَعَالٰى)) رَوَاهُ اَبُوْدَاؤُدَ وَابْنُ مَاجَةَ ❷ (صحيح)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کیا ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ”تمہارے آج کے دن میں دو عیدیں (ایک عید، دوسرا جمعہ) اکٹھی ہوگئی ہیں جو چاہے اس کے لئے جمعہ کے بدلے عید ہی کافی ہے لیکن ہم دونوں (یعنی جمعہ اور عید) ادا کریں گے۔“ اسے ابوداؤد اور ابن ماجہ نے روایت کیا ہے۔

**مسئلہ 183** ابر کی وجہ سے شوال کا چاند دکھائی نہ دے اور روزہ رکھ لینے کے بعد معلوم ہو جائے کہ چاند نظر آ چکا ہے تو روزہ کھول دینا چاہئے۔

**مسئلہ 184** اگر چاند کی اطلاع زوال سے قبل ملے تو نماز عید اسی روز ادا کر لینی چاہئے اگر زوال کے بعد اطلاع ملے تو نماز عید دوسرے روز ادا کی جائے گی۔

عَنْ اَبِیْ عُمَيْرِ بْنِ اَنَسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا عَنْ عُمُوْمَةٍ لَهُ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم أَنَّ رَكْبًا جَاءُوْا اِلَى النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم يَشْهَدُوْنَ أَنَّهُمْ رَأَوُا الْهِلَالَ بِالْأَمْسِ فَأَمَرَهُمْ : أَنْ يُفْطِرُوْا، وَ اِذَا أَصْبَحُوْا يَغْدُوْا اِلَى مُصَلَّاهُمْ . رَوَاهُ اَبُوْدَاؤُدَ ❸ (صحيح)

حضرت ابوعمیر بن انس رضی اللہ عنہما اپنے چچاؤں سے جو اصحاب نبی صلی اللہ علیہ وسلم میں سے تھے، روایت کرتے

---

❶ كتاب العيدين ، باب من خالف الطريق اذا رجع يوم العيد

❷ صحيح سنن ابن ماجه ، للالباني ، الجزء الاول ،رقم الحديث 1083

❸ صحيح سنن ابى داؤد ، للالباني ، الجزء الاول، رقم الحديث 1026

www.sirat-e-mustaqeem.com



ہیں کہ بعض سوار نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور گواہی دی کہ انہوں نے گزشتہ روز (شوال کا) چاند دیکھا ہے۔''رسول اکرم ﷺ نے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو حکم دیا کہ وہ روزہ توڑ دیں اور فرمایا''کل صبح (نمازعید کے لئے) عیدگاہ آئیں۔''اسے ابوداؤد نے روایت کیا ہے۔

**مسئلہ 185** اگر کسی کو عید کی نماز نہ مل سکے یا بیماری کی وجہ سے عید گاہ نہ جا سکے تو اسے دو رکعت تنہا ادا کر لینی چاہئیں۔

**مسئلہ 186** گاؤں میں بھی نمازِ عید پڑھنی چاہئے۔

أَمَرَ اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ رضی اللہ عنہ مَوْلَاهُ ابْنَ أَبِي عَتْبَةَ بِالزَّاوِيَةِ فَجَمَعَ أَهْلَهُ وَ بَنِيهِ وَ صَلّٰى كَصَلَاةِ أَهْلِ الْمِصْرِ وَ تَكْبِيرِهِمْ ، وَ قَالَ عِكْرِمَةُ أَهْلُ السَّوَادِ يَجْتَمِعُوْنَ فِي الْعِيْدِ يُصَلُّوْنَ رَكْعَتَيْنِ كَمَا يَصْنَعُ الْإِمَامُ ، وَ قَالَ عَطَاءٌ : اِذَا فَاتَهُ الْعِيْدُ صَلّٰى رَكْعَتَيْنِ . رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ [1]

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے اپنے غلام ابن ابی عتبہ کو زاویہ گاؤں میں نماز پڑھانے کا حکم دیا تو ابن ابی عتبہ نے حضرت انس رضی اللہ عنہ کے گھر والوں اور بیٹوں کو جمع کیا اور سب نے شہر والوں کی تکبیر کی طرح تکبیر اور نماز کی طرح نماز پڑھی اور عکرمہ رضی اللہ عنہ نے کہا''گاؤں کے لوگ عید کے روز جمع ہوں اور دو رکعت نماز پڑھیں جس طرح امام پڑھتا ہے۔''اور عطاء رحمہ اللہ نے کہا''جب کسی کی نماز فوت ہو جائے تو وہ دو رکعت نماز ادا کر لے۔''اسے بخاری نے روایت کیا ہے۔

**مسئلہ 187** عید کے روز روزہ رکھنا منع ہے۔

**وضاحت:** حدیث مسئلہ نمبر 118 کے تحت ملاحظہ فرمائیں۔

✱○✱○✱

[1] كتاب العيدين ، باب اذا فاته العيد يصلي ركعتين

www.sirat-e-mustaqeem.com



# أَلْأَضْحِيَةِ

# قربانی کے مسائل

**مَسْئلہ 188** عیدالاضحیٰ کی نماز پڑھنے اور خطبہ سننے کے بعد استطاعت رکھنے والے پر قربانی سنتِ مؤکدہ ہے۔

عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ ((مَنْ وَجَدَ سَعَةً لِأَنْ يُضَحِّيَ فَلَمْ يُضَحِّ فَلاَ يَحْضُرْ مُصَلاَّنَا)) رَوَاهُ الْحَاكِمُ ❶ (حسن)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ”جو آدمی قربانی کرنے کی استطاعت رکھتا ہو پھر بھی قربانی نہ کرے وہ ہماری مسجد میں نہ آئے۔“ اسے حاکم نے روایت کیا ہے۔

**مَسْئلہ 189** جسے قربانی دینا ہو وہ ذی الحجہ کا چاند دیکھنے کے بعد قربانی کرنے تک ناخن اور بال وغیرہ نہ کاٹے۔

عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ ((اِذَا دَخَلَ الْعَشْرُ وَ أَرَادَ اَحَدُكُمْ اَنْ يُّضَحِّيَ فَلاَ يَمَسَّ مِنْ شَعْرِهٖ وَ لاَ بَشَرِهٖ شَيْئًا)) رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ ❷ (صحیح)

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ”جب کوئی آدمی ذی الحجہ کی دسویں (عیدالاضحیٰ) کو قربانی دینے کا ارادہ رکھتا ہو تو وہ اپنے جسم کے کسی بھی حصہ کے بال نہ کاٹے اور نہ ہی ناخن کاٹے۔“ اسے ابن ماجہ نے روایت کیا ہے۔

**مَسْئلہ 190** گائے کی قربانی میں سات اور اونٹ کی قربانی میں دس افراد شریک ہو سکتے ہیں۔

---

❶ الترغيب والترهيب ، للالبانی ، الجزء الاول ، رقم الحديث 1079

❷ صحيح سنن ابن ماجة ، للالبانی ، الجزء الاول ، رقم الحديث 2548

www.sirat-e-mustaqeem.com



عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ : كُنَّا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ فِيْ سَفَرٍ فَحَضَرَ الْاَضْحٰى فَاشْتَرَكْنَا فِي الْبَقَرَةِ سَبْعَةً وَ فِي الْبَعِيْرِ عَشَرَةً . رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ ❷ (صحيح)

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ ایک سفر میں تھے کہ عید الاضحیٰ کا دن آ گیا تو ہم میں سے گائے کی قربانی میں سات سات اور اونٹ کی قربانی میں دس دس افراد شریک ہوئے۔ اسے ترمذی نے روایت کیا ہے۔

**مَسْئلہ 191** ایک ہی نفلی قربانی میں ایصال ثواب کے لئے ایک یا دو یا اس سے زائد افراد کو اپنے ساتھ شریک کرنا جائز ہے۔

**مَسْئلہ 192** خصی جانور کی قربانی جائز ہے۔

**مَسْئلہ 193** میت کی طرف سے قربانی کی جائے تو میت کو ثواب پہنچ جاتا ہے۔

عَنْ عَائِشَةَ ، وَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ كَانَ اِذَا اَرَادَ اَنْ يُضَحِّيَ ، اشْتَرٰى كَبْشَيْنِ عَظِيْمَيْنِ سَمِيْنَيْنِ اَقْرَنَيْنِ اَمْلَحَيْنِ مَوْجُوْءَيْنِ فَذَبَحَ اَحَدَهُمَا عَنْ اُمَّتِهِ ، لِمَنْ شَهِدَ لِلّٰهِ التَّوْحِيْدَ ، وَ شَهِدَ لَهُ بِالْبَلَاغِ ، وَذَبَحَ الْآخَرَ عَنْ مُحَمَّدٍ وَ عَنْ آلِ مُحَمَّدٍ . رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ ❷ (صحيح)

حضرت عائشہ اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ جب قربانی کا ارادہ فرماتے تو دو مینڈھے خریدتے، موٹے تازے، سینگ والے، چتکبرے اور خصی، ان میں سے ایک اپنی امت کے ہر اس آدمی کی طرف سے کرتے جو اللہ کی توحید اور رسول کی رسالت کی گواہی دیتا ہو اور دوسرا محمد اور آل محمد کی طرف سے ذبح فرماتے۔'' اسے ابن ماجہ نے روایت کیا ہے۔

**مَسْئلہ 194** دو دانت والا (دوندا) جانور ذبح کرنا لازم ہے۔ اگر دو دانت والا جانور ملے ہی نہ تو پھر دو دانتوں سے کم عمر والی بھیڑ یا دنبہ ذبح کرنے کی رخصت ہے۔

❶ صحيح سنن الترمذى ، للالبانى ، رقم الحديث 1501

❷ صحيح سنن ابن ماجه ، للالبانى ، الجزء الثانى ، رقم الحديث 2531

www.sirat-e-mustaqeem.com



عَنْ جَابِرٍ ﷺ قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ ((لَا تَذْبَحُوْا اِلَّا مُسِنَّةً اِلَّا اَنْ يَّعْسُرَ عَلَيْكُمْ فَتَذْبَحُوْا جَذَعَةً مِنَ الضَّأْنِ )) رَوَاهُ مُسْلِمٌ❶

حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ''دو دانت والے (دوندا) جانور کے علاوہ کسی اور جانور کی قربانی نہ کرو البتہ اگر مشکل پیش آئے تو پھر دو دانت سے کم عمر (کھیرا) کی بھیڑ (یا دنبہ) ذبح کرلو۔'' اسے مسلم نے روایت کیا ہے۔

عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ ﷺ قَالَ ضَحَّيْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ بِالْجَذَعِ مِنَ الضَّأْنِ . رَوَاهُ النِّسَائِيُّ❷

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں ہم نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ دو دانتوں سے کم عمر والے دنبہ کی قربانی دی۔ اسے نسائی نے روایت کیا ہے۔

**وضاحت :** ① دو دانت سے کم عمر والا دنبہ یا بھیڑ وہ ہے جس کی عمر ایک سال یا ایک سال سے کم ہو (واللہ اعلم بالصواب) ② قربانی کے لئے دو دانت والا (دوندا) جانور ہونا ضروری ہے۔

**مسئلہ 195** عید الاضحیٰ کے موقعہ پر چار دن تک قربانی کرنا جائز ہے۔ عید کا دن اور ایام تشریق (12/11 اور 13 ذوالحجہ) کے تین دن۔

عَنْ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعَمٍ ﷺ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ ((كُلُّ اَيَّامِ التَّشْرِيْقِ ذِبْحٌ)) رَوَاهُ اَحْمَدُ❸

حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا (عید کے بعد) تمام ایام تشریق (جانور) ذبح کرنے کے دن ہیں۔'' اسے احمد نے روایت کیا ہے۔

**مسئلہ 196** عید الاضحیٰ کی نماز سے قبل اگر کسی نے جانور ذبح کر دیا تو وہ قربانی شمار نہیں ہوگی۔

عَنْ اَنَسٍ ﷺ قَالَ : قَالَ النَّبِيُّ ﷺ يَوْمَ النَّحْرِ (( مَنْ كَانَ ذَبَحَ قَبْلَ الصَّلَاةِ فَلْيُعِدْ))

---

❶ كتاب الاضاحى ، باب سن الاضحية

❷ صحيح سنن النسائى ، للالبانى ، الجزء الثالث ، رقم الحديث 4080

❸ نيل الاوطار ، كتاب المناسك ، باب بيان وقت الذبح (215/5)

www.sirat-e-mustaqeem.com



مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ ❶

حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے عیدالاضحیٰ کے روز فرمایا ''جس نے نماز سے قبل جانور ذبح کر دیا، اسے دوبارہ قربانی دینی چاہئے۔'' اسے بخاری اور مسلم نے روایت کیا ہے۔

**مَسئلہ 197** اپنے ہاتھ سے قربانی کرنا مستحب ہے، لیکن کسی دوسرے سے کروانا بھی جائز ہے۔

عَنْ جَابِرٍ رضی اللہ عنہ فِيْ قِصَّةِ حِجَّةِ الْوَدَاعِ قَالَ ..... ثُمَّ انْصَرَفَ اِلَى الْمَنْحَرِ فَنَحَرَ ثَلاثًا وَّ سِتِّيْنَ بِيَدِهِ ثُمَّ أَعْطٰى عَلِيًّا فَنَحَرَ مَا غَبَرَ وَ أَشْرَكَهُ فِيْ هَدْيِهِ ثُمَّ أَمَرَ مِنْ كُلِّ بَدَنَةٍ بِبَضْعَةٍ فَجُعِلَتْ فِيْ قِدْرٍ فَطُبِخَتْ فَأَكَلاَ مِنْ لَحْمِهَا وَ شَرِبَا مِنْ مَرَقِهَا. رَوَاهُ مُسْلِمٌ ❷

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے حجۃ الوداع کی حدیث میں روایت ہے کہ (رمی کے بعد) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم قربان گاہ تشریف لائے اور تریسٹھ (63) اونٹ، اپنے دست مبارک سے ذبح کئے۔ باقی اونٹ (37) حضرت علی رضی اللہ عنہ کو دیئے جنہیں حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ذبح کیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو بھی اپنی قربانی میں شریک کیا پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہر اونٹ کا ٹکڑا لینے کا حکم دیا جسے ہنڈیا میں ڈال کر پکایا گیا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت علی رضی اللہ عنہ دونوں نے اس میں سے گوشت کھایا اور شوربا پیا۔ اسے مسلم نے روایت کیا ہے۔

**مَسئلہ 198** گھر کے سرپرست کی طرف سے دی گئی قربانی سارے گھر والوں کی طرف سے کافی ہے۔

عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ قَالَ : سَأَلْتُ أَبَا أَيُّوْبَ الْاَنْصَارِيَّ رضی اللہ عنہ كَيْفَ كَانَتِ الضَّحَايَا فِيكُمْ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم ؟ قَالَ : كَانَ الرَّجُلُ فِيْ عَهْدِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم يُضَحِّيْ بِالشَّاةِ عَنْهُ وَ عَنْ أَهْلِ بَيْتِهِ . رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ وَالتِّرْمِذِيُّ ❸ (صحیح)

---

❶ اللؤلؤ والمرجان ، الجزء الثانی ، رقم الحدیث (1282)

❷ کتاب الحج ، باب حجة النبی صلی اللہ علیہ وسلم

❸ صحیح سنن ابن ماجة ، للالبانی ، الجزء الاول ، رقم الحدیث 2546

www.sirat-e-mustaqeem.com



حضرت عطاء بن یسار رحمہ اللہ کہتے ہیں میں نے حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں تم لوگ قربانی کس طرح کرتے تھے، تو انہوں نے کہا کہ عہد رسالت میں ہر آدمی اپنی طرف سے اور اپنے گھر والوں کی طرف سے ایک ہی قربانی دیا کرتا تھا۔'' اسے ابن ماجہ اور ترمذی نے روایت کیا ہے۔

**مَسئلہ 199 قربانی کا جانور ذبح کرنے سے پہلے ''بِسْمِ اللّٰهِ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ'' کہنا مسنون ہے۔**

عَنْ اَنَسٍ رضی اللہ عنہ قَالَ : ضَحّٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ بِكَبْشَيْنِ اَمْلَحَيْنِ اَقْرَنَيْنِ ذَبَحَهُمَا بِيَدِهٖ وَ سَمّٰى وَ كَبَّرَ . قَالَ : وَ رَاَيْتُهٗ وَاضِعًا قَدَمَهٗ عَلٰى صِفَاحِهِمَا وَ يَقُوْلُ ((بِسْمِ اللّٰهِ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ)) مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ ❶

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دو سفید اور کالے رنگ کے اور سینگوں والے مینڈھے ذبح کیے میں نے دیکھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنا پاؤں اس کی گردن پر رکھے ہوئے تھے اور ''بِسْمِ اللّٰهِ ، اَللّٰهُ اَكْبَرُ'' پڑھ کر اپنے ہاتھ سے ذبح فرما رہے تھے۔'' اسے بخاری اور مسلم نے روایت کیا ہے۔

**مَسئلہ 200 کسی دوسرے آدمی کی طرف سے قربانی کے وقت اس آدمی کا نام لینا سنت ہے۔**

عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا ......وَ اَخَذَ الْكَبْشَ فَاَضْجَعَهٗ ثُمَّ ذَبَحَهٗ ثُمَّ قَالَ ((بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ تَقَبَّلْ مِنْ مُحَمَّدٍ وَ آلِ مُحَمَّدٍ وَ مِنْ اُمَّةِ مُحَمَّدٍ ثُمَّ ضَحّٰى بِهٖ)) رَوَاهُ مُسْلِمٌ ❷

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے (کہ قربانی کے وقت) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مینڈھے کو پکڑا، اسے لٹایا پھر اسے ذبح کیا اور فرمایا ''اللہ کے نام سے، یا اللہ! محمد (صلی اللہ علیہ وسلم)، آل محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اور امت محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی طرف سے قبول فرما۔'' اسے مسلم نے روایت کیا ہے۔

---

❶ مشكوة المصابيح ، للالبانی ، الجزء الاول ، رقم الحديث 1453

❷ كتاب الاضاحی ، باب ، استحباب الضحية و ذبحها مباشرة

www.sirat-e-mustaqeem.com



**مسئلہ 201** قربانی کے جانور کو جلدی جلدی اور اچھے طریقہ سے ذبح کرنا چاہئے۔

عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ : أَمَرَ النَّبِيُّ ﷺ بِحَدِّ الشِّفَارِ وَ أَنْ تُوَارٰى عَنِ الْبَهَائِمِ وَ قَالَ ((اِذَا ذَبَحَ اَحَدُكُمْ فَلْيُجْهِزْ)) رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ ❶ (حسن)

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کہتے ہیں نبی اکرم ﷺ نے حکم دیا ہے کہ "(جب قربانی کرو تو) چھریاں خوب تیز کرو، جانور سے چھپا کر رکھو اور جب ذبح کرنے لگو تو جلدی ذبح کرو۔" اسے ابن ماجہ نے روایت کیا ہے۔

**مسئلہ 202** اونٹ کی بائیں ٹانگ باندھ کر کھڑے کھڑے ذبح کرنا چاہئے۔

عَنْ جَابِرٍ ﷛ اَنَّ النَّبِيَّ ﷺ وَ اَصْحَابَهُ كَانُوْا يَنْحَرُوْنَ الْبَدَنَةَ مَعْقُوْلَةَ الْيُسْرٰى قَائِمَةً عَلٰى مَا بَقِيَ مِنْ قَوَائِمِهَا . رَوَاهُ اَبُوْدَاؤُدَ ❷ (صحيح)

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ اور آپ ﷺ کے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اونٹ کو اس حالت میں ذبح کرتے کہ اس کا بایاں پاؤں بندھا ہوتا اور وہ باقی تین پاؤں پر کھڑا ہوتا۔" اسے ابوداؤد نے روایت کیا ہے۔

**مسئلہ 203** قربانی کے لئے ذبح شدہ جانور کے پیٹ سے نکلنے والا مردہ بچہ ذبح کئے بغیر کھانا جائز ہے۔

**مسئلہ 204** جو شخص مردہ بچہ کھانا پسند نہ کرے وہ نہ کھائے تو کوئی حرج نہیں۔

عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ ﷛ قُلْنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ ! نَنْحَرُ النَّاقَةَ وَ نَذْبَحُ الْبَقَرَةَ وَالشَّاةَ فَنَجِدُ فِيْ بَطْنِهَا الْجَنِيْنَ أَ نُلْقِيْهِ أَمْ نَاكُلُهُ ؟ قَالَ ((كُلُوْهُ اِنْ شِئْتُمْ فَاِنَّ ذَكَاتَهُ ذَكَاةُ اُمِّهِ)) رَوَاهُ اَبُوْدَاؤُدَ ❸ (صحيح)

---

❶ الترغيب والترهيب ، للالباني ، الجزء الاول ، رقم الحديث 1083

❷ كتاب المناسك ، باب كيف تنحر البدن (1767/1)

❸ كتاب الضحايا ، باب ما جاء في ذكاة الجنين

www.sirat-e-mustaqeem.com



حضرت ابو سعید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا ''یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! ہم (بعض اوقات) اونٹنی یا گائے یا بکری ذبح کرتے ہیں تو اس کے پیٹ میں (مردہ) بچہ پاتے ہیں، اسے پھینک دیں یا کھا لیں؟'' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ''اگر چاہو تو کھا لو کیونکہ اس کی ماں کو ذبح کرنا اس کو ذبح کرنا ہے۔'' اسے ابوداؤد نے روایت کیا ہے۔

وضاحت : اگر جانور ذبح کرنے کے بعد پیٹ سے زندہ بچہ نکلے تو اسے ذبح کرنا ضروری ہے۔

## مسئلہ 205 قربانی کا گوشت حسب ضرورت کھانا، صدقہ کرنا اور ذخیرہ کرنا جائز ہے۔

عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ ((اِنَّمَا نَهَيْتُكُمْ مِنْ اَجْلِ الدَّآفَةِ الَّتِيْ دَفَّتْ فَكُلُوْا وَ ادَّخِرُوْا وَ تَصَدَّقُوْا)) رَوَاهُ مُسْلِمٌ ❶

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ''میں نے تمہیں (مدینہ) میں (بعض) محتاج لوگوں کے آنے کی وجہ سے (قربانی کا گوشت ذخیرہ کرنے سے) روکا تھا لہٰذا اب کھاؤ، ذخیرہ کرو اور صدقہ کرو۔'' اسے مسلم نے روایت کیا ہے۔

وضاحت : ① قربانی کا گوشت ضرورت کے مطابق اگر کوئی سارا استعمال کرنا چاہے تو کر سکتا ہے لیکن اس سے کچھ صدقہ کرنا مستحب ہے ② گوشت کے دو یا تین مساوی حصے کر کے ایک خود رکھنا ایک رشتہ داروں میں تقسیم کرنا اور تیسرا صدقہ کرنا ضروری نہیں۔
واللہ اعلم بالصواب!

## مسئلہ 206 قربانی کے جانور سے کوئی چیز قصاب کو بطور اجرت دینا منع ہے۔

عَنْ عَلِيٍّ ﷺ قَالَ أَمَرَنِي النَّبِيُّ ﷺ اَنْ اَقُوْمَ عَلَى الْبُدْنِ وَ لاَ اُعْطِيَ عَلَيْهَا شَيْئًا فِيْ جِزَارَتِهَا. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ ❷

حضرت علی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے قربانی کے اونٹ پر (نگرانی کے لئے) کھڑا ہونے اور ذبح کرنے کے بدلے میں (قصاب کو) اس سے کچھ نہ دینے کا حکم دیا۔ اسے بخاری نے روایت کیا ہے۔

## مسئلہ 207 کانا، بیمار، لنگڑا اور بوڑھا جانور قربانی کے لئے ذبح کرنا منع ہے۔

عَنِ الْبَرَاءِ ابْنِ عَازِبٍ ﷺ قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ ((أَرْبَعٌ لاَ تَجُوْزُ فِي الْاَضَاحِيَ

❶ كتاب الاضاحي ، باب النهي عن اكل لحوم الاضاحي بعد ثلاث وانسخه
❷ كتاب الحج ، باب لا يعطي الجزار من الهدى شيئا

www.sirat-e-mustaqeem.com



أَلْعَوْرَاءُ بَيِّنٌ عَوَرُهَا وَالْمَرِيْضَةُ بَيِّنٌ مَرَضُهَا وَالْعَرْجَاءُ بَيِّنٌ ظَلْعُهَا وَالْكَسِيْرُ الَّتِيْ لاَ تُنْقِيْ ))

رَوَاهُ اَبُوْدَاوُدَ ❶ (صحیح)

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا چار قسم کے جانوروں کی قربانی جائز نہیں، کانا جانور جس کا کانا پن بالکل واضح ہو، بیمار جانور، جس کی بیماری واضح ہو اور لنگڑا جانور، جس کا لنگڑا پن واضح ہو اور بوڑھا (یا دبلا پتلا) جانور جس کی ہڈیوں میں گودا نہ ہو۔'' اسے ابوداؤد نے روایت کیا ہے۔

***

❶ کتاب الضحایا ، باب ما یکرہ من الضحایا

www.sirat-e-mustaqeem.com



# أَلْاَحَادِيْثُ الضَّعِيْفَةُ وَالْمَوْضُوْعَةُ فِي الصَّوْمِ

## روزوں کے بارہ میں ضعیف اور موضوع احادیث

① ((اِذَا كَانَ اَوَّلُ لَيْلَةٍ مِنْ شَهْرِ رَمَضَانَ نَادَى الْجَلِيْلُ رِضْوَانَ خَازِنُ الْجِنَانَ فَيَقُوْلُ : لَبَّيْكَ وَ سَعْدَيْكَ وَ فِيْهِ : أَمَرَهُ بِفَتْحِ الْجَنَّةِ وَأُمِرَ مَالِكٌ بِتَغْلِيْقِ النَّارِ))

''رمضان کی پہلی رات آتی ہے تو اللہ تعالیٰ جنت کے نگران فرشتہ ''رضوان'' کو پکارتا ہے تو وہ کہتا ہے (یا اللہ!) میں حاضر ہوں، اللہ تعالیٰ اسے جنت کھولنے کا حکم دیتے ہیں اور جہنم کے نگران فرشتہ ''مالک'' کو جہنم بند کرنے کا حکم دیتے ہیں۔''

**وضاحت :** یہ حدیث موضوع (گھڑی ہوئی) ہے۔

② اَنَّ النَّبِيَّ ﷺ قَالَ وَ قَدْ أَهَلَّ رَمَضَانَ ((لَوْ عَلِمَ الْعِبَادُ مَا فِيْ رَمَضَانَ لَعَمَنَّتْ أُمَّتِيْ اَنْ يَكُوْنَ رَمَضَانُ السَّنَةَ كُلَّهَا))

''رمضان کا چاند طلوع ہونے پر نبی اکرم ﷺ نے فرمایا ''اگر بندے رمضان کی فضیلت جان لیں تو سارا سال رمضان رہنے کی خواہش کرنے لگیں۔''

**وضاحت :** یہ حدیث موضوع ہے۔

③ ((اِذَا كَانَ اَوَّلُ لَيْلَةٍ مِنْ شَهْرِ رَمَضَانَ ، نَظَرَ اللّٰهُ اِلٰى خَلْقِهِ الصِّيَامِ ، وَاِذَا نَظَرَ اللّٰهُ اِلٰى عَبْدٍ لَمْ يُعَذِّبْهُ))

''رمضان کی پہلی راتوں میں اللہ تعالیٰ روزہ دار لوگوں پر نظر فرماتا ہے اور جب اللہ تعالیٰ کسی بندے پر نظر فرماتا ہے تو اسے عذاب نہیں کرتا۔''

**وضاحت :** یہ حدیث موضوع ہے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



④ (( اِنَّ اللّٰہَ تَبَارَکَ وَ تَعَالٰی لَیْسَ بِتَارِکٍ اَحَدًا مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ صَبِیْحَۃَ اَوَّلِ یَوْمٍ مِنْ رَمَضَانَ اِلَّا غُفِرَ لَہٗ ))

''اللہ تعالیٰ رمضان کی پہلی صبح ہی تمام مسلمانوں کو بخش دیتا ہے۔''

**وضاحت :** اس کی سند میں ایک راوی کذاب ہے۔

⑤ (( اِنَّ اللّٰہَ تَبَارَکَ وَ تَعَالٰی اُعْتِقَ فِیْ کُلِّ لَیْلَۃٍ مِنْ رَمَضَانَ عِنْدَ الْاِفْطَارِ اَلْفَ اَلْفَ عَتِیْقٍ مِنَ النَّارِ ))

''رمضان المبارک میں اللہ تعالیٰ روزانہ افطار کے وقت دس لاکھ آدمیوں کو جہنم سے آزاد کرتے ہیں۔''

**وضاحت :** یہ حدیث موضوع (من گھڑت) ہے۔

⑥ ((صُوْمُوْا تَصَحُّوْا))

''روزہ رکھو، صحت مند رہو۔''

**وضاحت :** یہ حدیث موضوع (من گھڑت) ہے۔

⑦ (( لِکُلِّ شَیْءٍ زَکَاۃٌ ، وَ زَکَاۃُ الْجَسَدِ الصَّوْمُ ))

''ہر چیز کی زکاۃ ہے اور جسم کی زکاۃ روزہ ہے۔''

**وضاحت :** یہ حدیث ضعیف ہے۔

⑧ ((ثَلَاثَۃٌ لَا یَسْأَلُوْنَ عَنْ نَعِیْمِ الْمُطْعَمِ وَالْمَشْرَبِ : اَلْمُفْطِرُ ، وَالْمُتَحَسِّرُ ، وَ صَاحِبُ الضَّیْفِ ، وَ ثَلَاثَۃٌ لَا یَسْأَلُوْنَ عَنْ سُوْءِ الْخُلُقِ : اَلْمَرِیْضُ ، وَالصَّائِمُ ، وَالْاِمَامُ الْعَادِلُ))

''تین آدمیوں سے کھانے پینے کی نعمتوں کا سوال نہیں ہوگا ① افطار کرنے والا ② سحری کھانے والا اور ③ میزبان۔ تین آدمیوں سے بداخلاقی کا حساب نہیں لیا جائے گا ① مریض ② روزہ دار اور ③ عادل حکمران۔''

**وضاحت :** اس حدیث کی ایک سند میں ایک راوی حدیثیں گھڑا کرتا تھا۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



⑨ (( مَنْ فَطَّرَ صَائِمًا عَلٰى طَعَامٍ وَ شَرَابٍ مِنْ حَلَالٍ صَلَّتْ عَلَيْهِ الْمَلٰئِكَةُ ))

''جس نے رزق حلال سے روزہ افطار کروایا اس کے لئے فرشتے رحمت کی دعائیں کرتے ہیں۔''

**وضاحت** : یہ حدیث بے بنیاد ہے۔

⑩ (( اِنَّ اللّٰهَ اَوْحٰى اِلَى الْحَفَظَةِ : أَنْ لَا تَكْتُبُوْا عَلٰى صُوَّامِ عَبِيْدِىْ بَعْدَ الْعَصْرِ سَيِّئَةً ))

''اللہ تعالیٰ کراماً کاتبین کو حکم دیتے ہیں کہ میرے روزہ دار بندوں کے عصر کے بعد کے گناہ نہ لکھے جائیں۔''

**وضاحت** : اس حدیث کی سند میں ایک راوی نا قابل اعتماد ہے۔

① (( مَنْ اَفْطَرَ عَلٰى تَمْرَةٍ مِنْ حَلَالٍ زِيْدَ فِيْ صَلَاتِهٖ أَرْبَعَ مِائَةَ صَلَاةٍ ))

''جس نے رزق حلال کی کھجور سے روزہ افطار کیا اس کی نمازوں میں چارسو نمازوں کا اضافہ کیا جائے گا۔''

**وضاحت** : اس حدیث کی سند میں ایک راوی حدیثیں گھڑا کرتا تھا۔

② (( خَمْسٌ يُفَطِّرْنَ الصَّوْمَ وَ يَنْقُضْنَ الْوُضُوْءَ : أَلْكِذْبُ ، وَالنَّمِيْمَةُ ، وَالْغِيْبَةُ ، وَالنَّظْرُ بِشَهْوَةٍ ، وَالْيَمِيْنُ الْكَاذِبَةُ))

''پانچ چیزیں روزہ اور وضو توڑ دیتی ہیں ① جھوٹ ② چغلی ③ غیبت ④ شہوت کی نظر اور ⑤ جھوٹی قسم۔''

**وضاحت** : اس حدیث کی سند میں ایک راوی کذاب ہے۔

③ ((مَنْ أَفْطَرَ يَوْمًا مِنْ رَمَضَانَ فَلْيُهْدِ بَدَنَةً . فَاِنْ لَمْ يَجِدْ فَلْيُطْعِمْ ثَلَاثَ صَاعًا مِنْ تَمْرٍ ، الْمَسَاكِيْنَ))

''جس نے رمضان کا ایک روزہ ترک کیا وہ ایک اونٹ کی قربانی دے، جو قربانی نہ دے سکے وہ تین صاع (یعنی 75 کلوگرام) کھجوریں مسکینوں میں تقسیم کرے۔''

**وضاحت** : اس حدیث ایک راوی کذاب ہے۔

(( مَنْ أَفْطَرَ يَوْمًا مِنْ رَمَضَانَ مِنْ غَيْرِ رُخْصَةٍ وَلَا عُذْرٍ ، كَانَ عَلَيْهِ اَنْ يَصُوْمَ ثَلَاثِيْنَ يَوْمًا ، وَمَنْ أَفْطَرَ يَوْمَيْنِ كَانَ عَلَيْهِ سِتُّوْنَ ، وَمَنْ أَفْطَرَ ثَلَاثًا كَانَ عَلَيْهِ تِسْعُوْنَ يَوْمًا))

www.sirat-e-mustaqeem.com



’جس نے رمضان کا ایک روزہ بلا عذر ترک کیا وہ اس کے بدلے میں تیس روزے رکھے، جس نے دو روزے چھوڑے وہ ساٹھ روزے رکھے اور جس نے تین روزے رکھے وہ نوے دن کے روزے رکھے۔‘‘

**وضاحت** : یہ حدیث بے ثبوت ہے۔

⑮ (( صُمِ الْبِيْضَ ،اَوَّلُ يَوْمَ يَعْدِلُ ثَلاَثَةَ آلاَفِ سَنَةٍ وَالْيَوْمُ الثَّانِيْ يَعْدِلُ عَشْرَةَ آلاَفِ سَنَةٍ ، وَالْيَوْمُ الثَّالِثُ يَعْدِلُ عِشْرِيْنَ أَلْفَ سَنَةٍ))

’’ایام بیض (چاند کی 15/14/13 تاریخ کے دن) کے روزے رکھے پہلے دن کی روزہ کا ثواب تین ہزار سال کے برابر ہے۔ دوسرے دن کا ثواب دس ہزار سال کے برابر ہے اور تیسرے دن کا ثواب بیس ہزار سال کے برابر ہے۔‘‘

**وضاحت** : اس حدیث کی سند میں ایک راوی حدیثیں گھڑا کرتا تھا۔

⑯ (( رَجَبُ شَهْرُ اللّٰهِ ، وَ شَعْبَانُ شَهْرِىْ ، وَ رَمَضَانُ شَهْرُ اُمَّتِىْ ، فَمَنْ صَامَ مِنْ رَجَبٍ يَوْمَيْنِ ، فَلَهُ مِنَ الْاَجْرِ ضِعْفَانِ ، وَ وَزَنُ كُلِّ ضِعْفٍ مِثْلُ جِبَالَ الدُّنْيَا))

’’رجب اللہ کا مہینہ ہے، شعبان میرا مہینہ ہے اور رمضان میری امت کا مہینہ ہے جس نے رجب کے دو روزے رکھے اس کے لئے دگنا اجر ہے اور ایک گنا کا وزن دنیا کے ایک پہاڑ کے برابر ہے۔‘‘

**نوٹ** : مندرجہ بالا تمام موضوع احادیث امام شوکانی رحمہ اللہ کی کتاب ’’الفوائد المجموعہ فی الا حادیث الموضوعہ‘‘ سے نقل کی گئی ہیں۔ مزید تفصیل کے لئے مذکورہ بالا کتاب دیکھی جاسکتی ہے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



❀❀❀

أَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ بِنِعْمَتِهٖ تَتِمُّ الصَّالِحَاتُ وَ أَلْفُ أَلْفِ صَلاةٍ وَسَلامٌ عَلٰی أَفْضَلِ الْبَرِيَّاتِ وَ عَلٰی آلِهٖ وَ أَصْحَابِهٖ أَجْمَعِيْنَ بِرَحْمَتِکَ يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ

❀❀❀